HBL

# شرائط وضوابط

HBL CreditCard

111-111-425 | www.hbl.com | HBL Mobile | Konnect by HBL

مزید معلومات کے لئے 111-111-425 پر رابطہ کریں یا
ہماری ویب سائٹ www.hbl.com سے رجوع کریں۔

HBL HABIB BANK حبیب بینک

## HBL CreditCard شرائط وضوابط

### 1۔ تعریفیں

**درخواست/ ہدایت** سے مراد ایسی کوئی عرضداشت، ہدایت یا درخواست ہے جو کہ کارڈ ممبر کی جانب سے دی جائے (لیکن صرف انہی تک محدود نہیں) بلکہ بینک کی جانب سے وضع کردہ طریقہ کے تحت دی گئی درخواست، پیغام، ٹیلی فون کے ذریعہ رابطہ، ای میل، سیلولر فون کے ذریعہ بھیجا جانے والا الیکٹرونک پیغام، زبانی ہدایت اور/ یا مواصلات کا کوئی اور ذریعہ جس کے تحت کارڈ کے اجراء کی درخواست کی گئی ہو اور/ یا بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والی کسی اور سہولت (سہولتوں)، خدمت (خدمات) کے حصول کی درخواست کی گئی ہو، جو کہ فراہم کی جاتی ہیں بشمول (لیکن صرف انہی تک محدود نہیں) بیلنس کی منتقلی، HBL Installment Plan (HIP) سے مستفید ہونا یا ٹرانزیکشن کو HIP میں بدلنا، کیش ایڈوانس، تھرڈ پارٹی کو ادائیگی یا درج ذیل کے تحت کئے گئے کسی انتظام کے باعث ہونے والی کسی ٹرانزیکشن کو مکمل کرنے کی درخواست شامل ہے۔

**ایسوسی ایشن (ایسوسی ایشنز)** سے مراد Visa یا Mastercard ایسوسی ایشن ہے۔

**ATM** سے مراد آٹومیٹڈ ٹیلر مشین (مشینیں) یا کوئی دیگر کارڈ کے ذریعہ چلنے والی مشین (مشینیں)، آلات مراد ہیں خواہ وہ بینک کی ملکیت ہوں یا شریک بینکوں یا مالی اداروں یا دیگر اداروں یا Visa کارڈ گلوبل ATM نیٹ ورک سے منسلک ہوں، یا ان کے منسلکہ نیٹ ورک کا حصہ ہوں، جو بھی صورتحال ہو، جن میں ٹرانزیکشنز کے لئے کارڈ استعمال کیا جاتا ہو۔

**ATM PIN** سے مراد کارڈ ممبر یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کی جانب سے منتخب کردہ پرسنل آڈینٹی فیکیشن کے نمبر کا اجراء ہے، جس کے ذریعے کارڈ ممبر یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر اپنے کارڈ کو ATM سے کیش ایڈوانس اور/ یا کارڈ ٹرانزیکشن کے حصول کے لئے استعمال کرسکتے ہیں۔

**بینک** سے مراد حبیب بینک لمیٹڈ ہے۔

**کارڈ** سے مراد HBL CreditCard یا دیگر کوئی کارڈ (لیکن صرف انہی تک محدود نہیں) بلکہ شریک برانڈ کے کارڈز، ای کارڈ، ڈیبٹ کارڈ، ثانوی/سپلیمنٹری کارڈز جو کہ وقتاً فوقتاً بینک کی جانب سے کارڈ ممبر کو جاری کئے گئے ہوں اور ان میں سپلیمنٹری اور بعد میں جاری کئے گئے کارڈ، تجدید کئے گئے اور متبادل کارڈز، اگر کوئی ہوں شامل ہیں، اگر اس کی بصورت دیگر وضاحت نہ کی گئی ہو۔

**کارڈ اکاؤنٹ** سے مراد HBL CreditCard اکاؤنٹ، یا ایسا کوئی اکاؤنٹ ہے جو کہ کارڈ (کارڈز) سے متعلق ہو، جو کہ HBL کی جانب سے جاری کئے جائیں،



جو بھی صورتحال ہو، جو بینک کی جانب سے کھولے گئے ہوں اور جن کا مقصد اکاؤنٹ سے یا اس کے لئے ہونے والے وصولی/ چارجز کا اندراج ہو یا ان وصولیوں کا اندراج ہو جو کہ کارڈ ممبر یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کے اکاؤنٹ میں موصول ہوں (اگر کوئی ہوں) ان شرائط وضوابط کے تحت جن میں بشمول کسی حد کے بغیر، کسی کیش ایڈوانس اور/ یا چارجز اور/ یا کارڈ ٹرانزیکشن یا دیگر کسی اور وجہ کے باعث سامنے آنے والی ادائیگی کی ذمہ داری، کارڈ ممبر کی ہوگی۔

**کارڈ ممبر** سے مراد ایسا فرد جس کو بینک کی جانب سے کارڈ جاری کیا گیا ہو یا جس کی درخواست/ ہدایت پر کارڈ سپلیمنٹری کارڈ ممبر (اگر کوئی ہو) کو جاری کیا جاتا ہے۔

**ٹرانزیکشنز/ کارڈ ٹرانزیکشنز** سے مراد ایسی کوئی ادائیگی یا کیش ایڈوانس، کارڈ اکاؤنٹ سے منہا کی جانے والی کوئی رقم یا دیگر کوئی رقم جو کہ بینک یا کسی فروخت کنندہ کی جانب سے اشیاء کی خریداری، خدمات کی فراہمی یا دیگر فوائد کے لئے لی جائے (لیکن صرف انہی تک ہی محدود نہیں) بلکہ رہائش اور سفری سہولیات، خواہ کارڈ ممبر نے ان کا استعمال کیا ہو یا نہیں، اور یہ کہ یہ کارڈ کے ذریعہ یا اس کے استعمال کے باعث، یا کارڈ نمبر یا PIN یا پھر کارڈ ممبر کی جانب سے کسی اور طریقہ استعمال کے باعث سامنے آئیں (بشمول لیکن صرف انہی تک محدود نہیں) بلکہ خطوط، ٹیلی فون یا Facsimile، ای میل، الیکٹرونک پیغام یا رابطہ کے کسی اور ذریعہ کے تحت جس کا حکم، اجازت، ہدایت، کارڈ ممبر کی جانب سے دی گئی ہو یا یہ سمجھا جائے کہ اس کی اجازت کارڈ ممبر نے دی ہے، اس بات سے قطع نظر کہ کارڈ ہولڈر نے سیلز یا کیش ایڈوانس یا دیگر کوئی واؤچر یا فارم دستخط کیا ہو۔

**کیش ایڈوانس** سے مراد بینک کی جانب سے یا کسی شریک بینک یا مالی ادارے یا ATM سے کسی بھی کرنسی میں دی جانے والی رقم ہے، خواہ یہ کیش میں ہو یا بینک منیجر کی جانب سے اس کیش ایڈوانس کی رقم کے لئے چیک جاری کیا گیا ہو جو کہ کارڈ ممبر کی ہدایت پر کیش ایڈوانس کی سہولت اور/ یا کسی اور دیگر صورت میں کارڈ ممبر کو ادا کی جائے۔

**چارجز** سے مراد ایسی رقوم ہیں جن کی ادائیگی ان شرائط وضوابط کے تحت کارڈ ممبر کو بینک کو ادا کرنا ہوں (لیکن صرف انہی تک محدود نہیں) بلکہ ان میں تمام کارڈ ٹرانزیکشنز، سالانہ ممبرشپ اور سروس چارجز، دیگر فیسوں/ چارجز، نقصانات اور ہرجانے، کارڈ کے اجراء یا استعمال یا کارڈ ممبر کی جانب سے ان شرائط وضوابط کی خلاف ورزی، یا بینک کی جانب سے ان شرائط وضوابط کے تحت اپنے حقوق کے نفاذ یا ان کے نفاذ کی کوشش کے باعث بینک کو ہونے والے تمام نقصانات کے لئے عائد کئے جانے والی رقوم بھی ان میں شامل ہیں۔

**HBL Contact Centre** سے مراد کال سینٹر (سینٹرز) کے ذریعہ فراہم کی جانے والی کسٹمر/ بینکنگ سروسز ہیں جن کا بینک بندوبست کرے یا چلائے اور جو

کارڈممبر کو فراہم کی جائیں (لیکن صرف انہی تک محدود نہیں) بلکہ کارڈممبر اور کسٹمرز کی جانب سے ہدایات کی وصولی اور کارڈ اور دیگر کنزیومر بینکنگ سے متعلق خدمات کی فراہمی ہے۔

**TPIN** سے مراد ٹیلی فون پرسنل آئی ڈینٹی فکیشن نمبر ہے جو کہ کارڈممبر کو جاری کیا گیا ہو یا جن کا انتخاب کارڈممبر نے کیا ہو اور جس کا مقصد کارڈممبر کو اس بات کی سہولت فراہم کرنا ہے کہ وہ HBL Contact Centre کو/ٹرانزیکشن/ٹرانزیکشنز کے لئے بذریعہ HBL Contact Centre ہدایات دے سکیں یا دیگر سہولیات اور خدمات سے استفادہ کر سکیں۔

**موجودہ بیلنس** سے مراد کارڈ اکاؤنٹ پر مجموعی واجب الادا رقم ہے جو کہ کارڈممبر کو بینک کو ادا کرنا ہے یا وہ رقم ہے جو کہ کارڈ اکاؤنٹ پر کریڈٹ بیلنس کی صورت میں موجود ہے، جو بھی صورتحال ہو، جو کہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کی تاریخ پر بینک کے ریکارڈ کے مطابق ہو اور جس میں تمام چارجز اور واجب الادا رقوم شامل ہوں۔

**کریڈٹ کی حد** سے مراد بینک کی جانب سے کارڈ اکاؤنٹ پر دی جانے والی زیادہ سے زیادہ ڈیبٹ بیلنس کی حد ہے جو کہ متعلقہ کارڈ کے لئے ہو، اگر کوئی ہوں، اور جس کے بارے میں بینک وقتاً فوقتاً کارڈممبر کو آگاہ کرے۔

**اختتام کی تاریخ** سے مراد بینک کی جانب سے کارڈ پر دی گئی استعمال کی آخری تاریخ ہے۔

**ذمہ داریاں** سے مراد کوئی ایک یا وہ تمام رقوم ہیں جو کہ کارڈممبر کی جانب سے بینک کو واجب الادا ہیں۔ (علاوہ چارجز) بشمول ہر قسم کے ایکس چینج یا دیگر پریمیئمز، فیس، درآمدی ڈیوٹیز اور کسی بھی قسم اور/یا رقم کے محصول جیسا کہ کم از کم ادائیگی فیس، بعداز معیاد/تاخیر سے ادائیگی کی فیس، کیش ایڈوانس اور دیگر متعلقہ فیسوں/چارجز کی مساوی ماہانہ ادائیگیاں، اسٹیمپ ڈیوٹیز، ایکسائز یا دیگر ٹیکسز جو کہ ایڈوانس یا کریڈٹ یا فنانس یا بصورت دیگر حصول پر عائد ہوں اور وہ نقصانات جو کہ بینک کو ہوتے ہوں یا بینک کو جن کا سامنا کرنا پڑا ہو، اگر کوئی ہوں، جو کہ کسی حکومتی اقدام یا پالیسیوں کے باعث ہوں، جن کے باعث کارڈممبر فارن کرنسی چارجز کی واپسی سے قاصر ہو اور مزید بشمول بغیر کسی حد کے، جرمانے، اخراجات، ہرجانے (خواہ لیکوڈیٹڈ ہوں یا دیگر) اور قانونی اخراجات، ادائیگی کی فیس جو کہ کسی درخواست اور/یا اس کے نفاذ کے باعث سامنے آئیں اس میں شامل ہیں۔

**مرچنٹ** سے مراد ایسا شخص/ادارہ ہے جو کہ اشیاء کی فراہمی اور/یا خدمات اور/یا دیگر فوائد کی فراہمی سے منسلک ہو اور جو کہ کارڈ یا کارڈ نمبروں کو ادائیگی یا انہیں مخصوص کرنے



کے لئے کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر کی جانب سے کارڈ ٹرانزیکشن کے دوران قبول کرے۔

**کم از کم ادائیگی کی رقم** سے مراد موجودہ بیلنس کا 5%، یا بینک کی خالصتاً اپنی صوابدید کے مطابق، اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج رقم ہے۔ اس کے علاوہ اگر بینک یہ سمجھے کہ اگر کسی سابقہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کی کم از کم قابل ادائیگی رقم کارڈممبر کی جانب سے جمع نہیں کرائی گئی یا کارڈ اکاؤنٹ میں مذکور کریڈٹ کی حد سے زیادہ رقم نکال لی گئی ہو تو بھی بینک اسے وصول کرنے کا مجاز ہوگا۔ کم از کم قابل ادائیگی رقم میں HBL Installment Plan یا مساوی ماہانہ اقساط کی ادائیگیاں شامل نہیں ہیں۔ یہ ادائیگیاں اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ پر علیحدہ سے درج ہوں گی یا اس بارے میں بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً دی گئی ہدایات کی پابندی کارڈممبر پر لازم ہوگی۔

**مہینے** سے مراد عیسوی کلینڈر کا مہینہ ہے۔

**ادائیگی کی تاریخ** سے مراد ادائیگی کی وہ آخری تاریخ ہے جس تاریخ تک کارڈممبر کو کرنٹ بیلنس یا اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج کم از کم قابل ادائیگی رقم کو جمع کرانا لازم ہوتا ہے۔

**روپیہ** سے مراد ان شرائط وضوابط کے تحت پاکستانی کرنسی روپیہ ہے۔

**شیڈول آف چارجز** سے مراد وہ دستاویز ہے جس میں سروس چارجز، دیگر چارجز دیگر فیس (فیسیں) جن کی ادائیگی واجب ہے (لیکن صرف ان تک محدود نہیں) بلکہ کارڈ، کارڈ ٹرانزیکشن اور/یا کارڈ اکاؤنٹ پر، جن کے بارے میں وقتاً فوقتاً بینک کی جانب سے کارڈ ہولڈر کو آگاہ کیا جائے یہ شیڈول بینک کی شاخوں اور اسکی ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہے۔ یہ شیڈول آف چارجز ان شرائط وضوابط کا ایک حصہ ہوگا۔

**HBL Installment Plan** سے مراد کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر کی جانب سے اشیاء خدمات اور/یا کیش ایڈوانس کے لئے دستیاب کریڈٹ کی حد کے اندر خریداری اور اس کے مساوی ماہانہ اقساط میں ادائیگی ہے جس کے لیے کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر دستیاب کریڈٹ کی حد کو استعمال کرتا ہے اور کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط اور HIP کی شرائط و ضوابط کے مطابق یکساں ماہانہ اقساط میں ٹرانزیکشن کی رقم واپس کرتا ہے جیسا کہ یہاں منسلک ہے۔

**اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ** سے مراد بینک کی جانب سے ماہانہ یا دیگر عرصہ کے لئے کارڈممبر کو جاری کیا جانے والا اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ ہے جس میں موجودہ بیلنس، کارڈ اکاؤنٹ پر ادائیگی کی آخری تاریخ تک کم از کم ادائیگی کی رقم کا تذکرہ ہو اور جہاں اطلاق ہو ماہانہ قسط (اقساط) جو کہ HBL Installment Plan کے تحت بینک کو ادا کی جانی ہو، بھی درج ہو، اس کے ساتھ ساتھ اس پر چارجز اور دیگر بقایاجات، جیسی بھی صورتحال ہو، کے بارے میں مختصراً بتایا گیا ہو۔

**سروس چارجز** سے مراد وہ فیس ہے جو بینک نے عائد کی ہو اور جس کا تذکرہ شیڈول آف چارجز میں کیا گیا ہو اور جس کی ادائیگی کارڈ اکاؤنٹ کے ضمن میں بقایاجات اور دیگر رقوم کے لئے کارڈممبر کو بینک کو کرنا ہو۔ بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ شیڈول آف چارجز میں مذکور، ان سروس چارجز کو کارڈممبر کو نوٹس دے کر تبدیل کردے اور شیڈول آف چارجز میں ہونے والی ایسی کسی بھی تبدیلی کو تصور کیا جائے گا کہ اس بارے میں کارڈممبر کو آگاہ کردیا گیا ہے۔

**سپلیمنٹری کارڈ** سے مراد Supplementary HBL CreditCard اور/ یا بینک کی جانب سے جاری کیا جانے والا دیگر کوئی کارڈ ہے جو کہ کارڈممبر کی درخواست/ ہدایت پر سپلیمنٹری کارڈممبر کو جاری کیا جائے اور اس میں بعد میں جاری کئے جانے والے تجدید کارڈز (Renewed Cards) اور متبادل کارڈز شامل ہوں گے۔ اگر کوئی ہوں، جب تک کہ اس بارے میں دیگر طریقے سے وضاحت نہ کردی گئی ہو۔

**سپلیمنٹری کارڈممبر** سے مراد ایسا شخص ہے جسے سپلیمنٹری کارڈ جاری کیا گیا ہو۔

**تاریخ استعمال** سے مراد بینک کی جانب سے کارڈ پر درج کی جانے والی تاریخ ہے۔

**یو ایس ڈالر** سے مراد ریاست ہائے متحدہ امریکہ کی کرنسی ہے۔

ان شرائط وضوابط میں درج ذیل شرائط شامل ہوں گی اگر اس کے برعکس وضاحت نہ کی گئی ہو:

i- جہاں صرف واحد کا صیغہ استعمال کیا گیا ہے اس میں جمع کا صیغہ بھی تصور ہوگا اور اس کے برعکس بھی ایسا ہی ہوگا۔

ii- کارڈممبر کو کسی ریفرنس کی صورت میں، جہاں دستاویز اجازت دے، کوئی یا تمام وارثین، عمل درآمد کرنے والے، منتظمین اور فوائد میں شریک جانشین بھی شامل ہوں گے۔

iii- مختلف شرائط کی سرخیوں کو ان شرائط وضوابط کی تشریح یا تشکیل کے لئے استعمال نہیں کیا جائے گا۔

## 2- کارڈ کی وصولی

2.1 کارڈممبر کی درخواست/ ہدایت صرف ایک پیشکش ہوگی اور بینک کو کلی طور پر یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اسے قبول کرے اور اس صورت میں یہ پیش کش اور بینک کی قبولیت درج کی گئی شرائط وضوابط کے تابع ہوں گی۔ بینک کی جانب سے کارڈممبر کی درخواست منظور کرنے اور کارڈ جاری کئے جانے کی صورت میں ان شرائط وضوابط کے تحت کارڈ ممبر اپنے ذاتی بلنگ پتے پر بذریعہ کوریئر AOR (اعترافی رسید) وصول کرسکتا ہے۔ کوریئر کے ذریعے کارڈممبر کو کارڈ بھیجے جانے پر اس کی تمام تر ذمہ داری کارڈممبر پر عائد ہوگی اس



کے علاوہ تمام تجدید کئے اور متبادل فراہم کئے گئے کارڈ، کارڈممبر کو اس کے بلنگ کے آخری معلوم پتہ پر بھیجے جائیں گے اور ان کی ذمہ داری بھی مکمل طور پر کارڈ ہولڈر پر عائد ہوگی۔

2.2 کارڈممبر کی طرف سے اس کی وصولی کے بعد کارڈ کو برقرار رکھنا یا استعمال کرنا، ان شرائط و ضوابط کو کارڈممبر کی قبولیت کی تصدیق کے طور پر سمجھا جائے گا تاہم اگر کارڈممبر اس معاہدے میں دی گئی شرائط وضوابط سے متفق نہ ہو تو وہ اپنے کارڈ کو مقناطیسی پٹی/ (چپ) درمیان سے دو حصوں میں کاٹ کر فوری طور پر واپس بینک بھیج سکتا/ سکتی ہے۔

2.3 کارڈ کے ذریعہ کسی ٹرانزیکشن کے لئے، یا اسے فعال کرنے کے لئے، بینک اپنی صوابدید کے تحت، کارڈممبر کو اس بات کا پابند کرسکتا ہے کہ وہ بذریعہ ٹیلی فون یا ابلاغ کے کسی دیگر ذریعہ سے جس کی بینک صراحت کرے، کارڈ کے استعمال/ فعال بنانے کے لئے اس ضمن میں کئے گئے معاہدے سے متعلق رابطہ کرے۔

2.4 کارڈممبر اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتا اور یقین دہانی کراتا ہے، کہ سپلیمنٹری کارڈممبر نے ان شرائط وضوابط، شیڈول آف چارجز اور ان میں وقتاً فوقتاً کی جانے والی ترامیم کا بغور مطالعہ کرلیا اور انہیں سمجھ لیا ہے کیونکہ کارڈممبر، سپلیمنٹری کارڈممبر کی جانب سے سپلیمنٹری کارڈ کے استعمال اور اس کے نتیجے میں عائد ہونے والے چارجز کی ادائیگی کا ذمہ دار ہے۔

## 3- کارڈ کے استعمال پر پابندیاں

3.1 یہ کارڈ ناقابل منتقلی ہے اور کارڈممبر (یا قانونی طور پر مجاز سپلیمنٹری کارڈممبر) کے علاوہ کوئی بھی شخص (کارڈممبر بھی کسی اور شخص کو اسے استعمال کی اجازت نہیں دے گا) نہ ہی کارڈ کو چارجز اور/ یا کارڈ ٹرانزیکشن یا شناخت اور نہ ہی دیگر کسی مقصد کے لئے استعمال کرنے کا مجاز ہوگا۔ کارڈممبر اپنے کارڈ کو استعمال کی تاریخ سے قبل یا اختتام کی مدت کے بعد استعمال نہیں کرے گا۔

3.2 کارڈممبر اپنے کارڈ اور سپلیمنٹری کارڈ کی حفاظت کا مکمل طور پر ذمہ دار ہوگا۔ کارڈ کی گمشدگی، چوری یا اسے کسی غیر مجاز شخص کو دینے کی صورت میں ان شرائط وضوابط کے تحت کارڈممبر ذمہ دار ہوگا اور درج بالا صورتوں میں ہونے والے چارجز کی ادائیگی کا پابند ہوگا، علاوہ اس صورت کہ کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر نے اپنے کارڈ کی چوری، گمشدگی یا کسی غیر مجاز شخص کے حوالے کئے جانے کی اطلاع فوری طور پر بینک کو دے دی ہو، جس کے نتیجے میں بینک نے اس کارڈ کو منجمد یا بند کردیا ہو۔

3.3 کارڈممبر ان شرائط وضوابط کے تابع ہوگا اور تمام چارجز، دیگر ذمہ داریوں اور دیگر اخراجات، یا ہرجانے کا ذمہ دار ہوگا اور وہ اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتا ہے کہ کارڈ

ٹرانزیکشن کے لئے کارڈ صرف کارڈممبر ہی (یا کسی مجاز سپلیمنٹری کارڈممبر) کے استعمال میں رہے گا اور اس سے بینک، مالی اداروں، دیگر شریک بینک یا فروخت کنندہ کی جانب سے وقتاً فوقتاً فراہم کی جانے والی سہولیات، فوائد اور خدمات کے حصول اور استعمال کے لئے کام میں لائے گا۔ بینک کو اس بات کا بھی اختیار ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت اپنی صوابدید کے مطابق کارڈممبر کے علم میں لاکر یا لائے بغیر ایسی کارڈ ٹرانزیکشن کی اجازت دے جو کارڈممبر کی کریڈٹ کی حد سے زیادہ ہو۔ اگر کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر کریڈٹ کی حد سے تجاوز کرنے کا سبب بنتا ہے تو، ایسی صورت میں بینک کے حقوق اور تلافی کے حق کو متاثر کئے بغیر، کارڈممبر کریڈٹ کی حد سے زیادہ اخراجات کی فوری ادائیگی کا پابند ہوگا۔

3.4 قطع نظر اس کے کہ کارڈممبر کی کریڈٹ کی حد سے زیادہ رقم خرچ نہ ہوئی ہو، بینک کو مکمل اختیار ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت پیشگی نوٹس دے کر اور وجہ بتا کر اور کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈ کی جوابدہی کو متاثر کئے بغیر کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر کے کارڈ کے استعمال کی سہولت واپس لے لے یا اس کے استعمال کا حق محدود کردے یا بینک کی جانب یہاں بیان کی گئی شرائط وضوابط کی خلاف ورزی پر کسی کارڈ ٹرانزیکشن کی اجازت دینے سے انکار کردے یا کریڈٹ کی حد کو بڑھا/ یا گھٹا دے یا کارڈممبر کو حاصل فوائد یا سہولیات میں ترمیم کردے یا انہیں ختم کردے۔ بینک یہ اقدامات تمام کارڈممبران کے لئے یا کسی مخصوص کارڈممبر کے لئے کرنے کا مجاز ہے۔

3.5 کارڈممبر بینک کو فراہم کی جانے والی معلومات یا درخواست فارم میں درج کئے گئے کوائف میں کسی قسم کی تبدیلی یا متوقع تبدیلی کی صورت میں فوری طور پر بینک کو مطلع کرے گا اور یہ کہ کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر بالترتیب اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتے ہیں کہ وہ بینک درخواست فارم میں درج معلومات جو کہ بینک کو ان کی جانب سے فراہم کی گئی ہیں، میں کسی بھی تبدیلی یا ممکنہ تبدیلی سے بینک کو فوری طور پر آگاہ کریں گے اور بالترتیب اس بات کا بھی اقرار کرتے ہیں کہ وہ بینک کی جانب سے طلب کئے جانے پر دیگر معلومات، دستاویزات اور کوائف کی فراہمی کے پابند ہوں گے اور درج ذیل صورتوں کے ہونے یا ممکنہ طور پر پیش آنے کی صورت میں (جو بھی پہلے واقع ہو) کارڈممبر فوری طور پر دونوں صورتوں میں بینک کو مطلع کرے گا جو کہ ان شرائط وضوابط سے متعلق ہوں اور جن کے باعث وہ کارڈممبر بنا تھا/تھی بشمول (لیکن صرف انہی تک محدود نہیں) بلکہ ؛

i- کارڈممبر نے مستقل طور پر پاکستان سے باہر رہنے کا ارادہ کرلیا ہو۔

ii- کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر کی جانب سے درخواست میں دی گئی معلومات یا کوائف میں تبدیلی ہوئی ہو یا وقتاً فوقتاً بینک کو فراہم کی جانے والی معلومات یا کوائف تبدیل ہوگئے ہوں بشمول کارڈممبر کے رہائشی یا دفتری پتہ میں تبدیلی یا اس کی ملازمت یا عہدے کی تبدیلی، جو بھی صورت ہو۔



3.6 i- کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر اپنے کارڈ یا سپلیمنٹری کارڈ کا ایسا استعمال نہیں کریں گے اور نہ کسی تھرڈ پارٹی کو کارڈ یا سپلیمنٹری کارڈ کے استعمال کی اجازت کسی بھی صورت میں دیں گے جس کی قانون کے تحت ممانعت ہو بشمول بغیر کسی حد کے جوا کھیلنے کے لئے استعمال کرپٹو کرنسی یا ورچوئل کرنسی ایکسچینج اور بینک کو مکمل اختیار حاصل ہوگا کہ وہ اس قسم کی ٹرانزیکشن کی اجازت نہ دے جو کہ کسی حد کے بغیر ہوں، بشمول ایسی ٹرانزیکشن جو کہ انٹرنیٹ/ویب سائٹ کے ذریعے یا کسی اور ذریعہ کے استعمال سے کی جائیں۔

ii- کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر کارڈ یا سپلیمنٹری کارڈ کا ایسا استعمال کریں یا کسی تھرڈ پارٹی کو کارڈ یا سپلیمنٹری کارڈ کے ذریعہ ایسی ٹرانزیکشن کی اجازت دیں جو کہ خلاف قانون ہو، یا جس کی شق (i)3.6 میں ممانعت کی گئی ہو تو کارڈممبر، سپلیمنٹری کارڈممبر یا تھرڈ پارٹی جیسی بھی صورت ہو، جس نے کارڈ یا سپلیمنٹری کارڈ کو خلاف قانون یا دیگر طرح سے ٹرانزیکشن کے لئے استعمال کیا ہو تو وہی کلی طور پر کارڈ یا سپلیمنٹری کارڈ کے خلاف قانون استعمال/ٹرانزیکشن کا ذمہ دار ہوگا۔ بینک کو کسی بھی صورت یا کارڈ یا سپلیمنٹری کارڈ کے خلاف قانون استعمال/ٹرانزیکشن کے باعث پیدا ہونے والی صورتحال کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جائے گا نہ ہی اس کی کوئی ذمہ داری ہوگی۔ کارڈ یا سپلیمنٹری کارڈ کے خلاف قانون یا دیگر طرح کے استعمال کے باعث اگر بینک کو کسی قسم کے نقصان، اخراجات یا ہرجانہ کا سامنا کرنا پڑا تو کارڈممبر اور/ یا سپلیمنٹری کارڈممبر ایسے نقصان کے اخراجات یا ہرجانہ کی مکمل رقم فوری طور پر بینک کو ادا کرنے کے پابند ہوں گے اس کے ساتھ ہی بینک کسی نوٹس یا ذمہ داری کے بغیر کارڈممبر اور کوئی بھی متعلقہ سپلیمنٹری کارڈممبرز کی ممبر شپ بھی فوری طور پر ختم کرنے کا مجاز ہوگا۔

3.7 کارڈ ہر وقت بینک کی ملکیت ہے اور رہے گا۔ کارڈممبر اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتا ہے کہ وہ وقتاً فوقتاً فراہم کی جانے والی کیش ایڈوانس کی سہولت اور دیگر سہولیات اور فوائد کے استعمال پر عائد شرائط وضوابط کا ہر صورت میں پابند رہے گا اور وہ ان میں ان ترامیم کا بھی پابند ہوگا جو بینک اپنی صوابدید کے مطابق وقتاً فوقتاً کرے گا۔

3.8 بینک اس بات کا بھی کلی طور پر مجاز ہوگا کہ یہاں مذکورہ شرائط وضوابط کی خلاف ورزی پر مبنی کارڈ ٹرانزیکشن کی کوئی وجہ بتائے بغیر کارڈ استعمال کرنے کی اجازت نہ دے۔ کارڈممبر کی سیکورٹی اور فراڈ کی روک تھام کے لئے بینک اس بات کا مجاز ہوگا کہ ٹرانزیکشنز اور/ یا کسی مخصوص فروخت کنندہ کی کیٹگری پر خرچ کی جانے والی رقم کو محدود کردے۔ ایسی صورت میں مقرر کی گئی حد سے زیادہ رقم کی ابتدائی طور پر اجازت نہیں دی جائے گی جب تک کارڈممبر سے اس رقم کی اجازت نہ لے لی جائے۔ مزید یہ کہ بینک کو اس بات کا بھی اختیار ہوگا کہ وہ کسی شہر یا ملک میں کارڈممبر کو فراہم کی جانے والی سہولیات وخدمات کی فراہمی روک دے بشمول اس ملک (ممالک) کے جس پر اسلامی جمہوریہ پاکستان اور/ یا کسی اور عالمی ادارے/تنظیم کے قوانین اور قواعد وضوابط کے تحت اقتصادی پابندیاں عائد ہوں یا کی جانے والی ہوں۔ یہ کارڈممبر کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ کسی بیرون ملک سفر کرنے سے قبل بینک کو مطلع

کرے تاکہ یہ معلوم ہو سکے کہ بینک کارڈ سے متعلق خدمات اس ملک (ممالک) میں فراہم کر رہا ہے جہاں کارڈممبر جانے کا ارادہ رکھتا/رکھتی ہے۔

3.9 کارڈممبر اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ اس کے کریڈٹ کارڈ اور پرسنل لون کی سہولت جو اس بینک یا کسی دوسرے مالی ادارے سے لیا گیا ہو پر مجموعی رقم کسی بھی صورت میں 3,000,000 روپے سے نہیں بڑھے گی یا یہ اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقررہ کی گئی حد سے زیادہ نہیں ہو گی۔

3.10 کارڈ صرف ذاتی استعمال میں لایا جائے گا۔ اور کسی قسم کی مشکوک سرگرمی مثلاً رئیل اسٹیٹ یا سرمایہ کاری کی مارکیٹوں میں استعمال نہیں کیا جائے گا۔

3.11 کریڈٹ کارڈ صرف ذاتی ٹرانزیکشنز کے لئے استعمال کیا جا سکتا ہے اور کارڈممبر نہ ہی خود اور نا ہی سپلیمنٹری کارڈممبر کو اپنے ذاتی کریڈٹ کارڈ پر کسی تیسرے فریق کو ٹرانزیکشنز کرنے کی اجازت نہیں دے سکتا، اس کے علاوہ کارڈممبر اپنے ذاتی کریڈٹ کارڈ پر کاروباری ٹرانزیکشنز بھی نہیں کر سکتا/سکتی۔ مزید یہ کہ کارڈممبر اپنے کریڈٹ کارڈ اکاؤنٹ میں کُل مقررہ حد سے زیادہ رقم جمع کرانے کا مجاز نہیں ہے۔

## 4۔ کارڈ اکاؤنٹ

4.1 بینک ان شرائط وضوابط کے تحت کارڈ اکاؤنٹ سے چارجز اور واجب الادا رقم یا کوئی اور اخراجات، خرچے جو کہ کارڈممبر کے ذمہ ہوں یا اس پر واجب الادا ہوں، کٹوتی کرنے کا مجاز ہو گا خواہ جن حالات میں بھی ٹرانزیکشن ہوئی ہو یا کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر نے جو بھی ہدایات دی ہوں اور کارڈممبر اس بات کا پابند ہو گا اور وہ اوپر شق 3.2 میں مذکور صورتحال میں خرچ ہونے والی تمام رقم کی ادائیگی کا بینک کو پابند ہو گا اس کے علاوہ بینک ان تمام نقصانات اور خساروں کو وصول کرنے کا بھی مجاز ہو گا جو کہ بینک کو ہوں یا جن کا نقصان بینک کو کارڈ کے اجراء یا استعمال کے باعث یا اس سے متعلق ہوا ہو (یا کوئی قانونی ذمہ داری سے بریت جو کہ یہاں یا دیگر صورتحال میں دی گئی ہو) یا پھر کارڈممبر کی جانب سے شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کے باعث سامنے آئیں۔

4.2 بینک تمام نان یو ایس ڈالر چارجز کی رقوم کو (علاوہ روپے میں کی گئی ٹرانزیکشنز کے) جو کہ کارڈممبر اور/یا سپلیمنٹری کارڈممبر کی جانب سے ہوں یا کارڈ ٹرانزیکشنز کے باعث سامنے آئیں، اوپن مارکیٹ کی فعال شرح کے مطابق امریکی ڈالر میں تبدیل کرے گا اور یہ تبدیلی اس دن ہو گی جب کارڈ اکاؤنٹ سے کارڈ ٹرانزیکشن یا ذمہ داری کی رقم منہا کی جائے گی، یا پھر کسی ایسی دیگر تاریخ کو جو کہ بینک کے قوانین کے مطابق لاگو ہو یا ان کی غیر موجودگی میں بینک کے معمول کے قواعد کے مطابق تبدیل کی گئی رقم کارڈ اکاؤنٹ سے منہا کر لی جائے گی۔ کارڈممبر ایسوسی ایشن کی جانب سے وقتاً فوقتاً عائد کی گئی فیس (فیسیں) اور چارج (چارجز) کی بینک کو ادائیگی کا پابند ہو گا بشمول (لیکن صرف انہی تک محدود نہیں) بیرون ملک کی گئی کارڈ ٹرانزیکشن (ٹرانزیکشنز) کارڈممبر اور سپلیمنٹری



کارڈممبر کو بینک کی جانب سے عائد کئے گئے اوپن مارکیٹ کے ایکس چینج ریٹ کے بارے میں کسی قسم کے سوال یا بحث یا چارہ جوئی کے حق سے دستبردار ہو گا۔

4.3 بینک تمام اصلی اور/یا تبدیل کئے گئے یو ایس ڈالر چارجز کی رقوم کو (مثلاً نان یو ایس ڈالر چارجز جو کہ شق 4.2 میں مذکور ہیں) کو روپیہ میں تبدیل کرے گا جو کہ کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر کی جانب سے چارجز یا کارڈ ٹرانزیکشن کے باعث یا اس سے متعلق سامنے آئیں گے۔ یہ تبدیلی بینک کے متعلقہ قوانین کے تحت اوپن مارکیٹ کے ایکس چینج ریٹ کے تحت عمل میں آئے گی یا ان کی غیر موجودگی میں بینک کے معمول کے قواعد کے تحت ہو گی۔

4.4 مرکزی کارڈممبر کارڈ اکاؤنٹ سے منہا کی گئی تمام رقوم کی بینک کو ادائیگی کا پابند ہو گا خصوصاً ذیل میں مذکور شق 8 کے تحت جیسا کہ بیان کیا گیا ہے۔

4.5 کارڈممبر ناقابل تنسیخ طور پر بینک کو اس بات کا اختیار اور اجازت دیتا ہے کہ بینک جس طرح چاہے ایسے لوکل کرنسی اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کھولے۔

4.5.1 ایسی صورت میں کوئی چیک بکس جاری نہیں کی جائیں گی اور کارڈممبر اس میں موجود کوئی کریڈٹ بیلنس نکالنے کا مجاز نہیں ہو گا، لیکن ایسے کوئی کریڈٹ بیلنس (علاوہ شق 4.5-1 میں مذکورا کاؤنٹ کھولنے کی ابتدائی رقم کے) کو کارڈممبر کے بقایاجات کی وصولی کے لئے استعمال کیا جائے بشمول (لیکن صرف اسی تک محدود نہیں) وہ چارجز اور ذمہ داریاں جو کہ آئندہ کے بلوں کے عرصہ میں سامنے آئیں گی۔

4.5.2 روپیہ اور فارن کرنسی/اکاؤنٹ کے کریڈٹ بیلنس پر کسی بھی وقت کسی قسم کا منافع یا معاوضہ نہیں دیا جائے گا نہ ہی اس پر لاگو ہو گا۔

4.5.3 بینک اپنی صوابدید کے مطابق کسی وقت ایسے اکاؤنٹس کے بارے میں اپنی ذمہ داریوں سے سبکدوش ہو سکتا ہے اس کے لئے بینک کارڈممبر کی فائل پر موجود اس کے معلوم پتہ پر خط لکھ کر اور اکاؤنٹ میں موجود رقم کا ڈرافٹ بنا کر جو کہ کارڈممبر کی ہدایت پر قابل ادائیگی ہو، ایسا کر سکتا ہے بینک کو یہ بھی اختیار ہو گا کہ وہ ایسے اکاؤنٹس سے، اگر سمجھے تو، کسی قسم کے دعوے کی رقم کی کٹوتی بھی کر لے۔

4.5.4 کارڈممبر کی جانب سے کھولے جانے والے تمام اکاؤنٹس ان شرائط وضوابط کے تابع ہوں گے اور ان پر بینک کے برانچ بینکنگ قوانین کا بھی اطلاق ہو گا۔

## 5۔ ادائیگی

5.1 اکاؤنٹ میں ڈیبٹ بیلنس کی صورت میں بینک ہر ماہ کارڈممبر (کارڈممبرز) کو کارڈممبر کے آخری معلوم پتہ پر یا ریکارڈ میں موجود ان کے بلنگ کے پتہ پر اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ بھیجے گا اور ڈیبٹ کی صورت میں کارڈممبر ادائیگی کی آخری تاریخ سے قبل کم از کم قابل ادائیگی رقم (واضح فنڈز میں) اور ماہانہ مساوی انسٹالمینٹ، جن کا یہاں تذکرہ کیا

گیا ہے، جمع کرائے گا اگر ایسی ادائیگی چیک سے کی جائے تو ادائیگی کی آخری تاریخ سے 3 روز قبل چیک جمع کرانا ضروری ہے تاکہ مقررہ تاریخ تک چیک کیش کیا جاسکے۔

5.2 ایسی صورت میں اگر بینک کسی بھی وجہ کے باعث کارڈممبر کو اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ بھیجنے سے قاصر رہے یا کارڈممبر کو کسی وجہ سے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ موصول نہ ہو تو بینک کارڈممبر کو جوابدہ نہیں ہوگا اور اس صورت میں بھی ان شرائط وضوابط کے تحت کارڈممبر پر لاگو چارجز اور ذمہ داریاں اور دیگر اخراجات اور لاگت عائد رہیں گے اور وہ ان سے بری الذمہ نہیں ہوگا اور یہ ادائیگی کی تاریخ تک جو کہ بینک مقرر کرے گا اسی طرح کارڈممبر پر عائد رہیں گے۔ کسی بھی وجہ سے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ موصول نہ ہونے کی صورت میں کارڈممبر کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ فوری طور پر HBL Contact Centre سے رابطہ کرے۔

5.3 اگر کارڈممبر متعلقہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کے تحت کارڈ اکاؤنٹ پر موجودہ بقایاجات کی مکمل ادائیگی اس ضمن میں مقرر کی گئی آخری تاریخ یا اس سے قبل کردیتا ہے اور شق 6.2 جو کہ ذیل میں دی گئی ہے کے تحت درکار سروس چارجز اور دیگر فیس جو کہ کیش ایڈوانس پر قابل ادائیگی ہوں، تو بینک اس سے سروس چارجز وصول نہیں کرے گا۔

5.4 اگر کوئی کارڈممبر ادائیگی کی آخری تاریخ سے قبل کم ازکم قابل ادائیگی رقم یا موجودہ بیلنس سے کم رقم جمع کرادے تو پھر تمام ریٹیل ٹرانزیکشنز کے لئے جو کہ اس ادائیگی کے تحت آئی ہوئی ہوں، سروس چارجز ٹرانزیکشن کی تاریخ سے ادائیگی کی تاریخ تک وصول کئے جائیں۔ ایسی ریٹیل ٹرانزیکشنز جو کہ اس ادائیگی کے تحت نہیں آتیں ان کے سروس چارجز ٹرانزیکشن کی تاریخ سے اگلے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ تک کے عرصہ کے لئے عائد ہوں گے۔ کارڈممبر اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتا ہے کہ وہ سروس چارجز (جو کہ بینک وقتاً فوقتاً بینک چارجز کے شیڈول یا کارڈممبر کو تحریری نوٹس کے ذریعہ) جو کہ ہرماہ کارڈممبر کو ادا کرنا ہوں، باقاعدگی سے ادا کرے گا۔

**سروس چارجز کے تخمینہ کی مثال**

درج ذیل مثالیں صرف سروس چارجز کا تخمینہ لگانے کے طریقہ کار کے لئے بیان کی جارہی ہیں اور بینک اس بات کا اختیار رکھتا ہے کہ وہ بینک کے قوانین کے مطابق کارڈ ممبر کو نوٹس دے کر سروس چارجز میں کسی قسم کی تبدیلی کرسکتا ہے:

**مفروضی تخمینہ**

- بلنگ کی تاریخ ہرماہ کی 5 تاریخ ہے
- 21 دن کے بعد ادائیگی کی تاریخ ہرماہ کی 26 تاریخ ہوگی
- کم ازکم قابل ادائیگی رقم 500 روپے یا 5% ہوگی (جو بھی زیادہ ہو)
- ان مثالوں کے لئے سروس چارجز 3.5% فی صد ماہانہ ہوں گے (تنخواہ دار کسٹمرز کے لئے)

مثال نمبر 1

| | تاریخ | رقم |
|---|---|---|
| ریٹیل ٹرانزیکشن | یکم نومبر 2022 | -/10,000 روپے |
| ادائیگی | 26 نومبر 2022 | -/10,000 روپے |

| | |
|---|---|
| سروس چارجز جو اگلے اسٹیٹمنٹ کی تاریخ یعنی **5 دسمبر 2022** کو عائد ہوں گے۔ | صفر |



مثال نمبر 2

| | تاریخ | رقم |
|---|---|---|
| ریٹیل ٹرانزیکشن | یکم نومبر 2022 | -/10,000 روپے |
| ادائیگی | 26 نومبر 2022 | -/500 روپے |

| | |
|---|---|
| سروس چارجز جو اگلے اسٹیٹمنٹ کی تاریخ یعنی **5 دسمبر 2022** کو عائد ہوں گے۔ | -/10,000 روپے x (3.5 % فی 30 دن) = -/11.67 روپے x 25 دن = -/291.75 روپے<br>-/9,500 روپے x (3.5 % فی 30 دن) = -/11.08 روپے x 10 دن = -/110.80 روپے<br>-/402.55 روپے |

5.5 اگر کارڈممبر مقررہ تاریخ سے پہلے یا اس تک کم ازکم قابل ادائیگی رقم اور/ یا مساوی ماہانہ قسط جمع کرنے سے قاصر رہتا ہے تو وہ اس بات کا اقرار کرتا ہے کہ واجب الادا بقایاجات کے علاوہ بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً مقرر کردہ تاخیر سے رقم کی ادائیگی کی فیس بھی ادا کرے گا جو کہ بینک کے شیڈول آف چارجز کے تحت تحریری نوٹس کے ذریعہ مقررہ عرصہ کے لئے اس کے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج کی جائے گی۔

5.6 اگر کارڈممبر پہلے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج کم ازکم قابل ادائیگی رقم جمع کرانے سے قاصر رہا تو کارڈممبر بینک کے حقوق کو متاثر کئے بغیر بینک کو موجودہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج کم ازکم قابل ادائیگی رقم کے ساتھ ساتھ تمام بقایاجات جو کم ازکم ادائیگی کی رقم کی صورت میں جو کہ پچھلی مدت کے لئے اس پر واجب الادا ہیں، جمع کرانے کا پابند ہوگا اس کے ساتھ ساتھ وہ اس بات کا بھی پابند ہوگا کہ اس عرصہ کے دوران تاخیر سے ادائیگی کا جرمانہ، کیش ایڈوانس یا دیگر فیس جو کہ اس سے متعلق ہوں یا اخراجات اور لاگت، جو کہ اس کے موجودہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج ہیں، مقررہ تاریخ تک جمع کرائے۔ اگر کارڈممبر بینک کی تحریری اجازت کے بغیر اپنی کریڈٹ کی حد سے تجاوز کرتا ہے تو وہ اس بات کا پابند ہوگا کہ بینک کے مطالبہ یا ایک مقررہ مدت کے دوران جمع کرائے گا جو کہ کسی بھی طرح 30 دن سے زیادہ نہیں ہوگی، حد سے زیادہ خرچ کی گئی رقم اور اس سے متعلقہ اخراجات اور لاگت بھی کارڈممبر بینک کو جمع کرائے گا۔

5.7 کارڈممبر کی جانب سے تمام رقوم پاکستانی روپے میں جمع کرائی جائیں گی اس کے ساتھ ساتھ روپیہ کرنسی کے علاوہ ہونے والے چارجز جو کہ کارڈممبر کی طرف واجب الادا ہوں، ان کے لئے وہ بینک کو ناقابل تنسیخ اختیار دیتا ہے کہ وہ کارڈممبر کے بینک کے پاس موجود لوکل کرنسی اکاؤنٹ سے رقم منہا کرے اور ان میں موجود رقم کو استعمال کرے اور/ یا ایسے اقدام اٹھائے جو بینک ضروری یا مناسب سمجھے جن کا مقصد کارڈممبر کی جانب سے ایسے اکاؤنٹ کو چلانا ہو ان اقدامات میں مجاز منی چینجرز سے غیرملکی کرنسی کی خرید اور/ یا مساوی متبادل کرنسی تبدیلی کی دستاویز جس کی قانون کے تحت اجازت ہو اور اس کے تحت کارڈممبر کے ایسے لوکل کرنسی اکاؤنٹ سے رقم منہا کرے جو کہ شق 4.5 کے تحت یا دیگر طریقہ سے کھولا گیا ہو (یہ صرف کارڈممبر کے اپنے خطرے، اخراجات اور لاگت پر کیا جائے گا) جس کا مقصد غیرروپیہ چارجز، ذمہ داریوں، اخراجات اور لاگت جو کہ

اس ضمن میں کیے گئے ہوں کی وصولی ہے (فارن ایکس چینج ٹرانز یکشنز کے لئے تبادلے کی شرح اوپن مارکیٹ میں تبادلے کی شرح ہوگی اور یہ ٹرانزیکشن ہونے کی تاریخ سے طے کی جائے گی) ایسی صورت میں اگر حکومت پاکستان کسی بھی وقت مجاز منی چینجرز کے ذریعہ روپیہ کی غیر ملکی کرنسی میں تبدیلی پر پابندی عائد کردے تو کارڈممبر تمام غیر روپیہ چارجز اس وقت مارکیٹ میں تبدیلی کی شرح کے مطابق روپیہ میں بینک کو ادائیگی کا پابند ہوگا۔

5.8 ایسی صورت میں کہ اگر موجودہ یا دیگر اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج رقم کی ادائیگی کے لئے کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر یا کسی دیگر پارٹی کی جانب سے بینک کو دیا گیا کوئی چیک یا ادائیگی کی دیگر ہدایت/حکم کسی بھی وجہ کے باعث مسترد ہو جائے تو بینک کارڈ پر واجب الادا رقم کے علاوہ ادائیگی مسترد ہونے/ چیک واپسی فیس بھی عائد اور منہا کرنے کا مجاز ہوگا۔ درج ذیل صورتوں میں یہ سمجھا جائے گا کہ ادائیگی مسترد ہوئی ہے۔

i- بینک کو کارڈممبر یا کسی تھرڈ پارٹی کی جانب سے وصول ہونے والا چیک (چیکس) ڈرافٹ (ڈرافٹس) یا ادائیگی کی کوئی اور دستاویز جس پر پوری طرح ادائیگی نہ ہو سکے یا

ii- کارڈممبر یا کسی تھرڈ پارٹی کی جانب سے بینک یا کسی دیگر مالی ادارے/ بینک کو ڈائریکٹ ڈیبٹ سے کی جانے والی ایسی ادائیگی جو اس کے بینک اکاؤنٹ میں مطلوبہ رقم موجود نہ ہونے کے باعث مکمل طور پر ادا نہ ہو سکے۔ بہر حال ادائیگی مسترد ہونے/ چیک واپسی فیس کی ادائیگی بھی کارڈممبر کو اس کے خلاف ایسی ادائیگی کرنے کے لئے قانون کے مطابق کی جانے والی کارروائی سے اسے بری الذمہ نہیں کرتی۔

5.9 کارڈممبر کی جانب سے بینک کو موصول ہونے والی ادائیگیاں غیر ادا شدہ فیسوں، کیش ایڈوانس، چارجز، ذمہ داریوں، HIP اور دیگر اخراجات اور لاگت جو کہ گذشتہ اور موجودہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں مندرج کے لئے، درج ذیل ترجیح یا بینک کی اپنی صوابدید کے مطابق استعمال کی جائیں گی:

i- گذشتہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج سروس چارجز اور دیگر فیسوں کی ادائیگی کے لئے ذیل میں دی گئی شق 5.13-1 میں ان سروس چارجز اور دیگر فیسوں کا تذکرہ کیا گیا ہے جن کی ادائیگی کارڈممبر کو کرنا لازم ہے۔

ii- گذشتہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج کارڈ ٹرانزیکشنز کے بقایاجات کی رقم کی ادائیگی کے لئے۔

iii- موجودہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج کارڈ ٹرانزیکشنز کے بقایاجات کی رقم کی ادائیگی کے لئے۔

IV- ٹرانزیکشنز کی ایسی رقم کی ادائیگی کے لئے جو موجودہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ پر درج نہیں۔



تمام ادائیگیاں اور کریڈٹس بجز اس کے بینک کی جانب سے دیگر طرح سے وضاحت نہ کی ہو، بینک کی جانب سے سب سے پہلے کارڈ اکاؤنٹ میں سب سے پرانے بقایاجات کی ادائیگی کے لئے لاگو کیا جائے گا۔

5.10 کارڈممبر کے خلاف بینک کے حقوق اس کی جانب قابل ادائیگی رقم یا تمام رقوم خواہ اصل ہوں یا دیگر یا مشترک ہوں یا دیگر کسی بھی طرح متاثر نہیں ہوں گے نہ ان کے خلاف کوئی اندازہ لگایا جا سکے گا اور نہ ان کے خلاف کوئی امتیاز برتا جا سکے گا اور یہ رقم یا رقوم کارڈممبر کے انتقال، دیوالیہ ہونے یا ہوش وحواس کھو دینے پر فوری طور پر قابل ادائیگی ہو جائے گی اور کارڈممبر فوری طور پر تمام کارڈ درمیان سے دو حصوں میں کاٹ کر بینک کو واپس کرنے کا پابند ہوگا اور تمام بقایاجات کی ادائیگی مرکزی کارڈممبر کی ذمہ داری ہوگی۔

5.11 بینک کو مکمل طور پر یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت کارڈممبر کو جاری کئے گئے کارڈ کی واپسی/ کارڈ اکاؤنٹ کی تمام رقوم کی ادائیگی کا مطالبہ کرے جس کے لئے اسے پیشگی نوٹس کے ذریعہ وجوہات کے بارے میں بتایا جائے گا۔ بینک کی جانب سے اس اقدام کے لئے یہ ضروری نہیں کہ کارڈممبران شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کا مرتکب ہوا ہو۔ بینک اپنی صوابدید پر کارڈممبر کی کسی ذمہ داری کے بغیر کسی بھی وقت ایسا مطالبہ کر سکتا ہے۔

5.12 بینک صرف کارڈ اکاؤنٹ کے لئے موصول ہونے والی رقم جو کہ کارڈ ٹرانزیکشن یا کسی ادائیگی کے ضمن میں ہو، صرف اپنے قواعد وضوابط اور معمول کی بینکاری سرگرمیوں کو مدنظر رکھتے ہوئے جمع کرنے کی اجازت دے گا۔ کوئی بھی ری فنڈ، ادائیگی یا کریڈٹ اس وقت تک کارڈممبر کو نہیں دیا جائے گا جب تک کارڈممبر کے کارڈ اکاؤنٹ پر عائد چارجز اور دیگر ذمہ داریوں کی مکمل طور پر ادائیگی نہ ہو جائے۔

5.13.1 بشمول لیکن حد کے ساتھ، درج ذیل چارجز وقتاً فوقتاً کارڈممبر پر عائد کئے جائیں گے جو کہ یا تو شیڈول آف چارجز کے ذریعہ ہوں گے، جو کہ HBL کی تمام شاخوں پر دستیاب ہے یا پھر ان کے بارے میں تحریری نوٹس کے ذریعہ کارڈممبر کو بتایا جائے گا:

- شمولیت کی فیس
- سالانہ فیس
- سپلیمنٹری کارڈ کی سالانہ فیس
- سروس چارجز (ریٹیل اور کیش ایڈوانس)
- کیش ایڈوانس اجراء فیس
- تاخیر سے ادائیگی فیس
- واپس ہونے والے چیک کی فیس

- کریڈٹ شیلٹر کے انشورنس چارجز
- واؤچر بازیابی فیس
- کیش پے منٹ فیس
- اسٹیٹمنٹ آف کارڈ اکاؤنٹ کے اجراء کی خصوصی درخواست کی فیس جو کہ 6 ماہ سے کم عرصہ کے لئے ہو۔
- چیک/کیش گھر آ کر وصول کرنے کی فیس
- ڈائریکٹ ڈیبٹ مسترد ہونے کی فیس
- کارڈ کی تبدیلی کی فیس
- یوٹیلیٹی بلوں کی ادائیگی فیس
- فارن ٹرانزیکشنز چارجز
- اکاؤنٹ کی دیکھ بھال فیس
- متنازعہ ٹرانزیکشنز کے لئے ثالثی فیس
- HBL Installment Plan (HIP) سروس چارجز
- HBL Installment Plan (HIP) پروسیسنگ چارجز
- انسٹالمنٹ پلان کی جلد ادائیگی کے چارجز فیس (فیسیں)/ چارج (چارجز جو کہ ایسوسی ایشن (ایسوسی ایشنز) نے عائد کئے ہوں۔

5.13.2 یہ بینک کا مکمل اختیار ہوگا کہ وہ اضافی چارجز اور فیسوں میں تبدیلی پر عمل درآمد کے لیے کارڈ ممبر کو تیس (30) دن پہلے تحریری نوٹس دے

5.14 عدم ادائیگی اور تاخیر سے ادائیگی کے جرمانوں سے بچنے کے لئے کارڈ ممبر کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ اپنے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ پر درج ادائیگی کی آخری تاریخ کا بغور مطالعہ کرے کیونکہ کارڈ ممبر کی ادائیگی نے معمول کو مدِ نظر رکھتے ہوئے ادائیگی کی مقررہ تاریخ میں تبدیلی کی جا سکتی ہے۔ ہر ماہ کے دوران کریڈٹ کے مساوی دنوں کے لئے ذیل میں دی گئی ادائیگی کی دو مختلف تاریخوں کا اطلاق ہو سکتا ہے:

i- اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج تمام بقایا جات کی ادائیگی یا

ii- کم از کم اور جزوی رقم کی ادائیگی اور بقایا رقم کا اگلے ماہ (مہینوں) تک التواء۔

اگر کارڈ ممبر اپنی ادائیگی کے معمول کو (i) سے (ii) یا اس کے برعکس تبدیلی کرتا ہے تو اس کی ادائیگی کی آخری تاریخ تبدیل ہو سکتی ہے۔ کارڈ ممبر کی جانب سے ادائیگی کے معمول کے باعث اگلے ماہ کے لئے اس کی ادائیگی کی تاریخ تبدیل ہو سکتی ہے۔

5.15 بینک اس بات کو یقینی بنائے گا کہ ادائیگی کی آخری تاریخ اتوار کو یا دیگر ایسی سرکاری چھٹیوں کی مقرر نہ کی جائے جن کا دارومدار چاند کے نظر آنے پر ہے۔ اگر ایسی کوئی صورتحال پیش آئی تو کارڈ ممبر کے مفاد کا ہر ممکن خیال رکھا جائے گا۔



## 6۔ کیش ایڈوانس

6.1 اگر بینک نے کارڈ ممبر اور/ یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کو کارڈ کے ذریعہ وقتاً فوقتاً کیش ایڈوانس دینے کی منظوری دی ہو تو وہ بینک کی جانب سے اس ضمن میں مقرر کی گئی حد کے اندر رقم کو بینک کے کاؤنٹرز، شریک بینکوں کے کاؤنٹرز، دیگر مالی اداروں یا اے ٹی ایم مشینوں پر جو کارڈ قبول کرتی ہوں، استعمال کر سکتا ہے۔

6.2 بینک اس ضمن میں کیش ایڈوانس سروس چارجز (جو کہ بینک وقتاً فوقتاً شیڈول آف بینک چارجز یا کارڈ ممبر کو بذریعہ تحریری نوٹس کے ذریعہ مناسب سمجھے گا) ہر کیش ایڈوانس پر کیش ایڈوانس کے حصول سے اس کی مکمل ادائیگی تک کے حصول کے لئے وصول کرے گا۔ اس کے علاوہ کارڈ ممبر کو کیش ایڈوانس فیس بھی ادا کرنا ہوگی۔ جیسی بھی صورتحال ہو، جو بینک، دیگر شریک بینکوں یا مالی اداروں یا ATM سے جو کارڈ قبول کرتی ہیں سے کیش ایڈوانس کے حصول پر اس فیس کی ادائیگی لازمی ہوگی۔

6.3 کیش ایڈوانس کے ضمن میں بقایا جات کی مدت سے قبل ادائیگی کی صورت میں HBL Installment Plan پری پے منٹ چارجز بھی کارڈ ممبر کو ادا کرنا ہوں گے جن کا وقتاً فوقتاً تذکرہ شیڈول آف چارجز میں کیا جائے گا۔ کیش ایڈوانس کے بقایا جات کی جلد ادائیگی کی صورت میں کارڈ ممبر کو تمام قابل ادائیگی رقم بقایا اقساط کے ذریعہ مکمل طور پر ادا کرنا ہوگی۔

6.4 کارڈ ممبر کی درخواست/ ہدایت پر بینک کیش ایڈوانس کے عوض کارڈ ممبر کو بقایا جات کی ذمہ داری کے لئے بیمہ کی سہولت فراہم کرے گا (بشمول سپلیمنٹری کارڈ ممبر) جو کہ سراسر کارڈ ممبر کی درخواست/ ہدایت پر دی جائے گی۔

6.5 کارڈ ممبر اس بات کا اقرار اور عہد کرتا ہے کہ بینک سے کیش ایڈوانس اور دیگر طرح سے حاصل کئے جانے والے فنڈز/ رقم کو کسی بھی صورت میں کسی کمپنی (کمپنیوں) کے ابتدائی عوامی پیشکش (IPO) دیئے جانے والے حصص کی خریداری کے لئے استعمال نہیں کرے گا اور نہ ہی کسی ایسے مقصد کے لئے جن کے لاگو قوانین اور ضوابط کے مطابق ممانعت ہو۔ قابلِ اطلاق قوانین اور ضوابط کی تعمیل کرنا کارڈ ممبر کی ذمہ داری ہے۔

## 6A۔ معاہدے کا ثبوت

کارڈ ممبر اس بات کا اقرار کرتا ہے اور تسلیم کرتا ہے کہ بینک کے کھاتے/ اکاؤنٹس کے آڈیو ٹیپس جس میں کارڈ ممبر کی درخواست/ ہدایت بذریعہ HBL Contact Centre، ای میلز، مائیکرو فلمز، ٹیلیکس، Facsimile، مینجرز چیک/ دستاویز جو کہ کارڈ ممبر کے نام پر جاری کئے گئے ہوں اور اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ اور بینک کے دیگر ریکارڈ میں موجود کوائف کارڈ ممبر اور بینک کے مابین معاہدے کے تعلقات میں موثر، قابل تعمیل، حتمی اور خاص ثبوت تصور ہوں گے اور انہیں کارڈ ممبر کے ٹرانزیکشنز چارجز جو کہ ان شرائط وضوابط

کے تحت ہوں میں بھی حتمی ثبوت تصور کیا جائے گا تاوقتیکہ اس بارے میں کوئی مزید ٹھوس ثبوت فراہم نہ کیا جائے۔

## 7۔ کارڈممبر کی ذمہ داریوں کے لئے سیکورٹی

7.1 کارڈممبر بطور مرکزی قرض خواہ اس بات کی ذمہ داری اور ضمانت دیتا ہے کہ وہ اپنے اوپر واجب الادا رقم اور سپلیمنٹری کارڈممبر پر واجب الادا تمام رقوم بشمول ہر طرح کے چارجز اور بقایاجات اور دیگر ہر طرح کی لاگت اور اخراجات بینک کو ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔ کارڈممبر اس بات کا بھی اقرار کرتا ہے کہ بینک اپنی کلی صوابدید کے مطابق سپلیمنٹری کارڈ ممبر کے بقایاجات میں تبدیلی یا استثنیٰ، کارڈممبر کی بطور ضامن ذمہ داری کو ختم، منسوخ یا بری الذمہ قرار دیئے بغیر کر سکتا ہے اور جب تک کارڈممبر سپلیمنٹری کارڈممبر پر واجب الادا تمام بقایاجات کی بینک کو ادائیگی نہیں کرتا تو وہ اس ضمن میں کسی قسم کے کسی دعوے یا کسی کے مقابل ثبوت یا کسی تصفیہ یا حق کے حصول کا حق دار نہیں ہوگا۔

7.2 کارڈممبر اس بات پر بھی رضامندی کا اظہار کرتا ہے کہ غیر ادا شدہ بقایاجات کی وصولی کے لئے بینک کا کوئی نمائندہ، لاگو ہونے والے قانون اور ضابطے کے مطابق کارڈممبر سے وصولی کے لیے اُسے فون کر سکتا ہے یا اُس سے ملاقات کر سکتا ہے ۔

## 8۔ سپلیمنٹری کارڈ

8.1 کارڈممبر کی درخواست/ہدایت پر بینک کارڈممبر کی جانب سے نامزد کردہ کسی بھی شخص کو سپلیمنٹری کارڈ جاری کر سکتا ہے۔ تمام سپلیمنٹری کارڈ بشمول تجدید کے لئے اور متبادل کارڈز، کارڈممبر کے آخری معلوم پتہ پر اوپر بیان کی گئی شق نمبر 2.1 کے مطابق کارڈممبر کی ذمہ داری پر روانہ کئے جائیں گے۔ اگر کسی سپلیمنٹری کارڈممبر کو کارڈ جاری کیا جائے گا تو کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر مشترکہ طور پر اور الگ الگ ان شرائط وضوابط کے تابع ہوں گے جبکہ مرکزی کارڈممبر ان شرائط وضوابط کی کسی خلاف ورزی کی صورت میں بینک کو جوبدہ ہوگا اور وہ کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر پر عائد تمام چارجز اور ذمہ داریوں، دیگر اخراجات اور لاگت جو انہوں نے کئے ہوں یا ان پر واجب الادا ہوں، کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا، کارڈممبر کو فراہم کئے جانے والے کریڈٹ کی حد میں سپلیمنٹری کارڈممبر کے کریڈٹ کی حد بھی شامل ہے اور کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر کسی بھی صورت اپنے متعلقہ کارڈ پر چارجز کو اس حد سے بڑھنے نہیں دیں گے۔

8.2 کارڈممبر کی جانب سے بینک کو دی جانے والی ضمانتیں، ذمہ داریاں اور فرائض اور یہاں بیان کئے گئے بینک کے حقوق کسی بھی صورت میں کسی تنازعہ یا جوابی دعوے اور کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر کے مابین تصفیہ کے باعث متاثر نہیں رہیں گے۔ اوپر بیان کی گئی شق نمبر 1 . 7 کے مطابق کارڈممبر ہی سپلیمنٹری کارڈممبر کے تمام چارجز اور ذمہ داریوں کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔ (سپلیمنٹری کارڈممبر کی قانونی معذوری یا نااہلی بھی اس



میں رکاوٹ نہیں بنے گی) جس کے باعث وہ دوسری صورت میں ایسی ذمہ داریوں سے بری الذمہ ہوجاتا، سپلیمنٹری کارڈممبر پر واجب الادا کسی رقم کی سپلیمنٹری کارڈممبر کی قانونی معذوری یا نااہلی کے باعث عدم ادائیگی اور/یا اس کی جانب سے ان شرائط و ضوابط کی خلاف ورزی کی صورت میں ہونے والے تعلقات، نقصانات، ذمہ داریوں، اخراجات اور لاگت سے خواہ قانونی ہوں یا دوسری طرح کے جو بینک کو ادا کرنا پڑے ہوں یا جن کا بینک کو نقصان ہوا ہو، سے بینک کو بری الذمہ قرار دیتا ہے۔

8.3 کارڈممبر کی جانب سے ادا کی گئی کسی بھی رقم کو شق نمبر 5 کے تحت کارڈ اکاؤنٹ کے بقایاجات کی ادائیگی کے لئے استعمال کیا جائے گا لیکن مرکزی کارڈممبر کارڈ اکاؤنٹ کے بقایاجات کی رقم (رقوم) کی ادائیگی کا پابند رہے گا۔

## 9۔ پرسنل آئیڈینٹی فیکیشن نمبر (PIN)

بینک کارڈممبر کو ایک پرسنل آئیڈینٹی فیکیشن نمبر جاری کرے گا جو کہ وہ کسی بینک کے کاؤنٹر، یا ATM یا HBL Contact Centre کے لئے جہاں کارڈ قبول کیا جاتا ہو، استعمال کر سکے گا۔ کارڈممبر اس بات کی رضامندی دیتا ہے کہ:

i- TPIN/ATM، HBL Contact Centre کے ذریعہ کارڈممبر کو اس کی اپنی ذمہ داری پر فراہم کی جائے گی۔

ii- کارڈممبر کسی کو بھی اپنی PIN سے آگاہ نہیں کرے گا اور تمام احتیاطی تدابیر اختیار کرے گا تاکہ اس بارے میں کسی کو علم نہ ہو سکے۔ اور؛

iii- شق نمبر 10.2 کے تحت کارڈممبر اس کی PIN کے ذریعے حاصل کئے جانے والے تمام کیش ایڈوانس اور کارڈ ٹرانزیکشنز کا مکمل طور پر ذمہ دار ہوگا خواہ یہ کیش ایڈوانس اور کارڈ ٹرانزیکشنز اس کے علم میں ہوں یا نہ ہوں اور/یا اُس کی اجازت کے بغیر ہوں۔

## 10۔ کارڈ کی گمشدگی/PIN کا افشا ہونا

10.1 کارڈممبر یا سپلیمنٹری کارڈممبر کسی بھی صورت میں اپنا کارڈ کسی تیسرے فرد کے حوالے نہیں کریں گے۔ اگر کارڈ گم یا چوری ہوجاتا ہے یا ATM PIN/TPIN کسی بھی طرح تیسرے شخص کو معلوم ہوجاتی ہے یا کارڈممبر اپنا کارڈ کسی تیسرے شخص کے حوالے کر دیتا ہے تو کارڈممبر پر لازم ہوگا کہ فوری طور پر ایسی چوری، گمشدگی اور PIN کے افشا ہونے کے بارے میں ان کے نمبروں کی تفصیل کے ساتھ فوری طور پر بینک کو مطلع کرے گا۔ اور بینک سے درخواست کرے گا کہ اس کے کارڈ اکاؤنٹ کو بند یا منجمد کر دیا جائے۔ اگر کارڈممبر اس شق میں درج طریقہ پر عملدرآمد میں تاخیر کرتا ہے اور/یا ناکام رہتا ہے تو اس کی مکمل ذمہ داری کارڈممبر پر عائد ہوگی۔ اگر کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر اس شق میں کئے گئے طریقہ پر عملدرآمد پر ناکام رہے تو تمام چارجز، ذمہ داریوں اور نقصانات جو کہ کارڈ اور/یا ATM/TPIN کی گمشدگی/یا چوری سے قبل ہوئے ہوں، وہ ان کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔

10.2 کارڈممبراس پر بھی رضامندی کا اظہار کرتا ہے کہ بینک کو تمام غیر مجاز چارجز اور/یا کیش ایڈوانسز کی وصولی کا حق حاصل ہوگا۔ لیکن ایسی صورت میں کارڈممبر ایسے چارجز اور/یا کیش ایڈوانسز کی ادائیگی کا ذمہ دار نہیں ہوگا جو کہ اس کی جانب سے کارڈ کی گمشدگی/ چوری ATM PIN / TPIN کے افشا ہونے کی اطلاع دیئے جانے کے بعد ہوئے ہوں۔ بشرطیکہ کہ یہ گمشدگی/ چوری یا PIN کا افشا ہونا کارڈممبر/ سپلیمنٹری کارڈممبر کی کسی غفلت اور کوتاہی کے باعث نہ ہوا ہو اور شق 10.1 اور شق 10.3 میں بیان کئے گئے طریقہ کار پر کارڈممبر نے بینک کے اطمینان کے مطابق عمل کیا ہو۔

10.3 اگر کوئی گمشدہ یا چوری کیا گیا کارڈ، کارڈممبر کو مل جائے تو یہ کارڈممبر کی ذمہ داری ہے کہ اسے کسی استعمال کے بغیر فوری طور پر درمیان سے دو حصوں میں تقسیم کر کے بینک کو پہنچا دے۔ کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر کسی تیسرے فرد کو ATM PIN/TPIN کے بارے میں علم ہونے پر اس کا مزید استعمال نہیں کرے گا۔

10.4 **بینک اپنی کلی صوابدید کے مطابق،**

i- کارڈممبر کو کارڈ چوری ہونے پر متبادل کارڈ کے اجراء سے انکار یا
ii- ان شرائط وضوابط کے مطابق گمشدہ یا چوری ہونے والے کارڈ کے متبادل کارڈ کے اجراء یا نئی PIN کی فراہمی یا
iii- کسی چوری ہونے والے کارڈ کے متبادل کارڈ کا اجراء یا کوئی اضافی شرائط وضوابط کے ساتھ کر سکتا ہے، جسے بینک مناسب سمجھے۔

## 11۔ منسوخی

11.1 کارڈممبر کسی بھی وقت بینک کو تحریری نوٹس کے ذریعہ اپنے کارڈ اکاؤنٹ کو بند کرنے کے ارادے سے بینک کو یا HBL Contact Centre پر رابطہ کر کے بینک کو مطلع کر سکتا ہے۔ جس کے لئے اسے اپنے تمام کارڈز درمیان سے دو حصوں میں کاٹ کر بینک کو واپس کرنا ہوں گے۔ بینک صرف اُسی وقت کارڈ اکاؤنٹ کو بند کرے گا جب کارڈ اکاونٹ کے تمام چارجز، ذمہ داریاں، اخراجات اور لاگت مکمل طور پر بینک کو ادا کر دی گئی ہوں۔

11.2 کارڈممبر اور/یا سپلیمنٹری کارڈممبر کسی بھی وقت سپلیمنٹری کارڈممبر کو جاری کئے گئے سپلیمنٹری کارڈ کو HBL Contact Centre کے ذریعے نوٹس دے کر یا پیشگی تحریری نوٹس دے کر منسوخ کر سکتا ہے جس کے لئے اُسے متعلقہ سپلیمنٹری کارڈ کو دو حصوں میں کاٹ کر بینک کو واپس کرنا ہوگا۔ ایسی صورت میں، کارڈممبر ان شرائط وضوابط کے مطابق تمام چارجز اور ذمہ داریوں اور دیگر تمام اخراجات اور لاگت کی ادائیگی کے لیے بینک کا پابند رہے گا۔



11.3 بینک کسی وقت بھی کارڈممبر کو پیشگی تحریری نوٹس دے کر کسی یا تمام کارڈ (کارڈز) کو واپس لے سکتا ہے یا انہیں منسوخ کر سکتا ہے۔ کارڈممبر ایسی منسوخی اور واپسی کی ہدایت کے بعد فوری طور پر اپنے کارڈ (کارڈز) دو حصوں میں کاٹ کر بینک کو بھیجیں گے اور تمام چارجز، ذمہ داریوں، دیگر اخراجات اور لاگت کی ادئیگی کو یقینی بنائیں گے۔

11.4 اگر کسی یا تمام کارڈ (کارڈز) کا استعمال شق نمبر 11.1 یا شق نمبر 11.3 کے تحت منسوخ کیا جاتا ہے تو کارڈممبر پر تمام چارجز اور ذمہ داریاں خواہ اصل ہوں یا مشروط فوری طور پر بینک کو واجب الادا ہو جاتی ہیں۔ کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر اس وقت تک تمام چارجز اور ذمہ داریوں کی ادائیگی کے پابند ہوں گے جب تک تمام کارڈ (کارڈز) بینک کو دو حصوں میں کٹے ہوئے موصول نہ ہو جائیں اور اس پر قابل ادائیگی تمام بقایا چارجز اور ذمہ داریاں اور دیگر اخراجات اور لاگت ادا نہ کر دیئے جائیں۔ بینک سالانہ ممبر شپ فیس یا اس کا کوئی حصہ کارڈ (کارڈز) اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) کی منسوخی کی صورت میں کارڈممبر کو ادا کرنے کا پابند نہیں ہوگا۔

11.5 کارڈممبر اپنے کارڈ اور کارڈ اکاؤنٹ کے استعمال کو شق نمبر 11 میں بیان کئے گئے طریقہ کار کے مطابق منسوخ کرے گا اگر وہ ان شرائط وضوابط سے اتفاق نہیں کرتا، تو ایسی صورت میں اسے تمام رقوم جو استعمال کی گئیں اور جو قابل ادائیگی ہیں تو کارڈممبر ان کی ادائیگی کو منسوخی سے قبل یقینی بنائے گا۔ بہر حال کارڈ کا استعمال جاری رکھنے سے یہ تصور کیا جائے گا کہ کارڈممبر ان شرائط وضوابط سے پوری طرح متفق ہے اور وہ ان کی شقوں میں بیان کی گئی ذمہ داریوں کی ادائیگی کرتا رہے گا۔

11.6 ان شرائط وضوابط اور رائج قوامین کے تحت بینک کے حقوق کو متاثر کئے بغیر، اگر کارڈممبر کا کارڈ عدم ادائیگی کے باعث منسوخ کر دیا جاتا ہے تو ایسی صورت میں اسے دیئے گئے غیر استعمال شدہ اور جمع شدہ ریوارڈ پوائنٹس بھی منسوخ کر دیئے جائیں گے۔

## 12۔ استثنیٰ، اخراج

12.1 بینک کسی بھی طرح کسی وجہ کے باعث کسی بینک، کسی فروخت کنندہ یا شریک بینک یا مالیاتی ادارے کی یا ATM یا دیگر کسی ادارے کی جانب سے کارڈ ٹرانزیکشن کی اجازت نہ دینے، کارڈ، کارڈ نمبرز اور PIN کو قبول نہ کرنے اور کریڈٹ کی حد تک یا کسی بھی رقم کا کیش ایڈوانس نہ دینے کے باعث کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر کو ہونے والے یا برداشت کئے جانے والے نقصانات کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

12.2 بینک کسی بھی صورت میں کارڈ کے ذریعہ خریدی، مخصوص کرائی گئی اشیاء اور/ یا خدمات کے معیار، مقدار، دستیابی، قبولیت کا یا فروخت کنندہ کی جانب سے کارڈ ٹرانزیکشن کی اجازت نہ دینے یا ان کی خلاف ورزی کا کسی بھی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کارڈ ممبر اور بینک یا کسی فروخت کنندہ یا دیگر کسی شخص کے مابین کسی تنازعہ کی صورت میں بینک کی جانب کارڈ ممبر کی ذمہ داری کسی بھی صورت میں متاثر، کم اور معطل نہیں ہوگی اور ایسے کسی تنازعہ یا جوابی دعوے یا تصفیہ کے حق کے باعث، جو کہ کارڈ ممبر کو ایسے فروخت کنندگان، شریک، مالی ادارے یا دیگر کسی شخص کے خلاف حاصل ہو۔

12.3 کسی ATM، دیگر کسی مشین یا مواصلاتی نظام یا سہولت یا ڈیٹا پروسیسنگ سسٹم یا ٹرانسمیشن لنک یا کسی صنعتی تنازعہ سے یا اس کے باعث اور بینک کے دائرہ کار سے باہر وجوہات یا ان میں تعطل جو ان میں کسی خرابی یا ناکامی کی وجہ سے کارڈ ممبر کو ہونے والے کسی نقصان یا ضرر کا بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

12.4 کارڈ ممبر اس بات کی تصدیق کرتے ہیں کہ وہ چارجز اور کارڈ ٹرانزیکشنز جو کہ ان شرائط و ضوابط کے تحت کی جاتی اور ادا ہوتی ہیں، لاگو قوانین، قواعد، ضوابط، سرکلرز اور ہدایات جن میں وقتاً فوقتاً کسی بھی تبدیلی کے لیے تیس (30) دن قبل کے نوٹس کے ساتھ ترمیم کی جائے، کے پابند رہیں گے اور وہ بینک کو ان لاگو قوانین، قواعد، ضوابط، سرکلرز اور ہدایات کی خلاف ورزی کے باعث ہونے، پیش آنے یا برداشت کئے جانے والے جرمانوں، نقصانات اور/ یا ضرر سے بھی بری الزمہ قرار دیتے ہیں۔

## 13۔ شرائط میں تغیر

13.1 بینک وقتاً فوقتاً یا کسی بھی وقت ان شرائط وضوابط میں تبدیلی، اضافہ یا کمی کرنے کا مجاز ہے بشمول لیکن صرف انہی حد تک محدود نہیں، موجودہ شرائط وضوابط کی عمومی نوعیت، جن میں ادائیگی، فیصد شرح، چارجز اور فیس سے متعلق شرائط شامل ہیں اور اس بارے میں کارڈ ممبر کو اس کے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ یا بذریعہ خط یا ویب سائٹ ان شرائط وضوابط/ شیڈول آف چارجز، جیسی بھی صورتحال ہو، ان میں کی جانے والی ترامیم سے مطلع کیا جا سکتا ہے۔ ایسی تبدیلیاں، اضافے اور کمی بینک کی جانب سے طے کی جانے والی کسی بھی تاریخ سے مؤثر شمار ہوں گے اور/ یا اگر اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں جو تاریخ دی گئی ہو اس سے مؤثر تصور کئے جائیں گے اگر بصورت دیگر وضاحت نہ کی گئی ہو۔

13.2 شق نمبر 13.1 کے تحت ان شرائط وضوابط میں کی جانے والی تبدیلیوں، اضافوں اور کمی کے بارے میں آگاہی کے بعد بھی کارڈ ممبر کی جانب سے اپنا کارڈ برقرار رکھنے کو اس بارے ترامیم کو کسی تحفظات کے بغیر کارڈ ممبر کی رضامندی تصور کیا جائے گا۔ اگر ترمیم شدہ شرائط وضوابط پر کارڈ ممبر راضی نہیں تو اسے شق 11.1 اور شق 11.4 کے تحت فوری طور پر کارڈ کا استعمال ترک کر کے اسے منسوخ کروا دینا چاہیے۔



## 14۔ انکشافات

صوابدید کے مطابق کارڈ اکاؤنٹ، کارڈ کے استعمال اور کارڈ ممبر اور/ یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کے کوائف اور مالی معاملات سے کسی تیسرے فرد کو، جسے بینک مناسب سمجھے آگاہ کر سکتا ہے۔ موجودہ شرائط کی عمومی نوعیت کے امتیاز کے بغیر، بینک کسی فروخت کنندہ، شریک بینک، مالی ادارے، کریڈٹ انفارمیشن بیورو (بیوروز)، دنیا میں کسی بھی جگہ واقع بینک کی شاخ، انٹرنیشنل Visa/Mastercard سے متعلق یا منسلک یا اس کی کوئی کمپنی جیسی بھی صورتحال ہو، کسی فرد یا کسی اور ادارے یا مجاز اتھارٹی، جسے بینک اپنی کلی صوابدید کے مطابق سمجھے، مذکورہ بالا کے بارے میں بتا سکتا ہے۔

## 15۔ اطلاع دینا

15.1 ان شرائط وضوابط کے تحت، ہر طرح کے کارڈز، PIN، نوٹسز، اسٹیٹمنٹس آف اکاؤنٹ ڈیمانڈ اور دیگر کوئی اور کمیونیکیشن (جسے اب ذیل میں اجتماعی طور پر کمیونیکیشنز کہا جائے گا)، کارڈ ممبر کو ذاتی طور پر اور/ یا کوریئر کے ذریعہ اور/ یا عام ڈاک کے ذریعہ اس کے آخری معلوم بلنگ کے یا دیگر پتہ پر بھیجا جائے گا اور یہ کمیونیکیشنز اگر ذاتی طور پر دی جائیں تو انہیں اسی دن، کوریئر سے بھیجے جانے کی صورت میں اگلے کاروباری دن، کارڈ ممبر کو موصول سمجھا جائے گا۔ ان شرائط وضوابط کے تحت کارڈ ممبر کو بھیجی جانے والی کمیونیکیشنز سپلیمنٹری کارڈ ممبر کو بھی موصول سمجھی جائیں گی اور کارڈ ممبر تمام وقت سپلیمنٹری کارڈ ممبر کی تعمیل کو یقینی بنائے گا۔

15.2 اوپر بیان کئے گئے امور بینک کی راہ میں حائل نہیں ہوں گے اور بینک اپنی کلی صوابدید کے مطابق اس بات کا مجاز ہوگا کہ ان نوٹسز اور درخواستوں پر انحصار اور عمل کرے جو کہ کارڈ ممبر کی جانب سے ہوں یا اس کی طرف یا اس کی جانب سے سمجھی جائیں (خواہ یہ درست ہوں یا نہیں اور کارڈ ممبر کی اجازت اور مرضی سے دی گئی ہوں یا نہیں) اور جو زبانی طور پر اور/ یا بینک کو اوپر بیان کئے گئے ذرائع کے علاوہ دی گئی ہوں اور ایسے نوٹسز، درخواستوں اور ہدایات پر بینک کی جانب سے عملدرآمد کو تمام کارڈ ممبرز تسلیم کرنے کے پابند ہوں گے اور ایسے عمل کے باعث کارڈ ممبر کو ہونے/ پہنچنے یا اس پر اثر انداز ہونے والے کسی نقصان یا خرچے کا بینک کسی بھی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔

15.3 کوئی نوٹس، درخواست یا ہدایت جو کہ ان شرائط وضوابط کے تحت کارڈ ممبر کی جانب سے بھیجی جائے اسے رجسٹرڈ ڈاک سے وصولی رسید کے ساتھ بھیجا جانا ضروری ہے اور اس پر عملدرآمد ایک کاروباری دن یا بینک کی جانب سے مقرر کردہ زیادہ عرصہ کے بعد ہوگا، یہ عرصہ بینک کی جانب سے عملاً اس نوٹس کی وصولیابی کے بعد شروع ہوگا۔

## 16۔ قانونی ذمہ داری سے بریت

16.1 کارڈ ممبر اس بات کا عہد کرتا اور رضامندی دیتا ہے کہ وہ کسی نقصان، ذمہ داری،

اخراجات، لاگت خواہ قانونی ہو یا دیگر طرح کا، دعویٰ اور عمل جو کہ بینک ان شرائط و ضوابط کے تحت یا اس کی خلاف ورزی یا بینک کے حقوق کے نفاذ (بشمول حکومت کی جانب سے عائد کی گئی پابندیوں یا کارڈ ممبر کی جانب سے غیر ملکی کرنسی کی شکل میں نقد ادائیگی بذریعہ فارن ایکس چینج بیئرر سرٹیفکیٹس یا دیگر کسی ذریعہ سے) کے باعث ہونے والے نقصان سے بینک کو چھوٹ دیتا اور بری الذمہ قرار دیتا ہے۔ تمام اخراجات اور لاگت بشمول قانونی اخراجات اور ادائیگیاں جو کہ بینک کو ان شرائط و ضوابط اور دیگر کے نفاذ، اس کے نفاذ کی کوشش یا اسے لاگو کرنے کے باعث کرنا پڑیں اس کے کارڈ اکاؤنٹ میں ڈال دی جائیں گی اور کارڈ ممبر کو انہیں بینک کے مطالبہ پر بقایاجات کے طور پر ادا کرنا ہوگا۔ تاہم، اس کے اندر اس کے برعکس کچھ بھی کہا گیا ہے، بینک کی اپنی غفلت یا دانستہ طور پر کسی ناشائستہ فعل کی وجہ سے اگر بینک پر اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے کوئی جرمانہ عائد ہوتا ہے تو کارڈ ممبر بینک کو ہرجانہ دینے کا پابند نہیں ہوگا۔

16.2 بینک کارڈ ممبر کو تمام سہولیات جو کہ اس وقت موجود ہیں یا آئندہ HBL Contact Centre کا حصہ بن جائیں گی، ان اکاؤنٹس کے لئے فراہم کرے گا جواب سے کھولے جائیں گے اور جن کے لئے کارڈ ممبر کو اکیلے دستخط کرنے کی اجازت ہوسکتی ہے۔

16.3 کارڈ ممبر کی ہدایات پر عملدرآمد کرنے پر بینک کی رضامندی کی صورت میں کارڈ ممبر اپنی جانب سے (بشمول اس کے لواحقین اور ورثاء) یہاں اس بات کا عہد اور اقرار کرتا ہے کہ اس کے نتیجہ میں ہونے والے نقصانات، اخراجات، لاگت، دعوؤں، اقدامات، مقدمات، مطالبات اور خرچوں سے بینک بری الزمہ اور مبرا ہوگا۔

16.4 کارڈ ممبر یہاں اس بات کی بھی تصدیق کرتا ہے کہ اس کی جانب سے HBL Contact Centre کے لئے دی گئی کوئی زبانی ہدایت بینک کی جانب سے ریکارڈ اور مانیٹر کی جاسکتی ہے اور اسے بینک اور کارڈ ممبر کے مابین کسی تنازعہ کی صورت میں عدالت میں بطور ثبوت بھی پیش کیا جاسکتا ہے۔

16.5 کارڈ ممبر اس بات کا بھی عہد کرتا ہے کہ ایسی زبانی ہدایت کے درست ہونے کی تردید نہیں کرے گا اور اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتا ہے کہ بینک اپنی کلی صوابدید کے مطابق، جسے وہ مناسب سمجھے ایسی کسی ہدایت پر عملدرآمد کو معطل کردے یا سرے سے کوئی اقدام ہی نہ کرے۔

16.6 کارڈ ممبر اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتا ہے کہ اسے HBL Contact Centre کی سہولت فراہم کرنے کے نتیجہ میں آنے والے اخراجات، چارجز اور دیگر رقوم بینک کے پاس موجود کارڈ ممبر کے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) اور یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) سے بینک ایسی رقم منہا کرسکتا ہے۔



16.7 کارڈ ممبر اس بات کا بھی عہد کرتا ہے اور اسے قبول کرتا ہے کہ اوپر مذکور زبانی ہدایات پر عملدرآمد کا دارومدار بینک کی اندرونی پالیسیوں پر ہوگا جو کہ وقتاً فوقتاً تبدیل کی جاسکتی ہیں۔

16.8 کارڈ ممبر یہاں اس بات کی تصدیق کرتا ہے کہ HBL Contact Centre سہولت استعمال کرنے، کارڈ ممبر اور/ یا سپلیمنٹری ممبر کی جانب سے کھولے جانے والے اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) انہی شرائط وضوابط کے تابع ہوں گے جو کہ بینک میں کارڈ ممبر کے موجودہ اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) پر لاگو ہیں۔

## 17۔ سیٹ آف (Set-Off) کا حق

اگر کوئی کارڈ ممبر بینک کی جانب سے دیئے گئے نوٹس میں درج تاریخ اپنے کارڈ اکاؤنٹ کے اوپر بقایاجات کی رقوم، چارجز اور دیگر کوئی رقم مقررہ مدت کے اندر ادا کرنے سے قاصر رہے تو ایسی صورت میں بینک کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کسی بھی وقت اور کارڈ ممبر کو کسی مزید نوٹس کے بغیر بینک یا اس کی کسی برانچ یا اس کی کسی شاخ یا منسلکہ یا ذیلی ادارے کے پاس موجود کارڈ ممبر کے تمام اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) ڈپازٹس (خواہ وہ کرنٹ ہوں یا سیونگز یا کسی اور نوعیت کے، کسی کرنسی میں ہوں، پاکستان میں ہوں یا دنیا میں کسی بھی جگہ) اور/ یا اپنے حق کا استعمال کسی ایسی سیکورٹی/ ضمانت کے لئے جو کارڈ ممبر نے بینک کو دی ہو اور جو کہ کسی دوسرے معاہدے/ مالی سہولت (سہولیات) کے تحت کارڈ ممبر کو حاصل ہو، تصفیہ کرے یا اس کی درخواست کرے یا ایسی رقم کو ایڈجسٹ کرے جو کہ کسی ایک اور ایسے ایک سے زیادہ اکاؤنٹس کے لئے ہو اور ان میں/ ان کے لئے تمام چارجز اور دیگر ذمہ داریوں کے لئے ہو جو کہ ان شرائط وضوابط کے تحت کارڈ ممبر پر عائد ہوتی ہیں یا اس کے برعکس ہو۔ جہاں ایسے اجتماع، استحکام اور/ یا تصفیہ میں ایک کرنسی کی دوسری کرنسی میں تبدیلی کی ضرورت ہو تو بینک کو یہ اختیار ہوگا کہ وہ کرنسی کی تبدیلی کی اس شرح کے مطابق تبدیلی عمل میں لائے جو ایسے اجتماع، استحکام اور/ یا تصفیہ کے دن ہو، اور جو کہ بینک کے معمول کے قوانین ہوں اور اس ضمن میں تبدیلی کے تمام خطرات، نقصانات، پریمیئم، کمیشن اور بینک کے دیگر چارجز کی ادائیگی کارڈ ممبر کی ذمہ داری ہوگی۔

## 18۔ دستبرداری

بینک کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ غیر مشروط طور پر یا اس کے برعکس ان شرائط وضوابط کی کسی شرط سے دستبردار ہو جائے یا کارڈ ممبر کی کسی غلطی یا خلاف ورزی کو معاف کردے بشرطیکہ اس کی اجازت بینک کی جانب سے تحریری طور پر دی گئی ہو اس کے باوجود ان شرائط وضوابط پر عملدرآمد میں غلطی اور خلاف ورزی پر معافی کسی بھی صورت میں بینک کو اس کے حقوق اور حاصل اختیارات سے دستبردار ہونے پر مجبور نہیں کرسکتی اور اس ضمن میں بینک کی جانب سے کچھ کرنے یا نہ کرنے کو کسی بھی صورت میں معافی تصور نہیں کیا

جائے گا تاوقتیکہ اس بارے میں بینک کی جانب سے کارڈممبر کو تحریری طور پر مطلع نہ کیا جائے۔ اگر کوئی معافی دی جائے گی تو وہ صرف اس متعلقہ معاملہ کے لئے ہوگی اور اسے کسی بھی صورت ان شرائط وضوابط سے دستبرداری نہیں سمجھا جائے گا۔

### 19۔ مکمل نفاذ اور موثریت

کارڈ یا کارڈ اکاؤنٹ کی منسوخی یا استعمال محدود کئے جانے کے باوجود یہ شرائط وضوابط اس وقت تک مکمل، مؤثر اور نافذ رہیں گی جب تک کہ کارڈممبر کی جانب سے بینک کو تمام کارڈز دو حصوں میں کٹے ہوئے موصول نہ ہو جائیں اور وہ بینک کو واجب الادا تمام چارجز اور ذمہ داریاں ادا نہ کردے جو کہ ان شرائط وضوابط کے تحت اس پر عائد ہوتی ہیں۔

### 20۔ انقطاع

شرائط وضوابط کی ہر شرط اور ضابطہ دوسرے سے علیحدہ اور مختلف ہوگا اور اگر کسی بھی وقت ان میں سے کوئی یا زیادہ تر غیر مؤثر، غیر قانونی یا نا قابل نفاذ ہو جائیں تو باقی شرائط و ضوابط کے مؤثر، قانونی اور قابل نفاذ ہونے کو کسی بھی طرح غلط یا متاثر نہیں قرار دیا جا سکتا۔

### 21 ۔ ٹیکس اور حکومت کی جانب سے نافذ کردہ دیگر محاصل/ ڈیوٹیز

کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر یہاں اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتے ہیں کہ کسی ایڈوانسز، فنانسز اور کریڈٹ جو کہ بینک کی جانب سے کارڈممبر کو فراہم کیا گیا ہے، پر عائد ہونے والی اسٹیمپ ڈیوٹیز اور/ یا ایکسائز اور دیگر یکساں نوعیت کے ٹیکسز اور لیویز یا امپورٹس یا جرمانوں کی بینک کو ادائیگی کرے گا۔

### 22۔ تفویض کرنا، مفاد کی منتقلی

کارڈممبر اور سپلیمنٹری کارڈممبر یہاں اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتے ہیں کہ بینک اپنی کلی صوابدید کے مطابق کارڈممبر کو کوئی نوٹس دیئے بغیر کسی تھرڈ پارٹی کو مقرر، ڈسکاؤنٹ یا دیگر طریقہ سے اپنے تمام حقوق، ذمہ داریاں اور مفادات یا ان کا کوئی حصہ (اور/ یا کارڈممبر کی جانب سے رہن کی گئی کوئی اشیاء) کو منتقل کرے۔ اس طرح کے غور کے لئے یا اس کے برعکس تو وہ ایسا کرنے کا مکمل طور پر حق دار ہوگا۔ کارڈممبر کو اس بات کا اختیار نہیں کہ وہ اپنی ذمہ داریاں اور/ یا حقوق بینک کی تحریری اجازت کے بغیر منتقل کرے۔

### 23۔ لاگو قانون اور حدود

یہ شرائط وضوابط پاکستان کے مروجہ قوانین کے مطابق عمل میں آئیں گی اور ان قوانین کے ماتحت ہوں گی اور کارڈممبر اختیار رکھنے والی عدالت کے سامنے جوابدہ ہونے پر رضامندی کا اظہار کرتا ہے لیکن اگر بینک ضروری سمجھے تو بقایا جات، چارجز، ذمہ داریوں اور دیگر رقوم جو کہ کارڈممبر/سپلیمنٹری کارڈممبر پر واجب الادا ہیں کی وصولی کے لئے



قانونی طریقہ کار کے تحت اور انصاف کے حصول کے لئے پاکستان سے باہر عدالتوں سے بھی رجوع کرنے کا مجاز ہوگا۔

### 24۔ مصنوعہ کی ذمہ داری

بینک کسی بھی صورت میں کارڈممبر کے کسی نقصان اور ضرر جو کہ کارڈ کے ذریعہ کسی شے (اشیاء) خدمت (خدمات) کی خریداری، تنصیب، استعمال کے باعث ہو، ذمہ دار نہیں ہوگا اور نہ ہی بینک کارڈ کے ذریعہ خریدی گئی شے (اشیاء) اور/ یا خدمت (خدمات) کے معیار کا ذمہ دار ہوگا۔ کارڈ کے ذریعہ خریدی گئی شے (اشیاء) اور حاصل کی گئی خدمت (خدمات) کے معیار کے بارے میں کوئی شکایت (شکایات) دعوے کے بارے میں کارڈممبر براہ راست دکاندار یا فروخت کنندہ سے رابطہ کرے گا اور اس سے کارڈممبر کی ذمہ داریاں ختم نہیں ہوں گی اور کارڈممبر بینک کو تمام چارجز، ذمہ داریوں اور واجب الادا رقوم کی ادائیگی کا بدستور ذمہ دار رہو گا۔

### 25۔ متفرقات

25.1 بینک کی جانب سے وقتاً فوقتاً لائی جانے والی شرائط وضوابط جنہیں کارڈممبر کے علم میں لایا گیا ہو اور جو کہ کارڈممبر کے لئے مختلف پیش کشوں، تحائف، ترغیبات اور بچت کے بارے میں ہوں ان شرائط وضوابط کا حصہ اور ان میں اضافہ تصور ہوں گی۔

25.2 بینک کی جانب سے لائی جانے والی پیش کشوں، تحائف، ترغیبات اور رعایتیں بینک کا استحقاق ہیں اور کارڈممبر انہیں اپنا حق سمجھ کر از خود ان کا حق دار نہیں ہوسکتا۔

25.3 ان شرائط وضوابط اور/ یا ان میں مستقبل میں کی جانے والی کوئی تحریری ترامیم کارڈممبر اور بینک کے مابین مکمل معاہدہ تصور ہوں گی اور یہ ماضی میں کارڈممبر اور بینک کے درمیان ہونے والے معاہدوں اور مفاہمتوں سے برتر اور ان پر حاوی تصور کی جائیں گی۔

25.4 فعال کارڈممبروں کو بینک کے شیڈول آف چارجز میں کسی تبدیلی یا کسی ترغیب کی واپسی سے 30 دن قبل مطلع کیا جائے گا، اگر انہیں پچھلے معاہدے یا پیشکش کے وقت آگاہ نہ کیا گیا ہو۔

25.5 کسی متنازعہ ٹرانزیکشنز کی صورت میں کارڈممبرز کو اس کی تحقیقات کے دوران عارضی کریڈٹ کی سہولت فراہم کی جائے گی۔

25.6 کسی شکایت کی صورت میں کارڈممبر HBL Contact Centre سے 425-111-111 پر رابطہ کرسکتا ہے یا درج ذیل پتہ پر خط لکھ سکتا ہے:

**کسٹمر سروسز ڈپارٹمنٹ**
نویں منزل، حبیب بینک پلازہ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی
customer.complaints@hbl.com

بینک اس بات کو یقینی بنائے گا کہ شکایات کا جواب میل یا وائس (Mail or Voice) کے ذریعے دس (10) کاروباری ایام کے اندر دیا جائے، تاہم آپ کو اس بات کی یقین دہانی کرائی جاتی ہے کہ آپ کی شکایات کا ازالہ پینتالیس (45) کاروباری ایام کے اندر کر دیا جائے گا۔

25.7 بینک ایک نیا یا نئے کارڈ خود کار طور پر جاری کر دے گا، سوائے اس کے کہ اس کے برعکس کوئی ہدایات جاری کی جائیں۔ اور بینک یہ حق بھی محفوظ رکھتا ہے کہ اپنی تنہا صوابدید پر کارڈ کا دوبارہ اجرا نہ کرے یا اس کی تجدید نہ کرے۔ کارڈ ممبر پھر بھی ان تمام شرائط وضوابط اور ان میں ہونے والی تبدیلیوں کا پابند رہے گا۔

25.8 متنازعہ ٹرانزیکشنز کی صورت میں، کارڈ ممبر بینک کو ایک تحریری درخواست ارسال کرے گا جو اس بینک اسٹیٹمنٹ تاریخ کے 14 دن کے اندر ہو جس میں متنازعہ ٹرانزیکشن ظاہر کی گئی ہے۔ یہ تحریری درخواست اس پتے پہ ارسال کی جائے:

**کسٹمر سروسز ڈپارٹمنٹ**
نویں منزل، حبیب بینک پلازہ، آئی آئی چندریگر روڈ، کراچی
customer.complaints@hbl.com

25.9 اگر متنازعہ ٹرانزیکشن کی نشاندہی کرنے والے بینک اسٹیٹمنٹ کی تاریخ کے 14 دن کے اندر ایسی کوئی درخواست نہ بھیجی گئی تو ٹرانزیکشن کو درست مانا جائے گا اور کارڈ ممبر اس مکمل رقم کی ادائیگی کا پابند ہوگا۔

25.10 جب آپ ہمیں درخواست بھیجیں تو براہ مہربانی یہ تمام معلومات فراہم کریں: i) ٹرانزیکشن کی تاریخ ii) ٹرانزیکشن کی تفصیل (مرچنٹ کا نام) iii) غیر ملکی کرنسی میں ٹرانزیکشن کی رقم (اگر ادائیگی بین الاقوامی ہو تو) iv) پاکستانی روپے میں رقم۔ متنازعہ ٹرانزیکشن کی کوئی بھی درخواست اس وقت تک قابل غور نہیں سمجھی جائے گی جب تک اس کے بارے متعلقہ دستاویز نہ فراہم کر دیئے جائیں اور جب تک وہ اسٹیٹمنٹ کی تاریخ جس میں متنازعہ ٹرانزیکشن کی گئی، اس کے 14 دن کے اندر اندر موصول نہ ہو۔

25.11 اگر کارڈ ممبر کی جانب سے متنازعہ ٹرانزیکشن کی درخواست پر بینک کی جانب سے کی گئی تحقیقات کا نتیجہ کارڈ ممبر کے خلاف ہوا (مثلاً غلطی کارڈ ممبر کی ثابت ہو جائے) تو بینک مرچنٹ/حاصل کنندہ کی جانب سے عائد کردہ تمام چارجز (مثلاً دستاویزات کا حصول وغیرہ) کی ذمہ داری کارڈ ممبر پر لاگو کرے گی۔

25.12 کارڈ ممبر/سپلی مینٹری کارڈ ممبر سمجھتا/سمجھتی ہیں کہ وہ اپنے کارڈ کو POS پوائنٹ آف سیل ٹرمینلز، ای کامرس مرچنٹس، HBL انٹرنیٹ بینکنگ سروس اور/یا کسی اور متبادل ڈیلیوری ذرائع (ADCs) پر ٹرانزیکشنز کے لیے پاکستان اور پاکستان کے باہر استعمال کر سکتے ہیں۔ کارڈ ممبر/سپلی مینٹری کارڈ ممبر اپنا HBL کریڈٹ کارڈ پاکستان اور پاکستان سے باہر ایسی تمام اے ٹی ایم مشینوں پہ کر سکتے ہیں جن پہ ادائیگی کے نیٹ ورک کا لوگو موجود ہو۔



25.13 مذکورہ بالا شق 25.10 میں بیان کردہ معلومات/دستاویزات کی وصولی (اور بینک کی طرف سے درخواست کردہ کوئی بھی دیگر معلومات/دستاویزات) اور بینک کی طرف سے تحقیقات مکمل ہونے کے بعد، کارڈ ممبر کی جانب سے چارج بیک دعووں (اگر کوئی ہیں) میں بینک اور متعلقہ ایسوسی ایشن کے قواعد وضوابط کے مطابق ایسوسی ایشنز کے ساتھ اضافہ کیا جائے گا۔ بینک کسی چارج بیک دعوے کے لیے ذمہ دار نہیں ہوگا اور نہ ہی اس کے نتائج کی ضمانت دے سکتا ہے۔

## 26۔ HBL Rewards Program (HRP) کی شرائط وضوابط

26.1 HBL Rewards Program (HRP) ایک ایسا ترغیبی اور پروموشنل پروگرام ہے جو کہ صرف کارڈ ممبر کے لئے ہے (اور اس سے خصوصاً سپلیمنٹری کارڈ ممبر استفادہ حاصل نہیں کر سکتے)۔ ریوارڈز کی شرائط وضوابط میں "کارڈ ممبر" اور "کارڈ" سے مراد وہ ہی لیا جائے گا جو کہ HBL CreditCard کی شرائط وضوابط میں بیان کیا گیا ہے۔

26.2 HBL کے HRP میں کارڈ ممبر کو ہر 25 روپے خرچ کرنے (25 روپے یا اس کے مساوی غیر ملکی کرنسی) پر ایک ریوارڈ پوائنٹ دیا جائے گا جو کہ کارڈ اکاؤنٹ سے صرف اشیاء کی خریداری اور/یا خدمات کے حصول کے لئے کیا گیا ہو بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وقت ایک پوائنٹ کے حصول کے لئے خرچ کی جانے والی رقم میں تبدیلی کر دے۔

26.3 ریوارڈ پوائنٹس کے حصول کے لئے جو ٹرانزیکشنز/چارجز کار آمد ہیں ان میں کارڈ کے ذریعہ کی جانے والی ریٹیل ٹرانزیکشنز جن میں ہوائی ٹکٹ کی خریداری، ریسٹورنٹ کے اخراجات، ہوٹل کے بلز، کار کا کرایہ، سروس اسٹیشن، میل آرڈر اور دیگر اسی طرح کے ریٹیل چارجز شامل ہیں اور جن ٹرانزیکشنز پر ریوارڈ پوائنٹس نہیں مل سکتے ان میں لیکن صرف انہی حد تک محدود نہیں، سالانہ/شمولیت کارڈ ممبر شپ فیس، سروس چارجز، تاخیر سے ادائیگی کے چارجز، جنرل سیلز ٹیکس، کیش ایڈوانسز، کیش ایڈوانس کے چارجز، نقد ادائیگی کے چارجز، متنازعہ ٹرانزیکشنز، حکومتی چارجز، فارن کرنسی کے حصول، ٹریولرز چیکس یا دیگر کسی طرح کے چارجز اور جرمانے یا ایسی ریٹیل ٹرانزیکشنز جو کہ HRP کے آغاز کے قبل کی گئی ہوں بینک اپنی صوابدید کے مطابق اور ریوارڈ کے لئے اہل قرار دی گئی ٹرانزیکشنز اور چارجز میں وقتاً فوقتاً اضافہ یا ان میں تخفیف کر سکتا ہے، HBL کی جانب سے اس ضمن میں کیا گیا کوئی بھی فیصلہ حتمی اور قطعی ہوگا۔

26.4 حاصل کئے گئے ریوارڈ پوائنٹس کارڈ ممبر کے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج ہوں گے اور ان پوائنٹس سے کارڈ ممبر HBL کی جانب سے دیئے جانے والے تحائف حاصل کر سکتا ہے۔ HBL وقتاً فوقتاً ایک کیٹلاگ نکالے گا جس میں مختلف تحائف کے بارے میں تفصیلات اور ریوارڈ پوائنٹس کے ذریعہ انہیں حاصل کرنے سے متعلق معلومات درج ہوں گی۔ ہر تحفہ کے ریوارڈ پوائنٹس ہوتے ہیں اور کارڈ ممبر ریوارڈ پوائنٹس کے مساوی

قیمت رکھنے والے تحائف کے حصول کا حقدار ہوگا۔ HBL کو اختیار حاصل ہوگا کہ وہ وقتاً فوقتاً تحفہ (تحائف) ریوارڈ (ریوارڈز) کی قیمت میں تبدیلی کردے اور ایسی تبدیلیوں کو کیٹلاگ میں شامل کردے جو کہ HBL کی ویب سائٹ پر بھی موجود ہے۔

26.5 بینک کی منظوری سے کارڈممبر اپنے موجودہ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج ریوارڈ پوائنٹس کو استعمال کرسکتا ہے کارڈممبر کی جانب سے استعمال کئے گئے پوائنٹس کی تفصیل اس کے اگلے اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں درج ہوگی۔

26.6 اکاؤنٹ کے تحت حاصل کئے جانے والے پوائنٹس صرف اسی صورت میں استعمال کئے جاسکتے ہیں جب کہ اکاؤنٹ اوپن (کارڈممبر یا بینک کی جانب سے منسوخ یا ختم نہ کیا گیا) ہو، اسے دھوکہ دہی سے استعمال نہ کیا جارہا ہو اور جو کہ کرنٹ (یعنی اکاؤنٹ پر کوئی سابقہ بقایاجات موجود نہ ہوں) ہو۔

26.7 یہ پوائنٹس کسی دوسرے شخص کو منتقل نہیں کئے جاسکتے نہ ہی ان کے عوض نقد رقم یا دیگر کوئی شے حاصل کی جاسکتی ہے خواہ وہ واضح ہوں یا غیر واضح تاہم کارڈممبر اپنے کارڈ پر حاصل کئے گئے پوائنٹس کو مجتمع ضرور کرسکتا ہے۔

26.8 سپلیمنٹری کارڈممبر کی جانب سے حاصل کئے گئے پوائنٹس بنیادی کارڈممبر کے اکاؤنٹ میں جمع کردیئے جائیں گے اور انہیں صرف وہی استعمال کرسکے گا۔

26.9 اکاؤنٹ میں حاصل کئے جانے والے ریوارڈ پوائنٹس کو درج ذیل صورتوں میں منسوخ/ضبط کرلیا جائے گا۔

i- خواہ کسی بھی وجہ (وجوہات) کے باعث کارڈممبر اور/یا بینک کی جانب سے اکاؤنٹ بند کردیا گیا ہو۔

ii- کارڈممبر بینک کی جانب سے اس کی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے مطالبہ کو پورا کرنے سے قاصر رہے۔

iii- اکاؤنٹ کی مدت ختم ہوگئی ہو یا وہ غیر فعال ہوگیا ہو۔

iv- کارڈممبر کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط پر عملدرآمد میں ناکام رہے۔

v- کارڈممبر HBL کی جانب سے وقتاً فوقتاً بتائے گئے عرصہ کے دوران ان پوائنٹس کو استعمال نہ کرے۔

26.10 پوائنٹس کے ذریعہ کسی تحفہ کا حصول HBL کی جانب سے کریڈٹ کی منظوری اور اس کی دستیابی اور اس کی فراہم کنندہ کی پابندیوں سے مشروط ہوگا۔ HBL بغیر کسی انتباہ کے تحفہ فراہم نہ کرنے یا اسے اتنی ہی مالیت اور قسم کے اعتبار سے کسی دوسرے تحفہ سے تبدیلی کا اختیار رکھتا ہے۔



26.11 HBL کی جانب سے منظوری کے بعد کارڈممبر کسی بھی شخص کو اپنی جانب سے تحفہ (تحائف) حاصل کرنے کے لئے نامزد کرسکتا ہے۔ یہ نامزدگی اس نامزد شخص کو تحفہ (تحائف) دینے کے بعد کسی بھی صورت میں منسوخ یا تبدیل نہیں ہوسکتی۔

26.12 کارڈممبر اس بات پر رضامندی کا اظہار کرتا اور اس بات کو تسلیم کرتا ہے کہ HBL ان تحائف کو فراہم نہیں کرتا۔ اس کا کردار صرف تحفہ (تحائف) کی کارڈممبر کو فراہمی کے لئے فراہم کنندہ/فروخت کنندہ کو ہدایت دینے کا ہے۔ HBL کسی بھی صورت میں کارڈممبر کو فراہم کئے جانے والے تحفہ (تحائف) کے معیار، موزونیت اور کارکردگی کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

26.13 شق 11 کے ساتھ ساتھ HBL ایسے تحفہ (تحائف) کی خریداری، فراہمی، تنصیب، استعمال اور اس کے برعکس کے باعث کارڈممبر اور/یا کسی دیگر شخص کو ہونے والے نقصان اور ضرر کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

26.14 HBL نے اس بات کو یقینی بنایا ہے اور اس کے لئے مزید اقدامات کرے گا کہ کیٹلاگ میں درج معلومات بالکل درست ہوں لیکن اس میں موجود کسی غلطی کا کسی بھی صورت میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔ کیٹلاگ میں درج تمام معلومات فراہم کنندگان کی جانب سے دی جانے والی اطلاعات پر مبنی ہوتی ہیں اور ان کے درست ہونے یا نہ ہونے کے بارے میں بینک کسی قسم کی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا۔

26.15 HBL کسی بھی وقت کارڈممبر کو بذریعہ نوٹس اور بنا کسی جوابدہی HBL ریوارڈز کو منسوخ، اس کے فوائد اور خصوصیات کو منسوخ یا تبدیل کرسکتا ہے، یا ان شرائط وضوابط میں سے کسی کو بھی تبدیل، اضافہ یا پھر ختم کرسکتا ہے، اسی طرح HBL ریوارڈز کے شرکاء کو واپس یا ان کو تبدیل کرسکتا ہے، اور ریوارڈ پوائنٹس کی قدر میں تبدیلی یا محدود دیا/اور انہیں حاصل کرنے کے طریقۂ کار میں تبدیلی کرسکتا ہے، چاہے اس اقدام سے جمع شدہ ریوارڈ پوائنٹس ضائع ہی کیوں نہ ہو جائیں۔

26.16 تحائف کسی بھی حال میں کسی دیگر شے سے ری فنڈ یا نقد رقم یا کریڈٹ سے تبدیل نہیں کئے جاسکتے۔ نہ ہی ایک بار جاری کئے جانے کے بعد کسی نقصان یا خرابی کے بعد ان کا متبادل حاصل کیا جاسکتا ہے اور یہ ان کے تیار کنندہ (تیار کنندگان) فراہم کنندہ (فراہم کنندگان) کی جانب سے عائد کی جانے والی شرائط وضوابط کے بھی تابع ہوں گی۔

26.17 کارڈممبر کو مشورہ دیا جاتا ہے کہ وہ ناقص/غیر معیاری تحفہ کی فراہمی کے دو دن کے اندر معہ تحفہ کی پوری تفصیل، بینک کو اطلاع دے جس میں اس تحفہ کو اس تک پہنچانے والے

کوریئر کا نام بھی شامل ہو۔ بینک پر ناقص/غیر معیاری تحفہ کے بارے میں کوئی ذمہ داری عائد نہیں ہوگی اگر اوپر درج کی گئی مدت کے اندر کارڈ ممبر بینک کو مطلع کرنے سے قاصر رہے۔ کارڈ ممبر کو چاہیے کہ وہ کھلے ہوئے پیکٹوں کو قبول نہ کرے اور اسے فراہم کنندہ کو "غیر معائنہ شدہ" لکھ کر واپس بھیج دے۔

26.18 HBL براہ راست یا بالواسطہ کسی مشینری یا مواصلاتی نظام میں خرابی، صنعتی تنازعہ، جنگ، قدرتی آفت اور کوئی ایسی چیز جو کہ HBL کے بس سے باہر ہو، کے باعث ان شرائط وضوابط کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے سے قاصر رہے تو اسے قصوروار نہیں سمجھا جائے گا اور نہ ہی HBL ریوارڈ ٹرانزیکشنز کا ثبوت فروخت کنندہ یا کسی تھرڈ پارٹی کی جانب سے بینک کو بھیجے جانے میں ہونے والی تاخیر کا ذمہ دار ہوگا۔

26.19 کارڈ ممبر اپنے ریوارڈ پوائنٹس، کارڈ کی تنسیخ سے تین (3) ماہ کے اندر واپس لے سکتا ہے۔ HBL کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کی وجہ سے اکاؤنٹ ختم ہونے کی صورت میں یہ شرط لاگو نہیں ہوگی۔

26.20 HBL Installment Plan (HIP) میں منتقل ہونے والی ٹرانزیکشنز، ریوارڈ پوائنٹس کے لیے اہل ہوں گی، تاہم یہ پوائنٹس ہر انسٹالمنٹ کی ری پیمنٹ کے ساتھ ادا کی جانے والی رقم کے عوض قابلِ واپسی ہو جائیں گے۔

26.21 ریوارڈ پوائنٹس، واپس ہونے والی تمام خالص ٹرانزیکشنز کے لیے ایوارڈ کیے جائیں گے۔ مثال کے طور پر ایک ٹرانزیکشن کے عوض ریوارڈ پوائنٹس دیے جاتے ہیں اور وہ ٹرانزیکشن آگے جا کر واپس ہو جاتی ہے تو دیے گئے ریوارڈ پوائنٹس بھی واپس ہو جائیں گے۔

26.22 اُس تاریخ سے دو (2) ماہ بعد جب ریوارڈ کی تلافی کی درخواست دی گئی تھی، ریوارڈ/ گفٹ آئٹم وصول نہ کرنے کی کوئی درخواست قبول نہیں کی جائے گی۔

26.23 کارڈ ممبر کو دیے جانے والے ریوارڈز/ گفٹس کی پروسیسنگ اور ترسیل کے لیے چار (4) ہفتوں تک کی مدت درکار ہوگی۔

26.24 ریوارڈ پوائنٹس کے عوض اگر کسی گفٹ آئٹم کو مرچنٹ/ کوریئر کی جانب سے واپس بھیج دیا جاتا ہے اور کارڈ ممبر ملک میں موجود نہیں ہے یا غیر معینہ مدت کے لیے دستیاب نہیں ہے تو اُس کی ریوارڈ کی تلافی کی درخواست منسوخ کر دی جائے گی اور اس کے عوض اُس کے ریوارڈ پوائنٹس، کارڈ اکاؤنٹ میں واپس جمع کر لیے جائیں گے۔

26.25 HBL HRP فیول سیور کارڈ ممبرز پر لاگو نہیں ہوگا۔



## 27۔ HBL فیول سیور کارڈز کیش بیک

درج ذیل شرائط صرف HBL فیول سیور کارڈز کے لئے قابل اطلاق ہوں گی:

27.1 کیش بیک" سے مراد کریڈٹ کارڈ کی اینٹری پر ایسا انعام یا ریوارڈ ہے جو کچھ مخصوص حدود (جہاں لاگو ہوتی ہوں) پر منحصر ہو اور کارڈ اکاؤنٹ پر اہلیت کی حامل ٹرانزیکشنز پر بینک کی جانب سے دیا جائے۔

27.2 کیش بیک پر سینٹیج" سے مراد، اہلیت کی حامل ٹرانزیکشن کی رقم پر لاگو ہونے والی وہ پر سینٹیج ہے جس کے تحت کیش بیک دیا جائے گا اور یہ بینک کی صوابدید کے مطابق تبدیل ہو سکتی ہے۔ تاہم ایسی کسی بھی تبدیلی کے بارے میں کارڈ ممبر کو تبدیلی سے 30 دن قبل مطلع کر دیا جائے گا۔

27.3 اہلیت کی حامل ٹرانزیکشن" سے مراد ریٹیل ٹرانزیکشن ہے (اس میں کیش نکلوانا، کیش ایڈوانس، قرضہ یا کوئی اور ایسی کیٹگری شامل نہیں ہے جس کے بارے میں بینک اپنی کلی صوابدید پر وقتاً فوقتاً فیصلہ کرے) جو "کیش بیک" کی کیٹگریز سے تعلق رکھتی ہو اور یہ کارڈ اکاؤنٹ پر کامیابی سے کی جائے اور جو بعد میں واجب الادا نہ ہو۔

27.4 HBL فیول سیور کارڈز پر کیش بیک کی کیٹگریز اور ان کا متعلقہ کیش بیک پر سینٹیج، ماسوا اس کے کہ بصورتِ دیگر میں بیان کی جائیں، یہ ہیں: فیول- 5% کیش بیک ایسے HBL فیول سیور کارڈز پر جس پر زیادہ سے زیادہ ماہانہ حد 2,000 روپے ہو اور فیول- 3% کیش بیک ایسے HBL فیول سیور کارڈز پر جس پر زیادہ سے زیادہ ماہانہ حد 1,000 روپے ہو۔

27.5 اہل ٹرانزیکشن (ٹرانزیکشنز) کے لئے، عمومی کریڈٹ اینٹری (مختلف اقسام کے کارڈز پر پیش کردہ % کیش بیک کی رقم) پر بلنگ سائیکل میں آپ کے کارڈ اکاؤنٹ کی عکاسی کرے گی۔ مثال کے طور پر، اگر آپ نے اپنے HBL فیول سیور گولڈ کارڈ سے 1,000 روپے کا فیول خریدا ہے تو اسٹیٹمنٹ اجراء کی تاریخ پر آپ کو فوری طور پر 50 روپے کا کیش بیک حاصل ہو جائے گا۔

27.6 کیش بیک کیٹگری" سے مراد ٹرانزیکشنز کی وہ کیٹگریز ہیں جو بینک کی جانب سے یا بینک کی کلی صوابدید پر وقتاً فوقتاً مشتہر کی جائیں گی۔ "کیش بیک کیٹگریز" کا تعین مرچنٹ کیٹگری کوڈ اور مرچنٹ اسٹیبلشمنٹ کے اس کوڈ کی بنیاد پر کیا جائے گا جس مقام پر ٹرانزیکشن کی گئی ہو۔ اس امر کے تعین کے لئے بینک کلی اختیار رکھتا ہے کہ کیا کوئی خریداری یہاں بیان کردہ معیارات پر پوری اترتی ہے یا نہیں؟

27.7 بینک وقتاً فوقتاً کارڈممبر/اکاؤنٹ ہولڈرز کو کارڈ اکاؤنٹ کے اسٹیٹمنٹ یا ابلاغ کے دیگر ذرائع استعمال کرتے ہوئے کیش بیک کی اضافی کیٹیگریز سے مطلع کرتا رہے گا۔

27.8 HBL فیول سیور کارڈ ہولڈرز، ٹرانزیکشنز پر ریوارڈ پوائنٹس کمانے کے اہل نہیں ہوں گے کیونکہ یہ پیشکش HBL فیول سیور کارڈز کے سوا صرف HBL کارڈز کے لئے موثر ہے۔

27.9 خریدی ہوئی چیز کی واپسی، متنازعہ/غیر مجاز، دھوکہ دہی سے کی جانے والی ٹرانزیکشنز، مالیاتی ادائیگیوں، کارڈ اکاؤنٹ فیس اور باز ادائیگی والی ٹرانزیکشنز پر کیش بیک نہیں دیا جائے گا۔

27.10 ایسا کارڈممبر جو بینک کے کلی صوابدیدی اختیار کے تحت، نادہندہ تصور کیا جائے وہ اس کیش بیک پیشکش کو حاصل کرنے کا اہل نہیں ہوگا۔ مزید یہ کہ، کوئی کارڈممبر، بینک کے کلی صوابدیدی اختیار کے تحت اس پیشکش کی مدت کے دوران نادہندہ تصور کیا گیا تو اس کو دیا گیا کیش بیک واپس لے لیا جائے گا۔

27.11 سمندر پار کی جانے والی اہلیت کی حامل ٹرانزیکشنز بھی کیش بیک کی سہولت حاصل کرنے کی اہل ہوں گی۔

27.12 کیش بیک سیونگز صرف HBL فیول سیور کریڈٹ کارڈممبرز حاصل کرسکیں گے اور دیگر اقسام کے HBL کریڈٹ کارڈز جن میں HBL Visa/Mastercard شامل ہیں (مگر صرف ان ہی تک محدود نہیں) کے حامل افراد یہ سہولت حاصل کرنے کے اہل نہیں ہوں گے۔

27.13 HBL براہِ راست یا بالواسطہ کسی مشینری یا مواصلاتی نظام میں خرابی، صنعتی تنازعہ، جنگ، قدرتی آفت اور کوئی ایسی چیز جو کہ HBL کے بس سے باہر ہو، کے باعث ان شرائط وضوابط کے تحت اپنی ذمہ داریاں ادا کرنے سے قاصر رہے تو اسے قصوروار نہیں سمجھا جائے گا اور نہ ہی HBL اہلِ کیش بیک ٹرانزیکشنز کا ثبوت فروخت کنندہ یا تھرڈ پارٹی کی جانب سے بینک کو بھیجے جانے میں ہونے والی تاخیر کا ذمہ دار ہوگا۔

یہ شرائط وضوابط جو HBL کریڈٹ کارڈز پر لاگو ہیں (ماسوائے ریوارڈ پوائنٹس اسکیم کے) وہی تمام شرائط وضوابط HBL فیول سیور کارڈز پر بھی لاگو ہوں گی۔

## 28۔ HBL Installment Plan (HIP)

### 28.1 تعریفیں

HBL Installment Plan (HIP) کا مطلب ایسی ریٹیل ٹرانزیکشن (ٹرانزیکشنز)، دوسرے کریڈٹ کارڈز سے بیلنس کی منتقلی، پے آرڈر، ایسی کوئی پراڈکٹ یا سروس جو کارڈ ممبر کو بذریعہ ریوارڈ پروگرام اور رعایتی پیشکشوں کے فراہم کی جائے۔ صفر مارک اپ کے ساتھ انسٹالمنٹ پلانز کچھ مخصوص پراڈکٹس پہ پیش کئے جاتے ہیں جس کی ادائیگی کی ایک مقررہ مدت سے کارڈممبر کو وقتاً فوقتاً آگاہ کیا جاتا ہے۔ جس پر کارڈممبر دستیاب کریڈٹ کی حد کو استعمال کرتا ہے اور ٹرانزیکشن کی رقم کو انسٹالمنٹ پلان کی شرائط وضوابط کے تحت یکساں ماہانہ اقساط میں واپس ادا کرتا ہے۔

"انسٹالمنٹ پلان کی مدت/عرصہ" کی اصطلاح کا مطلب ماہانہ اقساط کی وہ تعداد ہے جو کارڈممبر نے HIP لیتے وقت منتخب کی تھی۔ بینک اپنی صوابدید پر HIP کی مدت/عرصے میں وجہ بتائے بغیر تبدیلی کرسکتا ہے۔

"انسٹالمنٹ پلان سروس فیس/چارج" کا مطلب وہ فیس ہے جس کا تعین بینک کرے اور وقتاً فوقتاً شیڈول آف چارجز یا کارڈممبر کو تحریری نوٹس کے ذریعے اس سے مطلع کرے۔ اور جو کارڈ ٹرانزیکشن/HIP میں تبدیل ہونے کے سلسلے میں کارڈممبر پر واجب الادا ہو۔

"انسٹالمنٹ پلان رقم" کا مطلب وہ کل رقم ہے جس کی ادائیگی ماہانہ اقساط کی صورت میں کی جائے گی۔

"انسٹالمنٹ پلان ماہانہ قسط" کا مطلب کارڈممبر کے لیے واجب الادا ماہانہ قسط کی وہ یکساں رقم ہے جو انسٹالمنٹ پلان کی کل رقم کو انسٹالمنٹ پلان کی مدت پر تقسیم کے نتیجے میں سامنے آئے۔ جس میں ماہانہ مارک اپ چارجز بھی شامل ہوں۔

" کریڈٹ کارڈ شرائط وضوابط" کا مطلب وہ شرائط وضوابط ہیں جو کارڈ پر لاگو ہوتی ہیں۔ وہ تمام اصطلاحات جو یہاں بڑے حروف میں ظاہر نہیں بھی کی گئیں، وہ بھی شرائط وضوابط کے معنوں میں شمار ہوں گی اور شرائط وضوابط سے منسلک سمجھی جائیں گی۔

### 28.2 عمومی

انسٹالمنٹ پلان کا بنیادی مقصد بنیادی کارڈممبر کو اس قابل کرنا ہے کہ وہ اپنے کارڈ کی کریڈٹ کی حد کا استعمال کرتے ہوئے کارڈ ٹرانزیکشن کے ذریعے یا بیلنس کو کارڈ میں تبدیل کرکے اشیا کی خریداری/خدمات کا حصول کرسکے۔ اور پھر HIP کے تحت یکساں ماہانہ اقساط کے ذریعے یہاں بیان کردہ شرائط اور کریڈٹ کارڈ شرائط وضوابط کے مطابق ادائیگی کرسکے۔

### 28.3 اہلیت

HIP بنیادی کارڈممبر کو خصوصی طور پر پیش کیا جاتا ہے۔ بشرطیکہ اس کے کارڈ پر ادائیگی باقاعدگی سے کی جاتی رہی ہو۔ اور مقررہ تاریخ سے قبل اور شرائط وضوابط کے تحت کی گئی ہو۔ اور اس کے کریڈٹ کارڈ پر کریڈٹ کی حد دستیاب ہو۔ تمام اشیا اور خدمات اور/یا ریٹیل ٹرانزیکشنز جو پاکستان یا پاکستان سے باہر کی جائیں، ان کو HIP میں تبدیل کیا جاسکتا ہے۔ بشرطیکہ کارڈ کے سلسلے کی یہاں درج بالا شرائط پوری ہوتی ہوں۔

## 28.4 انسٹالمنٹ پلان کا حصول

28.4.1 کارڈ ممبر HBL Contact Centre 111-111-425 پر کال کر کے انسٹالمنٹ پلان حاصل کرسکتا ہے یا کال کر کے بینک کے کسٹمر سروس عملے کو انسٹالمنٹ پلان کی تفصیلات بشمول مخصوص کردہ رقم، انسٹالمنٹ پلان کا انتخاب کرتے ہوئے 3 سے 60 ماہ کے عرصے /مدت، سے آگاہ کرسکتا ہے۔ بینک کی منظوری پہ انحصار کرتے ہوئے بنیادی کارڈ ممبر یہاں بیان کردہ شرائط اور کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط کے تحت انسٹالمنٹ پلان حاصل کرسکتا ہے۔

28.4.2 بینک انسٹالمنٹ پلان پر کارروائی کرے گا اور اس کی اجازت دے دے گا بشرطیکہ مطلوبہ رقم دستیاب کریڈٹ کی حد کے اندر ہو۔ انسٹالمنٹ کی بنیادی رقم بمعہ انسٹالمنٹ کے انٹرسٹ (سود) کی رقم (جو ماہانہ قسط کی رقم کے برابر ہوگی) وہ اس ماہ کے اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ میں علیحدہ سے ظاہر کی جائے گی۔ اضافی طور پر، کارڈ ممبر کی جانب سے کارڈ پر لئے گئے تمام انسٹالمنٹ پلانز کی بنیادی رقم اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کے نچلے حصے میں ظاہر کی جائے گی۔

28.4.3 کارڈ ممبر انسٹالمنٹ پلان کی رقم انسٹالمنٹ پلان کی ماہانہ اقساط کے ذریعے، یہاں بیان کردہ شرائط اور کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط کے تحت ادا کرے گا۔

28.4.4 کارڈ ممبر بینک کی اجازت سے کریڈٹ کارڈ کی حد کے تحت ایک وقت میں کئی انسٹالمنٹ پلان حاصل کرسکتا ہے۔

## 28.5 انسٹالمنٹ پلان کی بلنگ اور ادائیگی

28.5.1 ماہانہ اقساط کی ادائیگی کا بل، انسٹالمنٹ پلان کے حصول کی تاریخ کے فوراً بعد جاری ہونے والے اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ سے لاگو ہوجائے گا۔ اور ہر ماہ جاری کیا جائے گا جب تک کارڈ ممبر کی جانب سے انسٹالمنٹ کی تمام رقم کی مکمل ادائیگی نہیں ہوجاتی۔

28.5.2 جب کارڈ ممبر انسٹالمنٹ پلان حاصل کرلے گا تو اکاؤنٹ اسٹیٹ منٹ پر درج کم از کم قابلِ ادائیگی رقم ماہانہ قسط کا حصہ ہوگی۔

28.5.3 اگر کارڈ ممبر اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ میں درج مقررہ تاریخ پر کم از کم واجب الادا رقم سے بھی کم رقم کی ادائیگی کرتا ہے تو کارڈ ممبر پر کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط کے تحت سروس فیس / چارجز کی ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔

28.5.4 کارڈ ممبر انسٹالمنٹ پلان کی مدت / عرصے میں تبدیلی کرسکتا ہے یا بینک کی منظوری سے، کارڈ ممبر کی جانب سے انسٹالمنٹ پلان کے واجب الادا چارجز کی ادائیگی پر انحصار کرتے ہوئے تمام واجب الادا رقم کی مکمل ادائیگی کرسکتا ہے۔



28.5.5 ان شرائط وضوابط کے تحت، کارڈ منسوخ ہوجانے یا معطل کردیئے جانے کی صورت میں، انسٹالمنٹ پلان خود بخود معطل سمجھا جائے گا اور کارڈ ممبر اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ کی وصولی کے فوراً بعد انسٹالمنٹ پلان کی بقایا واجب الادا رقم بشمول جلد ادائیگی کے چارجز ادا کرنے کا ذمہ دار ہوگا۔

## 28.6 تحفظ

انسٹالمنٹ پلان کے تحت خریدی جانے والی شے (اشیا) ان شرائط وضوابط کی شق نمبر 28.7 کے تحت بینک کی ملکیت میں گروی تصور کی جائیں گی۔ کارڈ ممبر اس شے (ان اشیا) کو فروخت، کرائے پہ چلانے یا گروی رکھنے کا کام نہیں کرسکتا۔ نہ ہی اس کی ملکیت اور فوائد کسی بھی طریقے سے کسی تیسرے فرد یا فریق کو منتقل کرسکتا ہے۔ کارڈ ممبر اس شے (ان اشیا) کے استعمال اور دیکھ بھال میں مکمل احتیاط برتے گا۔

## 28.7 پروڈکٹ اور خدمات کی ذمے داری

بینک ایسے کسی بھی نقصان یا خسارے کا ذمے دار نہیں ہوگا جو کارڈ ممبر کو انسٹالمنٹ پلان کے تحت لی گئی پروڈکٹ یا خدمات کی خریداری، تنصیب، یا کسی بھی طریقے سے استعمال کے نتیجے میں سامنے آئے یا کسی بھی لاپرواہی، معاہدے کی خلاف ورزی کی صورت میں ہونے والے نقصان کی ذمہ داری بینک کی نہیں ہوگی۔ نہ ہی بینک کسی بھی صورت میں انسٹالمنٹ پلان کے تحت یا کسی اور طور پر خریدی یا حاصل کی گئی کسی بھی شے (اشیا) کے معیار کا ذمہ دار ہوگا۔ انسٹالمنٹ پلان کے تحت خریدی گئی شے (اشیا) کے معیار یا حاصل کردہ خدمت (خدمات) کے بارے میں کسی بھی شکایت کے لیے مرچنٹ سے رابطہ کیا جائے اور اس سے کارڈ ممبر کی اس ذمہ داری پر کوئی فرق نہیں آئے گا جو انسٹالمنٹ پلان کے تحت اس پہ لاگو ہوتی ہیں۔

## 28.8۔ تبدیلیاں، ترامیم اور منسوخیاں

28.8.1 بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وقت اور بغیر کسی پیشگی اطلاع کے اور کارڈ ممبر کے سامنے کسی بھی قسم کی ذمہ داری کے بغیر کسی بھی طریقے سے انسٹالمنٹ پلان معطل کرسکتا ہے، یا منسوخ کرسکتا ہے، یا اس کے فوائد اور خصوصیات میں تبدیلی کرسکتا ہے، یا اس کے انسٹالمنٹ پلان کی شرائط وضوابط میں کوئی اضافہ یا کمی کرسکتا ہے۔ یا کسی شرط کو مکمل طور پر ختم کرسکتا ہے۔ بینک کو یہ اختیار بھی حاصل ہے کہ وہ انسٹالمنٹ پلان کے تحت کم از کم اجازت یافتہ رقم کا تعین کرسکتا ہے۔

28.8.2 کارڈ ممبر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ کسی بھی وقت، بغیر بینک کو کسی پیشگی اطلاع کے انسٹالمنٹ پلان معطل کرسکتا ہے۔ ایسی صورت میں کارڈ ممبر کو قبل از وقت ادائیگی کے جرمانہ چارجز، شیڈول آف بینک چارجز کے تحت ادا کرنے ہوں گے۔

28.8.3 بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ کسی بھی ممبر کو اس پلان میں مزید حصہ لینے کے لیے نااہل قرار دے دے۔ اگر بینک کے حساب سے کارڈ ممبر نے کسی بھی طور پر انسٹالمنٹ پلان کی شرائط

وضوابط یا/اور کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کی ہے یا/اور ایسی کوئی بھی وجہ جو بینک کارڈممبر کو نااہل قرار دینے کے لیے درست خیال کرے،اس کے تحت کوئی وجہ بتائے بغیر کارڈممبر کو نااہل قرار دے سکتا ہے۔

**28.8.4** بینک کو یہ حق حاصل ہے کہ کارڈممبر نے انسٹالمنٹ پلان کے تحت جو ہدایات جمع کرائی ہیں، انہیں ممنوع قرار دے یا ان پر عمل سے انکار کر دے۔

### 28.9 بری الذمہ

**28.9.1** بینک اگر انسٹالمنٹ پلان کی شرائط وضوابط کے تحت بیان کردہ اپنی ذمہ داریاں پوری کرنے میں بالواسطہ یا براہ راست طور پر ناکام رہے تو وہ کسی بھی صورت میں اس کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔خواہ نقصان کسی مشینری یا رابطے کے نظام میں خرابی کے نتیجے میں ہو،صنعتی تنازعے، جنگ یا قدرتی آفت یا کسی بھی ایسی صورتحال کے باعث ہو جو بینک کی دسترس سے باہر ہو۔ نہ ہی بینک،کارڈممبر کے ذریعے انسٹالمنٹ پلان کے لیے مرچنٹ یا کسی دیگر تیسرے فریق کی جانب سے بینک کو درخواست دینے کے ثبوت کا،ٹرانسمیشن میں کسی تاخیر کا ذمہ دار ہوگا۔

**29.9.2** انسٹالمنٹ پلان کی یہاں بیان کردہ شرائط وضوابط کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط سے متصادم نہیں ہیں۔اور کریڈٹ کارڈ کے اجرا اور استعمال سے متعلق شرائط وضوابط اور کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط بھی انسٹالمنٹ پلان پر لاگو ہوں گی۔اگر کسی بھی وقت انسٹالمنٹ پلان یا انسٹالمنٹ پلان کی شرائط وضوابط کے متعلق کوئی تنازعہ سامنے آتا ہے تو اس سلسلے میں بینک کا فیصلہ حتمی اور واجب التعمیل ہوگا۔

### 29.10 HBL Installment Plan (HIP) کی منسوخی

اگر کوئی کارڈممبر اپنے انسٹالمنٹ پلان کو ترک کرنا چاہے/منسوخ کرنا چاہے تو وہ قبل از وقت ادائیگی کے چارجز ادا کرنے کا پابند ہوگا/ہوگی۔جو انسٹالمنٹ پلان کی بقایا رقم کے ساتھ شیڈول آف چارجز کے تحت واجب الادا ہوں گے۔

## 29۔ HBL Pay (کارڈ والٹ)

### 29.1 تعریفیں

''کارڈ'' کا مطلب HBL کی جانب سے کسٹمر کو جاری کردہ کریڈٹ کارڈ یا ڈیبٹ کارڈ ہے جس کی میعاد ختم، بلاک، معطل یا منسوخ نہیں ہوئی ہے اور ''کارڈ'' کے سے متعلق تمام حوالہ جات میں سیاق وسباق کے مطابق فزیکل کارڈ اور/یا ڈیجیٹائزڈ کارڈ شامل سمجھے جائیں گے۔

''کسٹمر'' سے مراد وہ شخص ہے جسے HBL نے کارڈ استعمال کرنے کا اختیار دیا ہے اور جس کے نام پر کارڈ HBL کی جانب سے جاری کیا گیا ہے۔



''ڈیفالٹ کارڈ'' کا مطلب ہے وہ کارڈ جو خریداریوں اور/یا ادائیگیوں کے لیے بطور ڈیفالٹ استعمال ہوگا۔ یہ عام طور پر Tap & Pay via HBL Pay میں رجسٹرڈ پہلا کارڈ ہوتا ہے اور اسے کسٹمر کسی بھی وقت تبدیل کر سکتا ہے۔

''ڈیوائس'' کا مطلب ہے کہ NFC کی صلاحیت کے حامل اینڈرائیڈ اسمارٹ فون، ٹیبلیٹ یا اینڈرائیڈ پر مبنی اسمارٹ واچز جنہیں بینک اپنی صوابدید پر Tap & Pay via HBL Pay کے ساتھ استعمال کے لیے محفوظ اور اہل ہونے کا تعین کرتا ہے۔

''ڈیوائس نمبر'' سے مراد موبائل ڈیوائس نمبر ہے۔

''ڈیجیٹائزڈ کارڈ'' کا مطلب ہے HBL Pay (کارڈ والٹ) میں محفوظ کارڈ جو کسٹمر کی تحویل میں موجود فزیکل کارڈ سے منسلک ہے۔

''HBL Pay (کارڈ والٹ) کا مطلب ہے HBL Mobile میں کارڈ والٹ جہاں ڈیجیٹائزڈ کارڈ کو محفوظ اور منظم کیا جاتا ہے۔ڈیجیٹائزڈ کارڈ اور ڈیجیٹل کارڈ نمبر کسٹمر کے کارڈ سے منسلک ہوتا ہے جسے Tap & Pay via HBL Mobile ٹرانزیکشن کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔

''NFC'' سے مراد نزدیک سے مواصلات (Near Field Communication) کی صلاحیت ہے جس کے حامل کسٹمر کے اینڈرائیڈ اسمارٹ فون کا استعمال کرتے ہوئے کانٹیکٹ لیس ٹرانزیکشن انجام دی جائیں گی۔

''پاس کوڈ'' کا مطلب ہے مقررہ حروف یا پیٹرن بشمول بائیومیٹرک تصدیق جسے ڈیوائس تک رسائی یا اسے آن لاک کرنے کے لیے بطور پاسورڈ استعمال کیا جاتا ہے جبکہ swipe لاک/کوئی لاک نہ ہونا پاس کوڈ میں شامل نہیں ہوتا۔

''Tap & Pay via HBL Pay'' سے مراد موبائل کے ذریعے ادائیگی کی سروس ہے، جو کسٹمر کو ان ڈیوائسز پر رجسٹرڈ کارڈز کا استعمال کرتے ہوئے ادائیگیاں کرنے کی اجازت دیتی ہے۔

''ویزا ٹوکن سروس (VTS)/ ماسٹر کارڈ ڈیجیٹل انیبلمنٹ سروس (MDES) یا ٹوکنائزیشن'' کا مطلب ہے وہ عمل جو پرائمری اکاؤنٹ نمبر (PAN) کو تیار کردہ منفرد ڈیجیٹل شناخت کنندہ کے ساتھ تبدیل کرنے یا انکرپٹنگ (encrypting) کے ذریعے اصل اکاؤنٹ کی تفصیلات یا کارڈ کی تفصیلات کو ظاہر کئے بغیر کانٹیکٹ لیس ادائیگیوں پر عمل کرنے کی اجازت دیتا ہے۔

29.2 **شرائط وضوابط**

حبیب بینک لمیٹڈ (جسے دستاویز میں آگے ''بینک'' لکھا جائے گا) کے جاری کردہ کارڈز HBL Pay (کارڈ والٹ) کے ساتھ استعمال کی صورت میں، ان کا استعمال درج ذیل شرائط وضوابط کے ماتحت ہے۔ HBL Pay (کارڈ والٹ) ایک ورچوئل کارڈ ہے جو کسٹمر اور/ یا کسٹمر کے مجاز کسی دیگر فرد کو ایسے متعلقہ مرچنٹس پر ادائیگی کرنے کی سہولت دیتا ہے جو کانٹیکٹ لیس ادائیگی قبول کرتے ہوں یا جہاں ''Tap & Pay via HBL Pay'' کا لوگو یا بینک کی جانب سے بتائی گئی کوئی دوسری علامت نمایاں ہو، اور اس کے اسی وقت پیئر ٹو پیئر منتقلی یا مرچنٹ ادائیگی کی جاسکتی ہے۔ HBL Pay کو رجسٹر کرنے یا استعمال کرنے سے کسٹمر کی جانب سے اسے تسلیم شدہ تصور کیا جائے گا اور وہ شرائط وضوابط کا پابند ہوگا۔

HBL Pay (کارڈ والٹ) میں کارڈز شامل کرنے سے پہلے، کسٹمر اس بات کو یقینی بنائے کہ اس نے شرائط وضوابط کو بغور پڑھ لیا ہے اور سمجھ لیا ہے۔ HBL موبائل کے ذریعے HBL Pay سروس شامل یا استعمال کرنا کسٹمر کی جانب سے ان شرائط وضوابط کی قبولیت سمجھا جائے گا۔

ان شرائط وضوابط کو HBL کریڈٹ کارڈز کی شرائط وضوابط کے ساتھ پڑھا جائے گا۔ ان شرائط وضوابط اور HBL کریڈٹ کارڈز کی شرائط میں تضاد کی صورت میں، ان شرائط و ضوابط کو فوقیت حاصل ہوگی۔

29.2.1 ان شرائط وضوابط کی تعمیل میں ناکامی کے باعث Tap & Pay via HBL Pay کے غلط استعمال اور/ یا غیر مجاز استعمال کے نتیجے میں کسٹمر کو پہنچنے والے کسی نقصان اور/ یا خسارے کا، خواہ وہ مالیاتی ہو یا دیگر کسی صورت میں، ذمہ دار بینک نہیں ہوگا۔

29.2.2 بینک اپنی صوابدید پر کوئی وجہ بتائے بغیر Tap & Pay via HBL Pay کی سبسکرپشن کے لیے کسٹمر کی درخواست کو منظور یا مسترد کرسکتا ہے۔

29.2.3 کسٹمر کی Tap & Pay via HBL Pay درخواست کی منظوری پر، بینک کسٹمر کو SMS / ای میل میسج کے ذریعے سبسکرپشن کے لیے ون ٹائم پاسورڈ (OTP) فراہم کرے گا۔ کسٹمر OTP مخفی اور محفوظ رکھے گا اور کسی دوسرے شخص پر بشمول بینک کے عملے پر بھی ظاہر نہیں کرے گا۔

29.2.4 کسٹمر کی جانب سے مقررہ طریقہ کار پر عمل درآمد میں ناکامی کے نتیجے میں کسٹمر کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان اور/ یا خسارے اور ذمہ داری سے کسٹمر بذریعہ ہذا بینک کو بری کرتا ہے۔



29.2.5 Tap & Pay via HBL Pay کی سہولت کو سبسکرائب اور حاصل کرنے کے لیے کسٹمر کا بینک کی موبائل ایپلی کیشن 'HBL Mobile' کا موجودہ صارف ہونا ضروری ہے یا Play Store سے اس سروس کے لیے تیار کردہ HBL Mobile ایپ ڈاؤن لوڈ اور انسٹال کرنا ہوگا۔ تھرڈ پارٹی ایپ اسٹور یا غیر مجاز APK کے استعمال کی وجہ سے کسٹمر کو ہونے والے کسی نقصان اور/ یا خسارے کا بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

29.2.6 کسٹمر ڈیوائس کی فزیکل سیکورٹی ساتھ ساتھ ڈیوائس کے لاک کوڈ، ذاتی شناختی نمبر (PIN)، پاس کوڈ، موبائل ڈیوائس کے لیے بینک کی ایپلی کیشن کے کوائف (credentials) اور بینک کے کارڈ کے کوائف تک رسائی کے لیے دیگر ذرائع، کوئی بھی ذاتی معلومات، اور ڈیوائس سے متعلق دیگر ادائیگی کی معلومات کی رازداری کی برقرار رکھنے کے لیے مکمل طور پر ذمہ دار ہوگا۔ ڈیوائس یا ڈیوائس تک رسائی کے ذرائع میں کسی دوسرے فرد کو شریک کرنے کی صورت میں کہ جس کے نتیجے میں وہ فرد کارڈز استعمال کرسکے اور Tap & Pay via HBL Pay کے ذریعے دستیاب ذاتی معلومات اور ادائیگی کی معلومات تک رسائی حاصل کرسکے، تمام تر ذمہ داری کسٹمر پر عائد ہوگی۔ لہذا کسٹمر کے لیے ضروری ہے کہ وہ ڈیوائس اور کوائف کو اسی طرح محفوظ رکھے جیسے وہ اپنے کیش، پری پیڈ کارڈز، ڈائریکٹ ڈیبٹ کارڈ، کریڈٹ کارڈز، PINs اور دیگر پاس ورڈ محفوظ رکھتے ہیں۔ اس کے علاوہ، کسٹمر کو ڈیوائس لاک کوڈ کی خصوصیت کو سیٹ اپ اور ایکٹو کرنا ہوگا جس کے لیے ڈیوائس کو ان لاک کرنے کے لیے فنگر پرنٹ یا پن کوڈ، پاس ورڈ یا پیٹرن کی ضرورت ہوتی ہے۔

29.2.7 Tap & Pay via HBL Pay کے استعمال کے لیے ایک سے زیادہ کارڈز رجسٹر کیے جاسکتے ہیں، جس میں ہر کارڈ HBL Mobile ایپ کے ساتھ الگ الگ لنک کیا جائے گا۔ Tap & Pay via HBL Pay استعمال کرتے وقت ڈیوائس کی اسکرین پر ظاہر ہونے والی کارڈ کی تصویر کی بنیاد پر ٹرانزیکشن انجام دی جائے گی۔

29.2.8 کسٹمر یقینی بنائے گا کہ Tap & Pay via HBL Pay کے استعمال کے لیے مقرر ڈیوائس جدید ترین اینڈرائیڈ آپریٹنگ سسٹم کے ساتھ NFC کے لیے قابل استعمال ہے۔

29.2.9 ڈیوائس کی رازداری کی خلاف ورزی یا کسٹمر کی طرف سے پاس کوڈ ظاہر کرنے کی صورت میں (چاہے وہ مجاز ہو یا دوسری صورت میں)، کسٹمر تمام نقصانات اور خساروں کے لیے مکمل طور پر ذمہ دار رہوگا جس میں خلاف ورزی کے نتیجے میں ہونے والی ٹرانزیکشن کی کوئی

فیس اور/ یا اخراجات، جو انہی تک محدود نہیں شامل ہیں اس بات سے قطع نظر کہ کسٹمر نے پاس کوڈ دانستہ یا نادانستہ طور پر ظاہر کیا ہو۔

29.2.10 کسٹمر تسلیم کرتا ہے کہ پاس کوڈ کسی دوسرے فرد یا ادارے کو (خواہ دانستہ ہو یا نادانستہ) معلوم ہو جانے یا ظاہر کر دینے کی صورت میں یا کسی دھوکہ دہی، ڈیوائس کی گمشدگی یا چوری کی صورت میں وہ بینک کے کانٹیکٹ سینٹر سے رابطہ کر کے بینک کو فوری اطلاع دیتے ہوئے Tap & Pay via HBL Pay کے لیے اپنے رجسٹرڈ کارڈز بینک سے بلاک/ غیر فعال کرنے کی درخواست کرے گا۔ کمپرومائزڈ کارڈز کو بینک سے غیر فعال اور/ یا بلاک کرنے کی فوری درخواست کرنے میں کسٹمر کی جانب سے تاخیر یا ناکامی کے باعث اسے پہنچنے والے کسی بھی نقصان اور/ یا خسارے کی ذمہ داری، خواہ مالیاتی ہو یا دیگر صورت میں مکمل طور پر کسٹمر پر عائد ہوگی۔ یہ واضح کیا جاتا ہے کہ کسٹمر کے تمام رجسٹرڈ کارڈز کے لیے Tap & Pay via HBL Pay کو غیر فعال/ بلاک کرنے سے فزیکل پلاسٹک کارڈ پر کوئی اثر نہیں پڑے گا۔

29.2.11 Tap & Pay via HBL Pay میں کارڈ کو شامل کیا جائے گا، تو بینک کسٹمر کی شناخت کی تصدیق کے لیے کچھ معلومات حاصل کرے گا، تاکہ وہ کارڈ استعمال کر سکیں اور Tap & Pay via HBL Pay سے ٹرانزیکشن کر سکیں۔

29.2.12 کسٹمر اس بات سے اتفاق کرتا ہے کہ بینک وقتاً فوقتاً ٹیکنیکل ڈیٹا اور متعلقہ معلومات کو جمع اور استعمال کر سکتا ہے، بشمول، کسٹمر کی ڈیوائس کے بارے میں تکنیکی معلومات جو بینک کی سروسز میں اپ ڈیٹس کی سہولت فراہم کرنے تک محدود نہیں۔ کسٹمر اس بات سے بھی اتفاق کرتا ہے کہ بینک اس معلومات کو اپنی پروڈکٹس کو بہتر بنانے یا کسٹمر کو سروسز یا ٹیکنالوجی فراہم کرنے کے لیے استعمال کر سکتا ہے بشرطیکہ اس طریقے سے کسٹمر کی ذاتی شناخت ظاہر نہ ہو۔

29.2.13 کسٹمر کو HBL موبائل ایپ سے کارڈ اکاؤنٹ کی سرگرمیوں پر مشتمل push نوٹیفکیشنز موصول ہو سکتی ہیں۔ ان نوٹیفکیشنز کے لیے ایکٹو ڈیٹا اور/ یا Wi-Fi کنیکشن کی ضرورت ہوتی ہے۔ مذکورہ نوٹیفکیشنز ہوم اسکرین کے اوپر نوٹیفکیشن میں لاک یا ان ایکٹو ڈیوائس کی اسکرین پر ڈسپلے ہو سکتا ہے، اور ڈیوائس کے لاک ہونے پر بھی انہیں ڈسپلے کیا جا سکتا ہے۔ واضح رہے کہ ان نوٹیفکیشنز کے ذریعے دکھائے جانے والے کارڈ اکاؤنٹ کی سرگرمی میں کسٹمر کا نام یا اکاؤنٹ کی معلومات شامل نہیں ہوتی ہیں۔ اگر کسٹمر push نوٹیفکیشنز حاصل نہیں کرنا چاہتا تو وہ ڈیوائس کی سیٹنگز (settings) یا ایپلی کیشن کی سیٹنگز (settings) کے ذریعے انہیں غیر فعال کر سکتا ہے۔



29.2.14 کسٹمر کسی بھی ڈیوائس پر Tap & Pay via HBL Pay میں رجسٹرڈ کارڈز میں سے ایک کو حذف کر دیتا ہے تو، بینک اس کارڈ کو دیگر ڈیوائسز پر استعمال کرنے کی اجازت دیتا ہے جن پر کسٹمر نے کارڈ کو شامل کیا ہے۔ اگر کسٹمر دوسری ڈیوائسز پر کارڈ کو استعمال نہیں کرنا چاہتا تو وہ کارڈ کو مینوئیلی (manually) دیگر ڈیوائسز سے حذف کر سکتا ہے۔

29.2.15 Tap & Pay via HBL Pay روٹڈ (rooted) اینڈرائیڈ (android) ڈیوائسز پر دستیاب نہیں ہے۔

29.2.16 کسٹمر تسلیم کرتا ہے کہ Tap & Pay via HBL Pay سے کی گئی تمام ٹرانزیکشنز کسٹمر کے ذریعے کی گئی ہیں، اور انہیں کسٹمر کے خلاف حتمی ثبوت کے طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے۔ کسٹمر یہ بھی اقرار کرتا ہے کہ بینک Tap & Pay via HBL Pay سے کی جانے والی کسی بھی ٹرانزیکشنز کے نتیجے میں کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرے گا، ان کی قسم یا ذریعہ کوئی بھی ہو، جب تک کہ ان پر لاگو شرائط وضوابط، بشمول بغیر کسی حد کے، HBL کریڈٹ کارڈز کے شرائط وضوابط اور ان شرائط وضوابط کے مطابق کارروائی کی گئی ہو۔

29.2.17 بینک کسی ایسے نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا جو کہ کسٹمر کو خراب مواصلاتی نیٹ ورک یا خراب ٹرانسمیشن اور/ یا رسائی کے نتیجے میں ہوا ہو۔ اس کے علاوہ، بینک کسی بھی دانستہ خرابی کا ذمہ دار نہیں ہوگا جو کسٹمر کی ڈیوائس ہیک ہونے کے نتیجے میں ہوئی ہو۔

29.2.18 بینک کو حق حاصل ہے کہ وہ Tap & Pay via HBL Pay کو معطل اور/ یا عارضی طور پر بلاک یا منسوخ کر دے اگر کسٹمر اپنے کارڈ کے استعمال کے سلسلے میں بینک کے ساتھ اپنے کسی معاہدے کی ذمہ داریوں کی خلاف ورزی کرتا ہے۔

29.2.19 بینک کو حق حاصل ہے کہ وہ، کسی بھی وقت اور پیشگی اطلاع کے بغیر، HBL Pay میں فراہم کسی بھی ڈیجیٹائزڈ (digitized) کارڈز میں ترمیم، شامل، تبدیلی اور/ یا منسوخی کر سکتا ہے، اور یا کسٹمر کو مطلع کرنے کے بعد Tap & Pay via HBL Pay میں استعمال سافٹ ویئر کے حوالے سے ایسا ہی کرنے کا حق رکھتا ہے۔

29.2.20 ایسی صورت میں کہ کسٹمر Tap & Pay via HBL Pay کو مزید استعمال کرنے کی خواہش نہ رکھتا ہو، تو کسٹمر Tap & Pay via HBL Pay استعمال کرتے ہوئے بنائے گئے کارڈ (کارڈز) کو حذف کر سکتا ہے، جو متعلقہ کارڈ (کارڈز) کے خلاف کسٹمر کی طرف سے Tap & Pay via HBL Pay کے استعمال کو بند کرنے کی علامت ہوگا۔

29.2.21 بینک کسٹمر کو مکمل کردہ ٹرانزیکشنز کی اطلاع پر مشتمل کوئی push نوٹیفکیشن جاری کرنے کا پابند نہیں ہے، اور کسٹمر Tap & Pay via HBL Pay کے ذریعے کیے گئے آرڈر کو منسوخ نہیں کرسکتا۔ یہ ٹرانزیکشن کسٹمر کی رضامندی سے کیے گئے مانے جائیں گے۔

29.2.22 سروس میں رکاوٹ یا بے قاعدگی کی صورت میں بینک کوئی ذمہ داری نہیں اٹھائے گا۔

29.2.23 اگر کارڈز، موبائل فون، انٹرنیٹ، یا ٹرانزیکشن کے دیگر کوئی ذرائع استعمال کرتے ہوئے کسٹمر کی جانب سے کئے جانے والے آرڈرز یا ٹرانزیکشنز کی صداقت پر بینک کو شبہ ہو، یا جہاں بینک کو کسی بھی ڈیٹا کی خلاف ورزی کا شبہ ہو، تو وہ، کسی ذمہ داری کے بغیر، کسٹمر کو فراہم کردہ کوئی بھی سروسز روکنے اور/ یا بلاک کرنے کا اختیار رکھتا ہے بشرطیکہ کہ کسٹمر کو اس کی اطلاع دی گئی ہو۔ بینک آزاد مواصلاتی نیٹ ورک کے خطرے سے محفوظ رکھنے کے لیے کسٹمر کو محفوظ رکھنے کے تمام ممکنہ حفاظتی ذرائع استعمال کرتا ہے۔ ان نیٹ ورکس کے استعمال کے نتیجے میں کسٹمر کو پہنچنے والے کسی بھی نقصان کی ذمہ داری بینک پر عائد نہیں ہوگی اور ان کے درخواست کردہ Tap & Pay via HBL Pay کے استعمال کے نتیجے میں تمام تر خطرات صرف کسٹمر برداشت کرے گا۔

29.2.24 کسٹمر بینک کے ریکارڈز کی درستگی کو تسلیم کرتا ہے، اس سلسلے میں انہیں حتمی، فیصلہ کن اور لازم ثبوت کے طور پر قبول کرتا ہے۔

29.2.25 کسٹمر اقرار کرتا ہے کہ تمام بینکنگ ٹرانزیکشنز سے متعلق تمام قسم کی الیکٹرونک ٹرانزیکشنز درست ہیں اور کسٹمر کے خلاف بطور ثبوت قابل قبول ہیں اور ان پر کسی بھی طرح سے اعتراض نہیں کیا جاسکتا ہے۔ کسٹمر بذریعہ ہذا مستقبل میں ان الیکٹرونک ٹرانزیکشنز کو چیلنج کرنے یا ان کی صداقت کو چیلنج کرنے کے اپنے حق سے حتمی طور پر دستبردار ہوگا اور یہ دستبرداری ناقابل واپسی ہوگی۔ کسٹمر یہ بھی سمجھتا ہے کہ الیکٹرونک ٹرانزیکشن میں ڈیٹا، اشکال، علامتیں، آوازیں، ڈیٹابیسز (databases)، کمپیوٹر سافٹ ویئر، الیکٹرونک ڈیٹا ایکسچینج کا عمل، معلوماتی پیغامات، الیکٹرونک ریکارڈز، الیکٹرونک معاہدے، الیکٹرونک دستخط، انفارمیشن پروسیسنگ سسٹم فیکس اور ای میل وغیرہ شامل ہیں۔ کسٹمر اس بات سے اتفاق کرتا ہے کہ صارف کو محض معلوماتی پیغام بھیجنا ہی کسٹمر کی جانب سے اس کی وصولی کا فیصلہ کن ثبوت سمجھا جاتا ہے اور اس طرح کے پیغام کسٹمر کے خلاف مکمل قانونی حیثیت رکھتے ہیں۔



## عمومی شرائط وضوابط

### 1. زبانی اور الیکٹرانک ہدایات کو تسلیم کرنے سے متعلق حکم، اختیار اور تلافی

کارڈ ممبر جس نے اپنے کوائف HBL CreditCard کے درخواست فارم پر فراہم کئے ہیں بینک سے یہ درخواست کرتا ہے کہ وہ کارڈ ممبر یا دیگر کسی شخص جو کہ خود کو اس کی جگہ ظاہر کرے (بینک کی جانب سے خاطر خواہ تسلی کے بعد) کارڈ ممبر کی ذاتی، سیکورٹی تفصیلات Password/PIN کی تصدیق کے بعد بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والی تمام بینکنگ خدمات (خدمات) جو کہ بینک وقتاً فوقتاً فراہم کرتا ہو، کی جانب سے ٹیلی فون یا کی اسٹروک (keystroke) پر مبنی الیکٹرونک ہدایات کو تسلیم کرکے اور ان پر عملدرآمد کرے، بینک اس بات کا مکمل طور پر مجاز ہوگا اور اسے یہ مکمل اختیار حاصل ہوگا کہ وہ ان ہدایات کو قبول کرے یا نہ کرے اور کسٹمر یہاں غیر مشروط طور پر درج ذیل پر رضامندی کا اظہار اور عہد کرتا ہے:

1.1 کہ بینک کو غیر مشروط اور ناقابلِ تنسیخ اختیار ہے کہ وہ بینک کو موصول ہونے والی تمام ہدایات جو کہ ٹیلی فون کے ذریعہ یا آئی وی آر پر کی اسٹروک (keystroke)، موبائل، انٹرنیٹ بینکنگ کے ذریعہ ملیں، ان پر عملدرآمد کرے اور وہ اس ضمن میں حتمی طور پر ان کے مصدقہ ہونے اور ان ہدایات کے بارے میں مکمل اجازت دیئے جانے اور انہیں کسٹمر کی جانب سے ہونے کو تسلیم کرے اگر یہ ہدایات دینے والا کسٹمر کی تصدیق کے لئے کئے جانے والے سوالات جو کہ یہاں شامل ہیں، کے درست جواب دے تو، بینک کی جانب سے ذیل میں دیئے گئے سوالات کئے جاسکتے ہیں لیکن یہ صرف انہی تک محدود نہیں ہوں گے۔

i- کسٹمر کا کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ نمبر (CNIC)

ii- پرسنل آئی ڈینٹی فکیشن نمبر یا Password، جیسی صورتحال ہو، جو کہ بینک کے کسٹمر کو جاری کیا ہوتا کہ اس سے کسٹمر کی شناخت کی تصدیق ہوسکے اور جن کے ذریعہ کسٹمر الیکٹرونک طریقہ کار کو استعمال کرتے ہوئے خدمات کو حاصل کرسکے۔

1.2 بینک کو اپنی صوابدید پر مکمل طور پر یہ اختیار ہوگا کہ وہ اگر سمجھے کہ دی جانے والی کوئی بھی زبانی ہدایات، اگر بینک کی اپنی رائے میں مصدقہ نہیں یا کسی اور وجہ سے بینک ان پر عملدرآمد نہیں کرسکتا تو انہیں قبول کرنے یا ان پر عملدرآمد کرنے سے انکار کردے۔

1.3 کسٹمر یہ قبول کرتا ہے کہ وہ سبسکرپشن فارم میں بیان کی گئی سیکورٹی معلومات کی بھرپور حفاظت کو یقینی بنائے گا اور مزید رضامندی دیتا ہے کہ وہ:

i- اپنا/اپنی Password/PIN ایسا نہیں رکھے گا جس سے کوئی آسانی سے اندازہ کرسکے کہ یہ Password/PIN ہے۔

ii- کارڈممبر اپنی Password/PIN کے بارے میں کسی فرد کو رضا کارانہ طور پر نہیں بتائے گا۔

iii- نہ ہی لاپرواہی اور کوتاہی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی Password/PIN کو ظاہر کرے گا۔

iv- اگر کسی اور کو اس کی Password/PIN کے بارے میں علم ہو جائے تو ایسی صورت میں کارڈممبر فوری طور پر بینک کو مطلع کرے گا۔

1.4 براہِ مہربانی اس بات کو ذہن نشین کرلیں کہ بینک کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ بینک کی جانب سے فراہم کی جانے والی مختلف خدمات پر کسی قسم کی فیس/ چارجز عائد کرے اور جن کا تذکرہ شیڈول آف سروس چارجز میں کیا گیا ہے۔

1.5 ٹیلی فون یا آئی وی آر کی اسٹروک (keystroke) پر، موبائل، انٹرنیٹ بینکنگ، بشمول ان کی کارکردگی، معیار، سیکیورٹی مواد، معلومات کی دستیابی، حفاظت اور ٹیلی فون یا IVR پر کی اسٹروک (keystroke)، موبائل، انٹرنیٹ بینکنگ کے مصدقہ ہونے کے بارے میں تحریری یا غیر تحریری کسی قسم کی ضمانت نہیں دی جا سکتی۔

1.6 ٹیلی فون یا بذریعہ دیگر نیٹ ورکس (کیبل، وائرلیس، انٹرنیٹ یا دیگر طرح کی) میں خلل واقع ہوسکتا ہے۔ اگرچہ بینک اس بات کو یقینی بنانے کے لئے مکمل حفاظتی اقدامات کرتا ہے کہ آئی وی آر، موبائل، انٹرنیٹ بینکنگ ہر طرح سے محفوظ ہو، لیکن کارڈممبر کی جانب سے بینکنگ سروسز اور ٹرانزیکشنز کے لئے الیکٹرونک چینلز کے استعمال کے باعث اسے ہونے والے کسی نقصان کا کسی صورت میں بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

1.7 بینک کسی بھی صورت میں اس بات کا ذمہ دار نہیں ہوگا اگر وقتاً فوقتاً معمول کی دیکھ بھال یا ہنگامی مرمت یا بجلی، مواصلاتی نظام یا نیٹ ورکس کی عدم دستیابی کے باعث آئی وی آر، موبائل، انٹرنیٹ بینکنگ دستیاب نہ ہوسکیں۔

1.8 بینک کسی ٹرانزیکشن کے نہ ہونے یا درست طریقہ سے عمل نہ کئے جانے جس کی وجہ براہ راست یا بالواسطہ آلات، الیکٹرونکس، کمیونیکیشن اور اسی طرح کی میکینکل خرابی یا اطلاعات کی غلط طور پر فراہمی، صنعتی تنازعہ اور ایسے دیگر عوامل جو کہ بینک کی دسترس سے باہر ہوں، کے باعث کسٹمر کو ہونے والے نقصان اور ضرر کا کسی بھی طور ذمہ دار نہیں ہوگا۔

1.9 اس اختیار میں دی گئی شرائط کسٹمر پر مکمل قانونی طور پر عائد اور قابل تعمیل ہوں گی۔ بینک کی جانب سے اس اختیار کے تحت شرائط کی پیروی کرنے پر کسٹمر کو کسی قسم کے اعتراض، تنازعہ یا ازالہ کا حق اور دیگر حقوق حاصل نہیں ہوں گے۔



1.10 کسٹمر یہاں بینک کو اجازت اور اختیار دیتا ہے کہ وہ آئی وی آر کی اسٹروک (keystroke)، موبائل، انٹرنیٹ بینکنگ، ویب سائٹ کی اسٹروک (keystroke) اور دیگر زبانی رابطے کو ریکارڈ کر سکے تا کہ کسٹمر کی جانب سے دی گئی ہدایات کا ثبوت بینک کے پاس موجود رہے۔

1.11 کسٹمر اس بات کو تسلیم اور قبول کرتا ہے کہ بینک اگر اس اختیار اور اس کی شرائط کے تحت دی گئی کسی ہدایات پر انحصار کرتے ہوئے اقدامات کرتا ہے تو کارڈممبر اس کے خلاف کسی قسم کے دعوے کا مجاز نہیں ہوگا وہ اس بات کی بھی مشروط رضامندی دیتا ہے کہ وہ ان ہدایات پر عملدرآمد کے نتیجے میں کارڈممبر کو ہونے والے کسی یا تمام براہ راست یا اس کے نتیجے میں ہونے والے نقصانات، ضرر، اخراجات، لاگت، دعوؤں، قانونی عمل یا اعتراضات، خواہ کسی بھی نوعیت کے ہوں سے بینک کو مکمل طور پر بری الذمہ رکھے گا۔

1.12 بینک اس بات کا مجاز ہوگا کہ وہ اس اختیار کو بغیر کوئی وجہ بتائے کسی کسٹمر کو تنہا یا تمام کو اجتماعی طور پر نوٹس دے کر ختم کر دے۔ کارڈممبر کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ اس اختیار کو اصلی تحریری ہدایات کے ذریعہ ختم کر دے اور یہ خاتمہ اس نوٹس کی وصولی کے ساتویں دن سے مؤثر شمار ہوگا۔ اس حتمی منسوخی سے قبل کارڈممبر کی جانب سے دی جانے والی کوئی بھی بینکنگ سروس ہدایات یا اس کے برعکس مکمل طور پر مؤثر اور ناقابل تنسیخ شمار ہوں گی اور ان پر عملدرآمد کیا جائے گا۔

1.13 کسٹمر کی جانب سے کسی اکاؤنٹ سے ادائیگی یا فنڈ کی منتقلی سے متعلق ہدایات سے قبل کسٹمر پیشگی ایسے اکاؤنٹ نمبر (نمبرز) جو کہ اس کا سورس اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) ہو اور جن کے بارے میں سبسکرپشن فارم میں بھی بتایا گیا ہے اور کسی تھرڈ پارٹی کے اکاؤنٹ نمبرز جن میں فنڈز کی منتقلی کی درخواست کی جارہی ہو، کے بارے میں بینک کو پیشگی مطلع کرے گا اور جو کہ اس اختیار میں بیان شرائط کے مطابق ہوگا بینک فنڈز کی تھرڈ پارٹی اکاؤنٹ میں منتقلی کی کسی درخواست پر اس وقت تک عملدرآمد نہیں کرے گا جب تک مناسب فارم پر، جو کہ تھرڈ پارٹی ٹرانسفر کی اجازت کا فارم ہو، ایسے ٹرانسفر سے قبل درخواست نہ کی گئی ہو اور جس کی تفصیلات نہ دی گئی ہوں۔

1.14 کسٹمر اس بات کو بھی تسلیم کرتا ہے اس اختیار زبانی ہدایات کے تحت، بینک کی جانب سے بذریعہ ٹیلی فون فراہم کی جانے والی خدمات میں خطرات موجود ہوتے ہیں جن میں بشمول لیکن صرف انہی تک محدود نہیں دھوکہ اور غلط/ مرضی کے برعکس ہدایات کے نتیجہ میں ممکنہ خطرات شامل ہیں اور انہیں بینک مکمل طور پر ختم کرنے کی ضمانت نہیں دے سکتا۔ کسٹمر کی جانب سے HBL Contact Centre سینٹر یا کسی دیگر الیکٹرونک بینکنگ سروسز کا استعمال اس بات کا اظہار ہوگا کہ مالی ٹرانزیکشنز کو انجام دینے کے لیے زبانی اور کی اسٹروکس (keystrokes) پر مبنی ہدایات میں موجود خطرات اور محدودیت

سے وہ بخوبی واقف ہے اور استعمال کے وقت موجود شرائط کو تسلیم اور قبول کرتا ہے اس اختیار کے تحت ہدایات پر عملدرآمد کی صورت میں بینک کو تمام ذمہ داریوں سے بری الذمہ قرار دیتا ہے۔

## 2۔ کریڈٹ شیلٹر کے لئے شرائط وضوابط

### 2.1 تعریفیں

اِس کریڈٹ شیلٹر اسکیم کے لئے درج ذیل تعریفیں لاگو ہوں گی علاوہ اس کے کہ بصورتِ دیگر وضاحت نہ کر دی جائے:

"حادثے" سے مراد جسم کو لگنے والی ایسی ضرب ہے جو کہ مکمل طور پر اور براہِ راست بیرونی تشدد اور حادثے کے باعث لگی ہو اور خود نہ لگائی ہو اور کسی اور عمل کا نتیجہ ہو۔

**"بینک"** بینک سے مراد حبیب بینک لمیٹڈ ہے۔

"کارڈ ممبر" سے مراد بینک کا ایسا کریڈٹ کارڈ ہولڈر جس نے اس کریڈٹ شیلٹر اسکیم کے تحت سبسکرائب کیا ہو اور انشورنس قبول کی ہو۔

**"اختتامی بیلنس"** سے مراد واقعہ کی تاریخ پر بینک کو کارڈ ممبر کی جانب سے واجب الادا تمام رقم ہے، بشمول ان سروس چارجز/شرح سود کے جو کہ بینک نے عائد کی ہو اور جو واقعہ کی تاریخ سے (2) دو ماہ قبل سے اوپر کے نہ ہو اور مقرر کردہ "کریڈٹ کی حد" سے تجاوز نہ کرتے ہوں۔

**"آغاز کی تاریخ"** سے مراد وہ تاریخ ہے جس دن سے کارڈ ممبر نے اس کریڈٹ شیلٹر اسکیم کے انشورنس لینا قبول کی ہے۔

**"کارڈ اکاؤنٹ"** کا مطلب وہی ہوگا جو HBL کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط میں اصطلاح کو تفویض کیا گیا ہے۔

**"کریڈٹ کارڈ فیسیلیٹی"** سے مراد حبیب بینک لمیٹڈ کی جانب سے کارڈ ممبر کے لئے کھولا گیا وہ کریڈٹ کارڈ اکاؤنٹ ہے جو اس کریڈٹ کارڈ شیلٹر اسکیم کے تحت ہو۔

**"کریڈٹ کارڈ اسٹیٹمنٹ"** سے مراد وہ ماہانہ اسٹیٹمنٹ ہے جو بینک کی جانب سے کریڈٹ کارڈ کسٹمر کو جاری کیا جاتا ہے اور جس میں تمام ٹرانز یکشنز بشمول "اختتامی بیلنس" اور یہاں صراحت کردہ کریڈٹ کارڈ فیسیلیٹی کی "ماہانہ اقساط" شامل ہیں۔

**"کریڈٹ کی حد"** سے مراد کریڈٹ کارڈ کی وہ زیادہ سے زیادہ استعمال شدہ رقم (بشمول چارجز / سود) ہے جو بینک کی جانب سے کارڈ ممبر کو "کریڈٹ کارڈ فیسیلیٹی" کے تحت دی گئی ہو بشرطیکہ کریڈٹ کارڈ ممبر کے پاس موجود تمام کریڈٹ کارڈ فیلیسٹز کی کل دستیاب رقم Rs. 2,500,000 (پچیس لاکھ روپے) سے زائد نہ ہو۔



**"کریڈٹ شیلٹر اسکیم"** سے مراد HBL کریڈٹ کارڈز پر حاصل کی جانے والی کریڈٹ شیلٹر انشورنس پالیسی ہے۔

**"کریڈٹ شیلٹر انشورنس"** ایک انشورنس پروگرام ہے جو انتقال، مستقل مکمل معذوری یا مکمل عارضی معذوری کی صورت میں HBL کریڈٹ کارڈ کے واجب الادا بیلنس کے لیے کوریج فراہم کرتا ہے۔

**"واقعہ"** سے مراد کارڈ ممبر کا انتقال، عارضی یا مکمل معذوری ہے۔

**"واقعہ کی تاریخ"** سے مراد کارڈ ممبر کے انتقال، عارضی یا مکمل معذوری کی اصل تاریخ ہے۔

**"انشورر"** سے مراد جوبلی لائف انشورنس کمپنی لمیٹڈ ہے۔

**"قرض داری"**

الف) کسی حادثے یا بیماری کی صورت میں ایک انشورڈ کارڈ ممبر کے انتقال کے وقت (علاوہ اس کے کہ یہاں بیان کردہ "حدود" کے زمرے میں آتی ہوں) وہ تمام رقم ہے جو کریڈٹ کارڈ ممبر کی کریڈٹ کارڈ فیسلیٹی کے آخری اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں "اختتامی بیلنس" کے طور پر درج ہو۔ اس حادثے یا متعلقہ حادثے کے واقع ہونے سے قبل ہو، مزید یہ کہ کریڈٹ کارڈ فیسلیٹی کے تحت کی جانے والی ایسی مجاز ٹرانز یکشنز جو اس واقعہ سے قبل کی گئی ہوں لیکن اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں ظاہر نہ ہوسکی ہوں، بشرطیکہ، تاہم، اگر عارضی مکمل معذوری کی صورت میں کارڈ ممبر کے انتقال سے قبل ادائیگی کر دی گئی ہو۔ تو ایسی صورت میں قرضہ داری کی رقم گھٹ کر صرف اتنی رہ جائے گی جو کہ کارڈ ممبر کو عارضی یا مکمل معذوری کی صورت میں پہلے ادا کی گئی تھی۔

اس کے باوجود کسی صورت میں بھی "قرضہ داری" کی کل رقم درجِ بالا واضح کردہ کارڈ ممبر کی "کریڈٹ کی حد" سے تجاوز نہیں کرنی چاہیئے۔ تاہم اگر بینک کی جانب سے کریڈٹ کارڈ فیسلیٹی پر اس واقعہ سے قبل، عائد کردہ چارجز/انٹرسٹ کی رقم ملا کر کارڈ ممبر کی "کریڈٹ کی حد" سے تجاوز کر جائے تو انشورر اضافی رقم بھی بینک کو ادا کرے گا۔

ب) کسی حادثے یا بیماری کے نتیجے میں انشورنس کے حامل کارڈ ممبر کی مستقل اور مکمل معذوری کی صورت میں (علاوہ اس کے کہ یہاں پہلے بیان کردہ "حدود" میں آتی ہوں) وہ تمام رقم ہے جو کریڈٹ کارڈ ممبر کی کریڈٹ کارڈ فیسلیٹی کے آخری اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں "اختتامی بیلنس" کے طور پر درج ہو، اس حادثے یا متعلقہ حادثے کے واقع ہونے سے قبل ہو، مزید یہ کہ کریڈٹ کارڈ فیسلیٹی کے تحت کی جانے والی ایسی مجاز ٹرانز یکشنز جو اس واقعہ سے قبل کی گئی ہوں لیکن اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ میں ظاہر نہ ہوسکی ہوں، بشرطیکہ، تاہم، اگر عارضی مکمل معذوری کی صورت میں کارڈ ممبر کے انتقال سے قبل ادائیگی کر دی گئی ہو۔ تو ایسی صورت میں قرضہ داری کی رقم گھٹ کر صرف اتنی رہ جائے گی جو کہ کارڈ ممبر کو عارضی یا مکمل معذوری کی صورت میں پہلے ادا کی گئی تھی۔

اس کے باوجود کسی صورت میں بھی "قرضہ داری" کی کل رقم درج بالا واضح کردہ کارڈممبر کی "کریڈٹ کی حد" سے تجاوز نہیں کرنی چاہیئے۔ تاہم اگر بینک کی جانب سے کریڈٹ کارڈ فیسلیٹی پر اس واقعہ سے قبل، عائد کردہ چارجز/انٹرسٹ کی رقم ملا کر کارڈممبر کی "کریڈٹ کی حد" سے تجاوز کر جائے تو انشورر اضافی رقم بھی بینک کو ادا کرے گا۔

ج) کسی حادثے یا بیماری کے نتیجے میں انشورنس کے حامل کارڈممبر کی عارضی اور مکمل معذوری کی صورت میں (علاوہ اس کے کہ یہاں درجِ ذیل بیان کردہ "حدود" میں آتی ہوں) اس کو معذوری کے عرصے کے دوران زیادہ سے زیادہ چھ ماہ تک "ماہانہ اقساط" کی ادائیگی کی جائے گی۔ تاہم کسی صورت میں بھی "قرضہ داری" کی کل رقم درج بالا صراحت کردہ کارڈممبر کی "کریڈٹ کی حد" سے تجاوز نہیں کرنی چاہیئے۔ تاہم اگر بینک کی جانب سے کریڈٹ کارڈ فیسلیٹی پر اس واقعہ سے قبل، عائد کردہ چارجز/سود کی رقم ملا کر کارڈممبر کی "**کریڈٹ کی حد**" سے تجاوز کر جائے تو انشورنس کے حامل فرد کو اضافی رقم بھی بینک کو ادا کرنی ہوگی۔ "بیماری" کی صورت میں قرضہ داری صرف اس صورت میں قابلِ ادائیگی ہوگی جب کارڈممبر کو انشورنس پالیسی لئے ہوئے 30 دن کا عرصہ ہو چکا ہو۔

"**ماہانہ اقساط**" سے مراد "کم از کم ادائیگی کی کل رقم" ہے جو کارڈممبر کی جانب سے بینک کو واجب الادا ہے اور یہ وہ تمام مجاز ٹرانزیکشنز ہیں جو اس حادثے یا متعلقہ حادثے کے واقع ہونے سے قبل کریڈٹ کارڈ فیسلیٹی کے تحت کی گئی ہوں، اور کارڈممبر کے کریڈٹ کارڈ اسٹیٹمنٹ آف اکاؤنٹ کے مطابق ہوں۔

"**بیماری**" سے مراد ایسا مرض یا بیماری ہے جو کہ آغاز کی تاریخ کے بعد پہلی مرتبہ ہو ماسوائے یہاں ذیل میں ''حدود'' کے تحت بیان کی گئی ہوں۔

"**سپلیمنٹری کارڈ**" کا مطلب وہی ہوگا جو HBL کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط میں اصطلاح کو تفویض کیا گیا ہے۔

"**سپلیمنٹری کارڈممبر**" کا مطلب وہی ہوگا جو HBL کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط میں اصطلاح کو تفویض کیا گیا ہے۔

"**عارضی مکمل معذوری**" سے مراد یہ ہے کہ کسی حادثے یا بیماری کے باعث کارڈممبر 45 دن سے زیادہ عرصے کے لئے اپنی پیشہ وارانہ ذمہ داریوں کی ادائیگی سے قاصر رہے، اس کے ساتھ ساتھ وہ اس عرصے کے دوران کسی اور ملازمت سے تنخواہ حاصل نہ کر رہا ہو اور نہ ہی اسے اپنی ملازمت سے کسی قسم کے فوائد (بشمول بیماری کی تنخواہ) یا کوئی سوشل سیکیورٹی کمپینسیشن کی سہولت حاصل ہو۔ مکمل عارضی معذوری کارڈممبر کی پالیسی کے آغاز کی تاریخ کے 30 دن بعد انشورنس کے لئے قابلِ اطلاق ہوگی۔

"**مستقل مکمل معذوری**" سے مراد کسی حادثے یا بیماری کے نتیجے میں ہونے والی (علاوہ اس کے کہ یہاں درجِ ذیل بیان کردہ "حدود" میں آتی ہو) ایسی معذوری ہے جس کی وجہ سے



کارڈممبر مسلسل 6 ماہ تک اس سے کم عرصے کے لئے نہیں معذوری کا شکار رہے اور وہ کسی ایسے پیشے سے وابستہ ہو جس کے لئے وہ تعلیم وتربیت اور تجربے کے لحاظ سے موزوں ہو اور انشورر اس بات سے متفق ہو کہ کارڈممبر طویل عرصے تک معذور رہ سکتا ہے۔

کریڈٹ شیلٹر کے لیے یہ شرائط وضوابط اضافی ہوں گے اور ان کو HBL کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط کے ساتھ پڑھا جائے گا۔

## 2.2 کریڈٹ شیلٹر انشورنس

2.2.1 کریڈٹ شیلٹر انشورنس کے تحت بینک کا کردار ایک ڈسٹری بیوٹر/کارپوریٹ ایجنٹ کا ہوگا۔ بینک قابل اطلاق پریمیم کی رقم کو انشورر کی جانب سے کارڈممبر کے کارڈ اکاؤنٹ سے ڈیبٹ کرے گا۔

2.2.2 کارڈممبر کے لئے کریڈٹ شیلٹر انشورنس کے حصول کا انحصار انشورر کی حتمی منظوری پر ہوگا۔

2.2.3 کارڈممبر کو کریڈٹ شیلٹر انشورنس کی سہولت، ایک سے زائد کریڈٹ کارڈ فیسلیٹی کے تحت دی جاسکتی ہے۔ ایسی صورت میں انشورنس کی حد متعلقہ کریڈٹ کارڈز کے حساب سے علیحدہ علیحدہ خیال کی جائے گی۔

2.2.4 انشورنس کی سہولت صرف کریڈٹ کارڈ فیسلیٹی کے حامل ایک بنیادی کریڈٹ کارڈممبر کو فراہم کی جائے گی۔ اس سہولت کا اطلاق اضافی/سپلیمنٹری کارڈ ہولڈرز پر نہیں ہوگا۔ تاہم سپلیمنٹری کارڈ(ز) پر ہونے والے وہ تمام اخراجات جو اس واقعہ سے قبل ہوں وہ بھی بنیادی کارڈممبر کی "قرضہ داری" میں شامل ہوں گے، اس واقعہ کے پیش آنے کی صورت میں، جس کا تعلق صرف اس کی اپنی زندگی سے ہو۔

## 2.3 فوائد

انشورر کی طے کردہ شرائط وضوابط کے مطابق درجِ ذیل فوائد دستیاب ہوں گے:

### 2.3.1 انتقال کی صورت میں

کارڈممبر کے انتقال کی صورت میں انشورر، بینک کو اس کے "**قرض داری**" کے پیراگراف (الف) میں بیان کردہ کے تحت آنے والی رقم کی ادائیگی کرے گا۔ اس کا انحصار ایسی حدود پر ہوگا جن کا ذکر درجِ ذیل، شق 4.10 میں کیا گیا ہے۔

### 2.3.2 مکمل عارضی معذوری کی صورت میں

کارڈممبر کی مکمل عارضی معذوری کی صورت میں انشورر، کارڈممبر کی معذوری کے عرصے کے دوران، بینک کو اس کے "قرض داری" پیراگراف (ج) کی صراحت کے تحت آنے والی رقم کی ادائیگی کرے گا۔ اس کا انحصار ایسی کسی "حدود پر ہوگا" سے ہے جن کا ذکر درج ذیل میں کیا گیا ہے۔

**2.3.3 مکمل مستقل معذوری کی صورت میں**

کارڈممبر کی مکمل مستقل معذوری کی صورت میں انشورر، بینک کو اس کے "قرض داری" پیراگراف (ب) کی صراحت کے تحت آنے والی رقم کی ادائیگی کرے گا۔ اس کا انحصار ایسی کسی "حدود پر ہوگا" سے ہے جن کا ذکر درج ذیل میں کیا گیا ہے۔

**2.4 عمومی شرائط**

2.4.1 جہاں بھی سیاق وسباق کے اعتبار سے درکار ہو، مذکر کے ذکر میں مونث اور واحد کے صیغے کے ذکر میں جمع بھی شامل ہے اور اس کے برعکس۔

**2.4.2 عمر کی حد**

کارڈممبر کی عمر 65 سال ہوجانے پر وہ کسی قسم کے فوائد کا حقدار نہیں ہوگا۔ 60 سال سے زائد عمر کے کارڈممبر کو کسی قسم کی انشورنس کی سہولت نہیں دی جائے گی۔

**2.4.3 فوائد کی ادائیگی**

تمام فوائد بینک کو قابلِ ادائیگی ہوں گے۔ ان فوائد کی بینک کو ادائیگی کے بعد انشورر دعوے کے سلسلے کے تمام فرائض، ادائیگیوں اور ذمہ داریوں سے بری الذمہ ہوجائے گا۔

**2.4.4 انشورنس کا آغاز**

موجودہ کارڈممبرز کے حوالے سے:

الف) اس کریڈٹ شیلٹر اسکیم کے تحت انشورنس آغاز کی تاریخ سے دیا جائے گا۔

ب) اگر پریمیئم کی ادائیگی کے لئے مقررہ تاریخ تک پریمیئم کی ادائیگی نہیں کی گئی تو اس کریڈٹ شیلٹر اسکیم کے تحت نہ تو کوئی انشورنس دی جائے گی نہ ہی کسی قسم کے فوائد کی ادائیگی کی جائے گی۔

**2.4.5 پریمیئمز**

ماہانہ پریمیئم جو بینک کو قابل ادائیگی ہوں گے، وہ اختتامی بیلنس کا 0.50% ہوں گے یا جس طرح بھی وقتاً فوقتاً بینک کی جانب سے ترمیم کے بعد مقرر کئے جائیں، اور جو کارڈممبر اپنے آخری ماہانہ "کریڈٹ کارڈ اسٹیٹمنٹ" کے اعتبار سے بینک کو ادا کرے گا۔

پریمیئم کی شرح انشورر کی جانب سے طے کی جائے گی اور بینک کو 60 دن قبل تحریری نوٹس دے کر ان میں تبدیلی کی جاسکتی ہے۔ پریمیئم اس پالیسی کے تحت انشورنس حاصل کرنے والے مختلف کارڈممبرز کے لئے مختلف ہوسکتی ہے۔

**2.4.6 کور کی منسوخی**

یہ انشورنس کور درج ذیل میں سے کسی کے بھی پہلے وقوع پذیر ہونے کی صورت میں ختم ہو جائے گا:

الف) بینک کی جانب سے یہ اطلاع ملنا کہ کارڈممبر کا کریڈٹ کارڈ منسوخ کردیا گیا ہے۔



ب) کارڈممبر کی عمر 65 سال ہوجائے۔

ج) کارڈممبر کا انتقال یا مستقل اور مکمل معذوری

د) کسی کارڈممبر کی جانب سے پریمیئمز کی ادائیگی مقررہ تاریخ کے 30 دن بعد تک نہ کی جائے

ر) بینک یا کارڈممبر کی جانب سے انشورنس کی منسوخی کی تحریری درخواست دی جائے

**2.4.7 دعووں کا طریقہ کار**

i) پالیسی کے تحت فائدے کے دعوی کے لیے واقعہ کے وقوع پذیر ہونے کے 30 (تیس) دنوں کے اندر انشورر کو تحریری نوٹس فراہم کیا جائے۔

ii) کارڈممبر یا کارڈممبر کے قانونی نمائندگان، دعوی کے لئے مقررہ فارم، جو انشورر کی جانب سے جاری کردہ اور بالکل مفت دستیاب ہے، درست طور پر مکمل کریں اور ان کے ساتھ وہ ثبوت بھی منسلک کریں جو دعوی کو مضبوط بنانے اور انشورر کو مطمئن کرنے کے لئے لازمی ہیں۔

iii) کارڈممبر (جہاں ضرورت ہو) کسی مستند طبی ماہر سے معائنہ کروائے، جو کہ انشورر کا ایک معقول مطالبہ ہے۔

iv) کارڈممبر یا ان کے ذاتی قانونی نمائندگان کارڈممبر کی عمر کا ثبوت بھی پیش کریں، اگر انشورر اس کا تقاضہ کرے۔

**2.4.8 نقصان کا ثبوت**

کارڈممبر یا کارڈممبر کے ذاتی قانونی نمائندگان، نوٹس کی وصولی کے بعد، دعوی داخل کرنے کے لئے فارم جمع کرائیں گے۔ فارم عمومی دعوی کے ساتھ انشورر کے بیان کردہ تقاضہ کے مطابق کاغذات کے ساتھ، مکمل صورت میں اور جس کا دعوی کیا جارہا ہے، اس واقعہ کے رونما ہونے کے 90 دن کے اندر بینک میں جمع کرایا جائے گا۔ ایسے فارمز میں درج ذیل دستاویزات، مگر صرف ان ہی تک محدود نہیں، شامل ہوسکتے ہیں:

i) انشورنس پالیسی کے مالک کے کمپیوٹرائزڈ قومی شناختی کارڈ کی درست طور پر تصدیق شدہ نقل

ii) حکومتِ پاکستان کی جانب سے جاری کردہ موت کا مستند سرٹیفکیٹ / مکمل جسمانی معذوری کے لئے مجاز ڈاکٹر کی جانب سے سرٹیفکیٹ۔
ہسپتال / ڈاکٹر کا سرٹیفکیٹ یا علاج کرنے والے معالج کا بیان

iii) شناخت، برانچ / علاقہ کوڈ / سیریل نمبر کے لئے بینک کا دعوی فارم

iv) شناخت کا سرٹیفکیٹ

x) مکمل عارضی معذوری یا مکمل مستقل معذوری کے دعوی کی صورت میں علاج معالجے کا مکمل طبی ریکارڈ

vi) داخل کئے جانے والے دعوی کی نوعیت اور قسم کی مناسبت سے دعوی فارم

vii) تازہ ترین کریڈٹ کارڈ اسٹیٹمنٹس

viii) درج بالا مقررہ مدت کے اندر اندر نوٹس یا نقصان کا ثبوت جمع نہ کرانے کی صورت میں، اگر دعوی اور نقصان کا ثبوت بروقت جمع نہ کرانے کا کوئی معقول جواز پیش کیا جائے گا تو جس کے تحت

بروقت جمع کرانا واقعی ممکن نہ ہو اور دعوی جلد از جلد جمع کرانے کی کوشش کی جائے تو ایسی صورتحال میں انشورنس کے تحت دیئے گئے فوائد میں نہ تو کوئی کمی واقع ہوگی نہ ہی دعوی غیر موثر ہوگا۔

### 2.4.9 قرضے کا ثبوت

انشورر ایسی تحریری دستاویز پر انحصار کرے جس سے کارڈ ممبر کے قرضے کی مالیت کا پتہ چل سکے یا اس کی ماہانہ قسط کا علم ہو سکے جس پر بینک کی جانب سے کسی ذمہ دار افسر کی دستخط ہو۔

### 2.4.10 حدود

درج ذیل صورتوں میں اس پالیسی کے تحت کسی واقعہ کی صورت میں فوائد کی ادائیگی نہیں ہوسکتی:

i) خودکشی یا

ii) دشمنی، ذاتی، خاندانی یا قبائلی رنجش یا کسی اور طرح کی عداوت یا

iii) قتل یا

iv) حمل، حمل کا ضائع ہونا، بچے کی پیدائش یا کوئی غیر مستعدی بیماری جو کہ مادہ تولید یا اعضا کی نسبت سے سامنے آئے

v) دماغی امراض اور ذہنی خلل اور

vi) اپنے آپ کو خود نقصان پہنچانا، خواہ ہوش وحواس میں ہو یا اس کے برعکس یا اس کی کوشش کرنا یا

vii) جنگ، اعلانیہ غیر اعلانیہ جنگ یا شہری بغاوت یا ان کے لئے کوئی عمل، یا کسی ہڑتال، دہشت گردی، لوٹ مار، فوج میں ملازمت، نیوی یا ایئر فورس یا پولیس میں ملازمت یا کسی آرمی یا نیوی کے ادارے کی انشورنس ادارے کی رکنیت یا

viii) ایسا کوئی عمل یا ایسے عمل کی کوشش جس کے باعث شخص پر دیوانی یا فوجداری جرمانے لگیں یا کسی قانون کی خلاف ورزی یا

ix) معمول کی عام مسافر پرواز جس کی کوئی منزل ہو اور جس کا کرایہ لیا جاتا ہو کے علاوہ کوئی سفر یا اس کے علاوہ کوئی پرواز جو کہ معمول کے علاوہ جہاز کے ذریعے ہو۔ یا

x) شراب نوشی یا ایسی کوئی دوا جو کہ کسی طبی مشورے کے علاوہ ہو۔

xi) قتل، غیر ارادی قتل، تشدد آمیز حملے، ہلاکت، دہشت گردی، قتل وغارت گری یا کسی کی جانب سے ایسا وحشیانہ اقدام، سوچا سمجھا یا بے ساختہ یا ہدف کردہ، ارادی یا غیر ارادی اقدام جس کے نتیجے میں انشورنس پالیسی ہولڈر کی موت یا معذوری واقع ہو جائے

xii) ایسی کوئی طبی حالت جو کہ آغاز کی تاریخ سے قبل کی ہو، یا اس پالیسی کے تحت انشورنس ہونے سے پہلے کی ہو۔ ایسی طبی حالت سے مراد چوٹ، بیماری، حالت یا علامات ہیں:

الف) جس کے لئے علاج معالجہ، دوا اور تشخیص کے لئے ڈاکٹر سے رجوع کیا گیا ہو، جس کا اندازہ پہلے سے ہو اور متعلقہ انشورنس سے قبل شروع ہو چکی ہو

ب) جس کا آغاز انشورنس سے قبل ہو چکا ہو اور یا انشور پالیسی ہولڈر یا اس کے بینک کو اس کا علم ہو، چاہے اس کا علاج، دوا، مشورہ، تشخیص لی گئی ہو یا نہ لی گئی ہو یا

xiii) ایسی کوئی طبی حالت کو جو ایچ آئی وی یا اس سے متعلقہ امراض کے باعث ہو



کسی انشورڈ کے سلسلے میں کوئی مکمل عارضی معذوری یا مکمل مستقل معذوری کے فوائد قابل ادائیگی نہیں ہوں گے جہاں انشورڈ نے پہلے کسی کریڈٹ شیلٹر انشورنس پالیسی کے تحت ''**مکمل معذوری**'' کے فوائد حاصل کئے ہوں۔

### 3۔ HBL کریڈٹ کارڈ ایس ایم ایس کی سہولت

3.1 کارڈ ممبر کی جانب سے ایس ایم ایس کی سہولت (SMS Facility) کے حصول کے لئے رضامندی موصول ہونے کی صورت میں، کارڈ ممبر بینک کو اس ایس ایم ایس سہولت کی فیس ادا کرے گا جو کہ شیڈول آف چارجز میں بیان کی گئی ہے اور اس طرح کارڈ ممبر، اس امر کے ذریعے بینک کو اجازت دیتا ہے کہ وہ اس سہولت کی فیس کارڈ ممبر کے اکاؤنٹ سے منہا کر لے اور یہ کہ کارڈ ممبر کے اکاؤنٹ میں ناکافی رقم ہونے کی صورت میں بینک کو یہ اختیار حاصل ہوگا کہ وہ کارڈ ممبر کے بینک میں موجود کسی دوسرے اکاؤنٹ سے فیس کی یہ رقم وصول کرلے۔

3.2 کارڈ ممبر کی جانب سے، بینک کی مقررہ تاریخ تک بینک چارجز کی کسی بھی وجہ سے عدم ادائیگی کی صورت میں، بینک کلی صوابدیدی اختیار رکھتا ہے کہ بغیر کسی نوٹس کے ایس ایم ایس الرٹس کی سہولت عارضی طور پر معطل یا مکمل طور پر یا اس کا کچھ حصہ کسی بھی وقت ختم کردے۔

3.3 کارڈ ممبر اس امر کا اقرار کرتا ہے کہ ایس ایم ایس الرٹس کی یہ سہولت مکمل طور پر ٹیلی کمیونیکیشن انفرا اسٹرکچر، رابطہ کاری اور پاکستان میں فراہم کردہ خدمات پر منحصر ہے۔ کارڈ ممبر اس امر سے بھی اتفاق کرتا ہے کہ بینک کی جانب سے بھیجے جانے والے الرٹس کے بروقت ہونے کا انحصار ان عوامل پر ہے جو ٹیلی کمیونی کیشن کی صنعت پر اثر انداز ہوتے ہیں۔ الرٹس کی عدم وصولی یا تاخیر سے وصولی، غلطی، نقصان، ترسیل میں خرابی یا کسٹمر کو غلط الرٹس کی فراہمی کی صورت میں نہ تو بینک نہ ہی اس کے سروس فراہم کنندہ ذمہ دار ہوں گے۔

### 4۔ ای میل اسٹیٹمنٹ/ای اسٹیٹمنٹ

درج ذیل شرائط وضوابط اس صورت میں لاگو ہوں گی اگر کارڈ ممبر بینک سے درخواست کرے کہ بینک کارڈ ممبر کے ماہانہ اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ (اسٹیٹمنٹس) کو الیکٹرونک میل (ای میل) کے ذریعے مکمل طور پر کارڈ ممبر کی اپنی ذمہ داری اور رسک پر اس کی اپنی سہولت کے لیے ارسال اور فراہم کیا جائے۔ اور بینک اس درخواست پر غور کرنے کے بعد منظوری دینے کا تنہا مجاز ہوگا۔

4.1 کہ اکاؤنٹ اسٹیٹمنٹ بذریعہ ای میل بھیجنے کی کارڈ ممبر کی درخواست پر بینک اس امر کا مجاز ہو گیا اور اسے ہدایت دی گئی ہے، اب جب تک اس ہدایت کو منسوخ کرنے والی تحریری/ٹیلی فونک ہدایت بمعہ اکاؤنٹ کے لیے کسٹمر کے مجاز دستخط، بینک کو موصول نہ ہو جائے اس وقت تک بینک کارڈ ممبر کا اسٹیٹمنٹ بذریعہ ای میل، کسٹمر کے فراہم کردہ پتے پر ارسال کرتا رہے گا۔ کسٹمر کو اس کے ساتھ ساتھ تحریری/شائع شدہ اسٹیٹمنٹ بھی بذریعہ ڈاک یا بینک کاؤنٹر پہ ملتی رہے گی۔

4.2 بینک اس امر کو یقینی بنائے گا کہ کارڈممبر کی معلومات خفیہ رکھی جائیں۔ تاہم کارڈممبر اپنی معلومات کی حفاظت کا خود بھی ذمہ دار ہوگا اور اپنے ای میل پاس ورڈ کو خفیہ رکھے گا۔ اور اس تک دسترس کو بھی محدود رکھے گا۔ اور اسٹیٹمنٹ تک کسی غلط یا غیر مجاز فرد کی پہنچ یا دسترس کا بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔ مزید یہ کہ بینک ایسی صورتحال میں جو بینک کی دسترس سے باہر ہو، کسٹمر کی کسی خفیہ معلومات کے نادانستہ انکشاف یا لیک ہوجانے کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

4.3 بینک کسی بھی وقت کارڈممبر کو تحریری اطلاع دے کر بغیر وجہ بتائے اس اختیار کو ختم کرسکتا ہے۔ کارڈممبر بھی بینک کو تحریری/ٹیلی فونک اطلاع دے کر یہ اختیار ختم کرسکتا ہے۔ اور اس اختیار کی منسوخی کا اطلاق اس تاریخ سے ہوگا جس دن تحریری طور پر بینک کو اس کی ہدایت موصول ہوگی۔

4.4 کارڈممبر اس امر کا اعتراف کرتا/ کرتی ہے اور اسے ریکارڈ پر لاتا/لاتی ہے کہ ای میل کی ترسیل کی تصدیق میں کچھ مسائل پیدا ہوسکتے ہیں اور بینک جو اسٹیٹمنٹ ارسال کرے گا وہ اشاراتی زبان میں ہوگا۔ جو کارڈممبر کی سہولت کے لئے اس کی درخواست پر فراہم کیا جائے گا اور ایسا کرتے ہوئے بینک اپنے عمومی نظام سے ہٹ کے کام کرے تو یہ صرف کارڈممبر کے ذاتی رسک اور ذمہ داری پر ہوگا۔

4.5 کارڈممبر اتفاق کرتا ہے کہ بینک کی جانب سے عائد کردہ ان چارجز کی ادائیگی کرے گا جو اسٹیٹمنٹ بذریعہ ای میل ارسال کرنے کے سلسلے میں بینک کے شیڈول آف چارجز کے اعتبار سے اس پر لاگو ہوں گے۔

4.6 اسٹیٹمنٹ کی "عدم وصولی"، وصولی میں "تاخیر" یا "عدم ترسیل" جو کارڈممبر کا ان باکس بھرا ہوا ہونے کی صورت میں پیش آئے۔ یا فراہم کردہ ای میل ایڈریس کے غلط ہونے کے نتیجے میں ہو یا ای میل ایڈریس میں تبدیلی کی وجہ سے ہو، یا انٹرنیٹ سروس کے تعطل، وائرس کے حملے یا خرابی یا اس سے مماثل صورتوں میں پیش آئے تو یہ کارڈممبر کی ذمہ داری ہوگی کہ وہ بینک سے رابطہ کرے اور اسٹیٹمنٹ حاصل کرے اور کارڈممبر مقررہ تاریخ پر مکمل ادائیگی کا ذمہ دار ہوگا۔

4.7 اسٹیٹمنٹ کی "عدم وصولی"، وصولی میں "تاخیر" یا "عدم ترسیل" کی صورت میں بینک یا اس کا کوئی ملازم یا نمائندہ یا افسران کسی بھی براہ راست، بالواسطہ، حادثاتی یا کارڈممبر کو کسی امر کے نتیجے میں ہونے والے نقصان بشمول مگر اس تک محدود نہیں، منافع کے نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## 5۔ HBL 3D Secure سروس کی شرائط وضوابط

3D Secure ایسی سروس ہے جو آپ کو اس اضافی تحفظ فراہم کرتی ہے، جب آپ اپنا HBL کریڈٹ کارڈ مرچنٹ کی ایسی ویب سائٹ پر آن لائن شاپنگ کے لئے استعمال کررہے ہوں جس ویب سائٹ پر 3D Secure کی سہولیات موجود ہوں۔ قواعد ("قواعد") کی اصطلاح HBL کریڈٹ کارڈ ہولڈرز کے کریڈٹ کارڈز مرچنٹ ویب سائٹس (3D Secure) سروس پر آن لائن ٹرانزیکشن کے لئے استعمال کرنے پر لاگو



ہوتی ہے۔ تمام اصطلاحات جو نمایاں طور پر لکھی گئی ہیں لیکن ان کی صراحت نہیں کی گئی، ان کے معنی HBL کریڈٹ کارڈ شرائط وضوابط کے یکساں اور مساوی ہوں گے۔

### 5.1 HBL کی جانب سے فراہم کردہ 3D Secure اور شرائط کی منظوری

بینک کارڈممبر کو یہ HBL 3D Secure سروس فراہم کرتا ہے، مگر بینک اپنی جانب سے اس سروس کو یا اس کے کسی حصے کو چلانے کے لیے کسی تیسرے فریق کی خدمات حاصل کرے گا۔

بینک کارڈممبر کو HBL 3D Secure سروس فراہم کرتا ہے تاکہ کارڈممبر انٹرنیٹ پر پروڈکٹس اور سروسز کی ادائیگی کرسکیں۔ ای کامرس سے متعلق شرائط وضوابط 3D Secure ویب سائٹس پر موجود ہوں گی جن کے تحت ورچوئل ٹرانزیکشنز کی جائیں گی اور وہ ان شرائط وضوابط کے ساتھ لاگو ہوں گی۔ اس میں کارڈممبر کے قانونی حقوق اور ذمے داریوں اور HBL کے قانونی حقوق وفرائض کے بارے میں اہم معلومات شامل ہیں۔ ان شرائط وضوابط کی ایک نقل آن لائن دستیاب ہے (www.hbl.com وزٹ کریں) اور یہ شرائط وضوابط کارڈممبر کی درخواست پر بذریعہ ڈاک یا ای میل بھی ارسال کی جاسکتی ہیں۔ یہ کارڈممبر کی ذمہ داری ہے اگر HBL 3D Secure یا پروڈکٹ اور/ یا سروس سے متعلق شرائط وضوابط کی کوئی شرط یا کوئی حصہ سمجھنے سے قاصر ہے تو HBL 3D Secure کے ذریعے ٹرانزیکشن سے قبل بینک سے ضرور رابطہ کریں۔

کارڈممبر بذریعہ ہذا اس امر سے اتفاق کرتا ہے کہ HBL 3D Secure سروس کا استعمال اس امر کا اظہار ہے کہ آپ نے یہ شرائط وضوابط منظور کرلی ہیں، اور ان شرائط و ضوابط میں کسی تبدیلی کی اطلاع کے باوجود کارڈممبر کی جانب سے اس سروس کا استعمال جاری رکھنے کا مطلب ہے کہ وہ ان تبدیلیوں کو یا ایسی کسی بھی ترمیم یا قانون کو منظور کرتا ہے۔ جب تک کہ واضح طور پر اس کے برعکس ہدایت نہ جاری کی جائے، ایسی کوئی بھی نئی خصوصیات جو HBL 3D Secure میں اضافے یا کسی بھی دوسرے طریقے سے تبدیلی پیدا کرتی ہوں، وہ ان شرائط وضوابط پہ منحصر رہیں گی۔ بینک کی صوابدید اور درخواست پر، کارڈممبر اس امر سے اتفاق کرتا ہے کہ ان شرائط کے نان الیکٹرونک (غیر برقی) شکل پہ دستخط کرے۔

### 5.2 انٹرنیٹ تک رسائی

5.2.1 HBL 3D Secure استعمال کرنے کے لئے لازمی ہے کہ کارڈممبر انٹرنیٹ تک رسائی کی اہلیت رکھتے ہوں اور اس سروس کے استعمال پر لاگو ہونے والی کوئی فیس ادا کرتے ہوں۔ مزید یہ کارڈممبر اور/ یا سپلیمنٹری کارڈممبر کے پاس لازمی طور پر ایسا ضروری سامان ہونا چاہیے جس کے ذریعے وہ انٹرنیٹ تک رسائی حاصل کرسکیں، بشمول کمپیوٹر اور موڈیم یا اس سے متعلقہ دیگر آلات۔

5.2.2 HBL 3D Secure سہولت استعمال کرنے کے لیے ضروری ہے کہ کارڈممبر بینک کے ساتھ ایک مستند موبائل نمبر اور/ یا ای میل ایڈریس کے ساتھ رجسٹر ہو۔ کارڈممبر

HBL 3D Secure استعمال کرنے سے قبل اس امر کو یقینی بنائیں گے کہ بینک کے پاس موجود ان کا موبائل نمبر اور ای میل ایڈریس آپ کا تازہ ترین موبائل نمبر / ای میل ایڈریس ہے۔ اگر کارڈ ممبر کا موبائل نمبر بینک کے پاس رجسٹرڈ نہیں ہے تو ایسی صورت میں بینک سروس فراہم کرنے یا/اور کارڈ ممبر کو ہونے والے کسی نقصان کا ذمہ دار نہیں ہوگا۔

مزید یہ کہ، کوئی بھی پرائمری / بنیادی کارڈ ممبر (مثلاً سپلیمنٹری کارڈ کے علاوہ) جس کے پاس "HBL کریڈٹ کارڈ" موجود ہو اس کے لیے آن لائن ٹرانزیکشن کرنے سے پہلے ضروری ہے کہ پہلے ایس ایم الرٹ اور / یا ای اسٹیٹمنٹ سروس کے لیے رجسٹر ہو۔

5.2.3 ون ٹائم پاس ورڈ OTP کمیونیکیشن منتخب کرنے سے، کارڈ ممبر بینک کو اس امر کا مجاز کرتا ہے کہ بینک اسے 6 ہندسوں پہ مشتمل پاس ورڈ بینک کے پاس رجسٹر موبائل نمبر اور / یا ای میل ایڈریس پر ارسال کردے۔

5.2.4 کارڈ ممبر، بذریعہ ہذا اعتراف اور اتفاق کرتے ہیں کہ ایس ایم ایس اور ای میل کی ترسیل بینک کی دسترس سے باہر ہے۔ لہذا ایس ایم ایس کی وصولی یا ای میل کی وصولی میں تاخیر / عدم وصولی ہو سکتی ہے، جس کے لیے بینک کسی بھی صورتحال میں ذمہ دار نہیں ہوگا۔

## 5.3 HBL 3D Secure کا استعمال

5.3.1 آپ کا کریڈٹ کارڈ کوئی غیر مجاز فرد آن لائن استعمال نہ کرے اس سے حفاظت کے لیے، HBL 3D Secure آپ کو ایک نئے حفاظتی اقدام سے متعارف کرائے گا۔ جو اس وقت انجام دیا جائے گا جب آپ کچھ مرچنٹ ویب سائٹ پر آن لائن ادائیگی کر رہے ہوں۔

تمام 3D Secure رجسٹرڈ مرچنٹ ویب سائٹس پر "3D Secure" "Visa سے تصدیق شدہ" اور / یا "Mastercard سیکیور کوڈ" کا لوگو موجود ہوگا۔

5.3.2 جب بھی کارڈ ممبر اور / یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر HBL 3D Secure استعمال کریں گے تو ان کو HBL 3D Secure ویب پیج پر بھیج دیا جائے گا۔ تمام HBL کریڈٹ کارڈ ممبر خود کار طور پر اس سروس کے لئے رجسٹرڈ ہیں۔

5.3.3 ہر بار جب کارڈ ممبر اور / یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر 3D Secure ویب سائٹ کے ذریعے آن لائن ادائیگی کریں گے تو ان سے ایک بٹن پہ کِلک کرنے کو کہا جائے گا جس کے ذریعے کارڈ ممبر چھ (6) ہندسوں پر مشتمل OTP کی درخواست کریں گے۔ پھر OTP، کارڈ ممبر کی مرضی کے مطابق بذریعہ ایس ایم ایس یا ای میل بھیج دیا جائے گا۔ جو OTP بینک
5.3.3 کارڈ ممبر کو بھیجے گا، وہ ہر ٹرانزیکشن کے لیے الگ ہوگا اور 10 منٹس کے لئے مؤثر ہوگا۔

5.3.4 اگر کارڈ ممبر اور / یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کا OTP غلط ہے تو مرچنٹ کارڈ ممبر کی ٹرانزیکشن مسترد کر سکتا ہے، جس کے لیے کسی بھی صورت بینک ذمہ دار نہیں ہوگا۔

5.3.5 HBL 3D Secure سروس کے استعمال کے ذریعے کارڈ ممبر HBL کو اختیار دیتا ہے کہ وہ HBL 3D Secure سروس کے استعمال کے سلسلے میں کارڈ ممبر کی شناخت



کی تصدیق کر سکتا ہے، بشمول ٹرانزیکشنز کے مستند ہونے کی تصدیق کے، جو باقاعدہ وقفوں سے انجام دی جائے۔

5.3.6 کارڈ ممبر بذریعہ ہذا اس امر کو سمجھتا اور غیر مشروط طور پر اتفاق کرتا ہے کہ کارڈ کی ایکٹیویشن / رابطے کی معلومات میں اپ ڈیٹ / ایس ایم ایس الرٹس میں اپ ڈیٹس اور / یا ای اسٹیٹمنٹ اور HBL 3D Secure سروس کے استعمال کے قابل ہونے کے درمیان تاخیر ممکن ہے، جو کہ بینک کی دسترس سے باہر ہے، مزید یہ کہ وہ اس سلسلے میں بینک کو مکمل طور پر ہر نقصان سے مبرا اور بری الذمہ قرار دے گا۔

5.3.7 HBL 3D Secure سروس کو کامیابی سے استعمال کرنے کے لئے لازمی ہے کہ کارڈ ممبر بینک کو اپنے رابطے کی تازہ ترین معلومات فراہم کرے اور بینک کارڈ ممبر اور / یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کے موبائل فون یا اس کے ای میل ایڈریس تک رسائی کر سکتا ہو۔ براہِ مہربانی نوٹ فرمائیں کہ کوئی ایسا کارڈ ممبر جس نے اپنے رابطے کی تازہ ترین معلومات بینک کو فراہم نہیں کیں اور ایس ایم ایس الرٹس کے لیے انرول نہیں ہوا اور / یا اپنے کارڈ کے ای اسٹیٹمنٹ کے لیے انرول نہیں ہوا تو اسے HBL 3D Secure سروس استعمال کرنے کی اجازت نہیں دی جائے گی۔

5.3.8 بینک، کارڈ ممبر سے رابطے کی وہ معلومات استعمال کرے گا جو کارڈ ممبر نے اس سروس کے حصول کے لیے اپنی ابتدائی درخواست میں فراہم کی ہوں، جس میں وقتاً فوقتاً کارڈ ممبر نے تبدیلی کرائی ہو۔ سپلیمینٹری کارڈ ہولڈرز کے لیے رابطے کی وہ معلومات استعمال کرے گا جو کارڈ ممبر نے اس سروس کے حصول کے لیے اپنی ابتدائی درخواست میں فراہم کی ہوں، جس میں وقتاً فوقتاً کارڈ ممبر یا سپلی مینٹری کارڈ ہولڈر نے تبدیلی کرائی ہو۔ براہِ مہربانی نوٹ فرمائیں کہ ایس ایم ایس الرٹس یا کارڈ کے ای اسٹیٹمنٹ کے لیے انرولمنٹ سپلی مینٹری کارڈ ہولڈر کے لیے ضروری نہیں ہے۔

5.3.9 اگر کارڈ ممبر کی فراہم کردہ رابطے کی معلومات جھوٹی، غلط یا پُرانی یا نامکمل ہوئیں یا بینک کے پاس اس امر کی معقول وجہ ہو کہ وہ کارڈ ممبر کی فراہم کردہ معلومات کو جھوٹی، غلط، پُرانی یا نامکمل خیال کرے تو ایسی صورت میں بینک کے پاس یہ حق محفوظ ہے کہ وہ کارڈ ممبر کے لیے موجودہ یا آئندہ HBL 3D Secure سروس کا استعمال معطل، ختم یا مسترد کردے۔

5.3.10 اگر کارڈ ممبر اور / یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر اپنی شناخت سے متعلق مناسب معلومات فراہم کرنے میں ناکام رہتا ہے تو بینک شاید اسے HBL 3D Secure سروس فراہم کرنے سے قاصر ہو جائے اور بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ کارڈ ممبر اور / یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کو HBL 3D Secure سروس کے استعمال کی اجازت نہ دے۔ بذریعہ ہذا کارڈ ممبر اس امر کی ضمانت دیتا ہے کہ اس کی فراہم کردہ تمام معلومات درست ہیں اور وہ اس کارڈ کہ جس سے ٹرانزیکشنز کرتے ہیں، اس کے استعمال کے ذریعے HBL 3D Secure سروس استعمال کرنے کا قانونی حق رکھتے ہیں۔

5.3.11 اگر بینک کے داخلی ریکارڈز اور کارڈ اور اس سے متعلقہ اکاؤنٹ (اکاؤنٹس) اور ان پر کارڈ ممبر کی جانب سے HBL 3D Secure سروس کے استعمال کے دوران دی جانے والی معلومات کے درمیان کوئی اختلاف پایا گیا تو شواہد کی عدم دستیابی کی صورت میں بینک کے داخلی ریکارڈز میں درج معلومات کو درست مانا جائے گا۔

5.3.12 اگر کارڈ ممبر کو HBL 3D Secure سروس کی ٹرانزیکشن یا HBL 3D Secure سروس کے استعمال سے متعلق کسی قسم کے سوالات کرنے ہوں تو انہیں چاہیئے کہ HBL Contact Centre کی 24 گھنٹے کی سروس سے 111-111-425 پر رابطہ کریں۔

## 5.4 HBL 3D Secure کی بندش / معطلی

5.4.1 بینک HBL 3D Secure سروس کو، کسی بھی وقت، کسی بھی وجہ سے، 30 دن کی پیشگی تحریری اطلاع کی شرط کے ساتھ، ختم یا معطل کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے۔ اگر اس سروس کو ختم یا معطل کرنے کی باقاعدہ کارروائی کے باوجود کارڈ ممبر کو کوئی نقصان پہنچتا ہے تو بینک اس کا ذمہ دار نہیں ہوں گے۔

5.4.2 بینک HBL 3D Secure سروس فوری طور پر ختم یا معطل کر دے گا، اگر کارڈ ممبر اور / یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کی جانب سے فراہم کردہ کوئی معلومات غلط ہوں، تازہ ترین نہ ہوں یا نامکمل ہوں یا ہمارے پاس ان معلومات کے غلط ہونے کی معقول وجہ ہو۔ اگر بینک کسی قانونی تقاضے کی تکمیل کے لئے، یا کسی مختار ادارے یا حکومت کے حکم یا ہدایت پر، 30 دن سے کم میں یہ سروس ختم کرنے پہ مجبور ہو تو بینک ایسی بندش کی تحریری اطلاع کارڈ ممبر کو اس مذکورہ قانون، حکم یا ہدایت کے تحت دے گا۔

## 5.5 تیسرے فریقین سے معلومات کی شراکت

HBL 3D Secure کے ساتھ رجسٹر ہونے کے لیے ذاتی معلومات کی فراہمی درکار ہے۔ اور بینک ان معلومات کو اپنی عمومی شرائط وضوابط میں معلومات کے اشتراک کے ضمن میں درج شرائط وضوابط کے مطابق استعمال کرے گا، جو کارڈ ممبر کے کریڈٹ کارڈ کے ساتھ کارڈ ممبر کو پہلے ہی فراہم کی جا چکی ہیں خواہ آپ کارپوریٹ یا پرسنل بینکنگ کسٹمر ہوں۔

HBL 3D Secure سروس کے استعمال کے ذریعے کارڈ ممبر بینک کو اس امر کا مجاز کرتا ہے کہ وہ کارڈ ممبر اور متعلقہ کارڈز کی معلومات کو اپنے پاس رکھے۔ کارڈ ممبر بینک کو مزید اس امر کا اختیار بھی دیتا ہے کہ بینک تیسرے فریقین میں سے اپنے منتخب کردہ بشمول کنزیومر کریڈٹ بیوروز اور دیگر کنزیومر رپورٹنگ کمپنیوں سے کارڈ ممبر کے بارے میں معلومات حاصل کرسکتا ہے جو HBL 3D Secure سروس کے استعمال سے پہلے کارڈ ممبرز اور متعلقہ کارڈ ممبرز کی شناخت اور ان کی HBL 3D Secure سروس استعمال کی اہلیت اور مطابقت جانچنے کے لیے حاصل کرنا چاہے۔ کارڈ ممبر بینک کو یہ اختیار بھی دیتا ہے کہ وہ ان معلومات کو شرائط وضوابط کے تحت رکھ سکتا اور استعمال کرسکتا ہے۔ کارڈ ممبر اور / یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کی معلومات ایک منفرد شناخت کے ساتھ (کارڈ ممبر اور / یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کے نام اور کارڈ نمبر کے ساتھ) محفوظ ہوں گے۔



## 5.6 کسٹمر کی ذمہ داریاں

5.6.1 آپ حلف اٹھاتے ہیں کہ HBL 3D Secure کے استعمال، ویب سائٹ پر استعمال کے سلسلے میں تمام قابلِ اطلاق قوانین، آئینی قوانین، آرڈیننسز اور اصولوں کی پابندی کریں گے۔

5.6.2 آپ اعتراف اور اتفاق کرتے ہیں کہ آپ پر یہ ذمہ داریاں عائد ہوتی ہیں:

الف) اس امر کی تصدیق کرنا کہ تمام مرچنٹ آرڈر فارمز پر داخل کی گئی معلومات درست ہیں۔

ب) اس امر کی تصدیق کرنا کہ ہر خریداری کے لیے HBL 3D Secure ٹرانزیکشن اسکرین پر ظاہر ہونے والی تمام معلومات درست ہیں۔

ج) ایسی تمام ٹرانزیکشنز اور دیگر سرگرمیوں کی مکمل ذمہ داری قبول کرنا جو ظاہر ہوں، یا/ اور جن کے لیے آپ کا کریڈٹ کارڈ اور HBL 3D Secure OTP استعمال کیا گیا ہو؛

ہ) HBL 3D Secure کے لیے اپنے HBL 3D کے OTP کو خفیہ رکھنا اور اس کی حفاظت کرنا اور اس کو کسی تیسرے فریق کو منتقل یا فروخت نہ کرنا یا اس OTP تک کسی تیسرے فریق کی رسائی نہ ہونے دینا۔

ک) اگر HBL 3D Secure کے لیے جاری کردہ OTP یا کارڈ ممبر اور / یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کو جاری کردہ کارڈ کے لئے کارڈ ممبر کا OTP چوری / متنازعہ ہوگیا ہے تو اسے فوری طور پر HBL کو مطلع کرنا ہوگا؛

گ) تیسرے فریقین کی جانب سے تمام دعوی جات کے مقابلے میں بینک اور اس سروس کے فراہم کنندگان کا دفاع کرنا، اسے بری الذمہ اور بے ضرر قرار دینا۔

ل) کارڈ ممبرز کے اسٹیٹمنٹ آف چارجز سے پوری طرح واقف ہونا، جس کے تحت HBL 3D Secure سروس فراہم کی جائے گی بمعہ ان تمام چارجز کے جو اس پر وقتاً فوقتاً لاگو ہوں۔

## 5.7 ممنوعہ امور

بذریعہ ہذا کارڈ ممبرز اتفاق، اعتراف، معاہدہ، تصدیق کرتے اور حلف اٹھاتے ہیں کہ کسی بھی صورتحال میں ان امور میں سے کوئی بھی نہیں کریں گے:

الف) ایسا کوئی بھی مواد اپ لوڈ، پوسٹ، ای میل یا کسی دوسرے ذریعے سے ترسیل نہیں کریں گے جس میں کوئی سافٹ ویئر وائرس شامل ہو۔ یا ایسا کوئی بھی کمپیوٹر کوڈ، فائلیں، یا پروگرام جو کسی کمپیوٹر سافٹ ویئر یا HBL 3D Secure کے لیے استعمال کیے جانے والے ہارڈ ویئر یا ٹیلی کمیونی کیشنز کے عمل کو خراب کرنے یا اس میں دخل اندازی کے لیے بنایا گیا ہو۔

ب) کسی بھی HBL 3D Secure ویب سائٹ کو ای میلز فلڈ/spam کی صورت بھیجنا

ج) HBL 3D Secure ویب سائٹ یا سروس کے لیے استعمال کیے جانے والے سافٹ ویئر میں تبدیلی، ترمیم، ضمنی لائسنس لینا، منتقلی، فروخت، برعکس انجینئرنگ، توڑ پھوڑ یا اس کے کسی حصے کو الگ کرنا

د) HBL 3D Secure میں شامل کسی جملہ حقوق (کاپی رائٹ)، ٹریڈ مارک یا کسی دیگر ملکیتی حق کو مٹانا یا ہٹانا

ح) بینک سے پیشگی تحریری اجازت کے بغیر HBL 3D Secure ویب سائٹ یا سروس میں موجود معلومات کے کسی حصے کو کہیں اور استعمال کرنا یا ویب سائٹ کی مکمل نقل کر کے کسی اور استعمال میں لانا۔

ہ) کسی روبوٹ، اسپائیڈر، سائٹ سرچ/ری ٹریول ایپلی کیشن، یا کسی دیگر انسانی یا خودکار مشین یا طریقے سے HBL 3D Secure کو بازیاب کرنے، گڑبڑ کرنے یا کسی بھی طریقے سے اعداد و شمار میں تبدیلی یا HBL 3D Secure سروس، اس کی ویب سائٹ کے اسٹرکچر یا پریزینٹیشن یا مشتملات کے اعداد و شمار میں دخل اندازی کی کوشش کرنا

د) کسی اور طریقے سے HBL 3D Secure سروس یا اس کے سرور یا اس کے نیٹ ورک یا ویب سائٹ میں دخل اندازی، گڑبڑ کرنا یا ان شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کرنا یا HBL 3D Secure سے وابستہ کسی بھی نیٹ ورک کے قوانین، پالیسیوں یا اصولوں کی خلاف ورزی۔

ک) دانستہ یا نادانستہ طور پر ایسے کسی بھی قابل اطلاق قانون کی خلاف ورزی جو کسی مقامی، سرکاری، قومی، بین الاقوامی آئین، اصولوں، ضابطے کے رہنما اصولوں، یا قانونی یا عدالتی قوانین، یا سرکاری ترجمانی کا حامل ہو یا ایسے کسی بھی قانون کی خلاف ورزی جو HBL 3D Secure سروس کے استعمال کے سلسلے میں HBL کی جانب سے کسٹمر پر لاگو ہوتا ہو

گ) HBL 3D Secure یا اس کی ویب سائٹ کی یا اس کے کسی حصے کی باز فروخت، کسی دوسرے استعمال کنندہ کی معلومات کو اس کی تحریری اجازت کے بغیر استعمال کرنا، یا اعداد و شمار میں گڑبڑ کی کسی بھی سرگرمی میں شامل ہونا، یا HBL 3D Secure کے ذریعے کسی بھی قابلِ دسترس معلومات میں سے اپنے مطلب کی معلومات سے ناجائز فائدہ اٹھانا۔

ل) HBL 3D Secure کی سروس یا اس کی ویب سائٹ کو اس طریقے سے استعمال کرنا کہ

i) کسی تیسرے فریق کے جملہ حقوق (کاپی رائٹس)، پیٹنٹ، ٹریڈ مارک، تجارتی راز، یا دیگر ملکیتی حقوق یا شہرت یا ذاتیات کے حقوق میں دخل اندازی کرنا،

ii) دھوکا دہی یا جعلی یا مسروقہ سامان کی فروخت میں ملوث ہونا،

iii) کسی قانون، آئین، آرڈیننس، یا اصول کی خلاف ورزی کرنا (بشمول بغیر کسی حدود کے سرکاری درآمدی قوانین، صارفین کے حقوق، ناجائز مسابقت، غیر امتیازی قوانین، یا جھوٹے اشتہارات)؛

iv) جھوٹا، گمراہ کن یا غلط ہونا

v) بینک یا دیگر سروس فراہم کنندگان کے لیے ذمہ داری کھڑی کر دینا یا HBL کے لیے ہمارے کسی تیسرے فریق کی خدمات سے محرومی (مکمل نقصان یا اس کے کچھ حصے) کا باعث بننا،

vi) ہتک آمیز رویہ اختیار کرنا، غیر قانونی دھمکیاں دینا، یا غیر قانونی طور پر ہراساں کرنا اور

vii) عریاں، فحش مواد یا بچوں کی فحاشی پر مبنی مواد

م) بینک یا اس کے سروس فراہم کنندہ کے سرور پر موجود ڈیٹا، سافٹ ویئر، معلومات تک رسائی حاصل کرنا یا ایسی کوئی کوشش کرنا، یا اس کے علاوہ کوئی اور معلومات حاصل کرنے کی



کوشش کرنا جو اشاراتی زبان میں ہو، سیکیورٹی مراحل یا مشینوں کے ذریعے محفوظ کی گئی ہو، یا (ماسوائے کارڈ ممبر کی ذاتی معلومات کے) یا عام طور پر نہ بتائی جاتی ہو؛

ن) HBL 3D Secure سروس یا اس کی ویب سائٹ کو اس طریقے سے استعمال کرنا کہ اس سے دوسرے کسٹمرز کے HBL 3D Secure سروس اور ویب سائٹ مکمل طور پر استعمال کرنے کے عمل میں خلل پڑے؛ یا

و) HBL 3D Secure سروس استعمال کرتے ہوئے کسی دوسرے فرد کی شناخت اختیار کرنا۔

کارڈ ممبرز اعتراف کرتے ہیں کہ مختلف اشیا اور خدمات جو ریٹیلرز پیش کرتے ہیں ان میں سے کچھ آپ کے جغرافیائی علاقے میں ممنوع ہیں۔

**5.8 HBL کا بری الذمہ ہونا**

5.8.1 بینک HBL 3D Secure میں کسی ترمیم، معطلی اور بندش کی صورت میں کارڈ ممبر اور/یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر یا کسی بھی تیسرے فریق کو جواب دہ نہیں ہوں گے۔

5.8.2 بینک کارڈ ممبر کے کمپیوٹر یا ٹیلی فون سروس کو پہنچنے والے ایسے کسی بھی نقصان کے ذمہ دار نہیں ہوں گے جو ڈیلیٹ، حادثاتی طور پر یا خاص طور پر، بالواسطہ یا بلاواسطہ HBL 3D Secure کے استعمال کے نتیجے میں پیش آئے۔

5.8.3 بینک کسی بھی نقصان یا کمپیوٹر پروگرام کو متاثر کرنے والے وائرس کی صورت میں ہونے والے نقصان کی ذمہ دار قبول نہیں کرے گا، نہ ذمہ دار ٹھہرایا جائے گا، جو 3D Secure سروس ویب سائٹ تک رسائی یا اس کے استعمال یا اس سے ڈاؤن لوڈنگ کے نتیجے میں کارڈ ممبر کے کمپیوٹر یا کارڈ ممبر کی دسترس میں کسی ملکیت کو پہنچے۔

5.8.4 اگر کارڈ ممبر ان شرائط وضوابط یا کریڈٹ کارڈ کی شرائط وضوابط اور ان کی شقوں کے سلسلے میں لاپروائی یا دھوکا دہی کا مرتکب ہوتا ہے، یا ان شرائط وضوابط سے متصادم ہوتا ہے، تو ایسی صورت میں کارڈ ممبر ایسے تمام دعویٰ جات، خسارہ جات اور نتائج کا ذمہ دار ہوگا جو HBL 3D Secure سروس کے استعمال کے سلسلے میں کارڈ ممبر کو درپیش ہوں۔

**5.9 ریٹیلر کے ساتھ کارڈ ممبر کا تنازعہ**

5.9.1 کسی ریٹیلر کے ساتھ کارڈ ممبر کی بات چیت، کوئی کاروباری ڈیل، کسی پروموشن میں کارڈ ممبر کی شرکت، آن لائن ریٹیل، یا HBL 3D Secure کے تحت دیگر ریٹیلرز، بمعہ متعلقہ اشیا یا خدمات کی ادائیگی اور وصولی، اور کوئی دیگر شرائط وضوابط، ایسی ڈیلنگ سے متعلق ضمانتیں اور نمائندگیاں، کلی طور پر صرف کارڈ ممبر اور ایسے ریٹیلر کے درمیان ہوں گی اور بینک ایسی ڈیلنگز کے نتیجے میں سامنے آنے والے کسی نقصان کا ذمہ دار یا جواب دہ نہیں ہوگا۔

5.9.2 کارڈ ممبر اور/یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کو HBL 3D Secure فراہم کر کے بینک کسی مرچنٹ کی نمائندگی نہیں کر رہا نہ ہی کسی خاص ریٹیلر کی سفارش کر رہا ہے نہ ہی بینک ان کی شناخت کی تصدیق کرتا ہے۔ اس سلسلے میں بینک کسی بھی نمائندگیوں/ضمانتوں سے انکار کرتا ہے۔

5.9.3 کارڈ ممبر بذریعہ ہذا واضح طور پر سمجھتا ہے اور اتفاق کرتا ہے کہ HBL 3D Secure

سروس کے استعمال کے ذریعے کسی بھی سافٹ وئیر کی ڈاؤن لوڈنگ اور اس کا استعمال کارڈ ممبر کی اپنی ذمہ داری اور رسک پر ہوگا۔ ماسوائے اس کے کہ شرائط وضوابط میں وقتاً فوقتاً کسی تبدیلی سے اس کے برعکس کوئی صورت حال پیش آئے۔

HBL 3D Secure سروس کے استعمال کے دوران کارڈ ممبر کے کمپیوٹر سسٹم میں کسی خرابی یا اس سروس کے سافٹ وئیر یا دیگر مواد کے استعمال کے دوران کمپیوٹر ڈیٹا کے نقصان کی مکمل ذمہ داری کارڈ ممبر کی ہوگی۔

5.9.4 ماسوائے اس کے کہ کسی لاگو ہونے والے سرکاری قانون کا تقاضا ہو، بینک HBL 3D Secure سروس کے سلسلے میں کسی قسم کی نمائندگی یا ضمانتیں نہیں دیتا، نہ تو ظاہری نہ ہی پوشیدہ طور پر، بشمول کسی خاص مقصد کے لیے کسی مرچنٹ کی اہلیت کی ضمانت وغیرہ۔ قابلِ اطلاق قانون پوشیدہ ضمانتوں سے مبرا ہونے کی اجازت شاید نہیں دیتا اس لیے مذکورہ بالا خارج کردہ اصولوں کا اطلاق آپ پر نہیں ہوگا۔

### 5.10۔ شرائط وضوابط میں ترامیم

5.10.1 بینک وقتاً فوقتاً ان شرائط وضوابط میں ترمیم کرنے کا حق محفوظ رکھتا ہے جو بھی صورتحال ہو۔ ایسی کسی ترمیم کی صورت میں بینک اپنی HBL 3D Secure ویب سائٹ پر تازہ ترین شرائط وضوابط اپ لوڈ کردیں گے۔ اور وہاں سے اگر کارڈ ممبر HBL 3D Secure سروس کا استعمال جاری رکھیں گے تو اسے کارڈ ممبر اور/یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر کی جانب سے ان شرائط وضوابط میں ترمیم کی منظوری تصور کیا جائے گا۔

5.10.2 جیسے ہی ان ترامیم پر عمل درآمد شروع ہوتا ہے بینک کارڈ ممبر کو ایسی کسی تبدیلی کی اطلاع دینے کی کوشش کرے گا۔ اگر بینک ایسی کوئی تبدیلی لاتا ہے جو کارڈ ممبر کے لیے نقصان کا باعث ہو تو بینک کم از کم 30 دن کا نوٹس دے گا۔ ایسی کسی بھی تبدیلی کا نوٹس ہم آپ کو کئی مختلف ذرائع سے دے سکتے ہیں جن میں نئی شرائط وضوابط کا ویب سائٹ (جیسا کہ www.hbl.com) پہ اپ لوڈ کرنا، کارڈ ممبر کو ایس ایم ایس بھیجنا یا رابطے کے دیگر الیکٹرانک ذرائع کا استعمال شامل ہوسکتا ہے، جن ذرائع کو بھی بینک موزوں خیال کرے۔

### 5.11 HBL 3D Secure ویب سائٹ کے عقلی ملکیتی حقوق

5.11.1 HBL 3D Secure اور یہ ویب سائٹ، اس کے مالکانہ حقوق عقلی ملکیتی حقوق بینک کی ملکیت ہیں اور/یا اس کے سروس پروائڈرز کی ملکیت ہیں۔ عقلی ملکیت کا مطلب ایجادات، معلومات، پیٹنٹس، پیٹنٹ حقوق، اور اس کی رجسٹریشن اور اپلی کیشن، تجدید اور اضافہ جات، ان پر کاپی رائٹ، کاپی رائٹ سے متعلقہ امور، تصنیف (بشمول مگر اس تک محدود نہیں، کمپیوٹر کوڈ، تھیمز، اشیا، کانسیپٹس، آرٹ ورک، اینی میشن، ساؤنڈز، آڈیو ویژول ایفیکٹس، آپریشن کا طریقہ اور اس سے متعلقہ کوئی دستاویز) ان پر کاپی رائٹ، رجسٹریشن، اپلی کیشنز، اضافہ جات، ٹریڈ مارکس، سروس مارکس، ٹریڈ نیم، ٹریڈ مارک رجسٹریشنز اور ان کی تجدید اور ان میں اضافہ جات، رائٹس ان ٹریڈ ڈریس، آغاز کرنے والے کے حقوق، انتساب، سالمیت اور دیگر ایسے ہی دیگر "اخلاقی" حقوق جو ان کی گنجائش میں آتے ہوں، تجارتی راز اور دیگر عقلی ملکیت اور مالکانہ حقوق جو پاکستان کے قوانین اور قابلِ اطلاق بین الاقوامی قوانین، عہد نامہ جات اور معاہدات کے تحت لاگو ہوتے ہوں۔



5.11.2 HBL 3D Secure سروس، بینک کی ویب سائٹ اور HBL 3D Secure کی ویب سائٹ کاپی رائٹ اور پاکستان اور دیگر ممالک کے قوانین کے تحت محفوظ ہیں۔ بینک اور/یا اس کے سپلائرز کو HBL 3D Secure اور اس کی ویب سائٹ اور اس کے تمام مشتملات، معلومات، ویب سائٹس، سافٹ وئیرز اور اس سے متعلق دیگر مواد کے تمام رائٹس، ٹائٹل اور دلچسپی کے حقوق حاصل ہیں۔ ماسوائے ان مشتملات کے جو ریٹیلرز یا تیسرے فریق کی جانب سے بنائی گئی ہوں اور ان کی ملکیت ہوں۔

5.11.3 کارڈ ممبر اور/یا سپلیمنٹری کارڈ ممبر اتفاق کرتا ہے کہ کسی صورت میں، کسی بھی وجہ سے اور کسی بھی مقصد سے ایسا کوئی عمل نہیں کریں گے جو HBL 3D Secure یا اس سے متعلقہ ویب سائٹ کے ملکیتی حقوق میں دخل اندازی شمار ہو، یا ایسا عمل نہیں کریں گے جس سے دخل اندازی ظاہر ہو، جب تک کہ ایسی ہر کسی صورتحال میں ملکیتی حقوق کے مالک سے اس امر کی پیشگی تحریری اجازت نہ حاصل کرلے۔

### 5.12 ہرجانہ

ان شرائط وضوابط کو قبول کرنے کے ذریعے کارڈ ممبر اس امر سے اتفاق کرتا ہے کہ کسی تیسرے فریق کی جانب سے کیے جانے والے کسی اور تمام دعویٰ جات، نقصانات، ذمہ داریوں، مصارف اور اخراجات کے لیے کارڈ ممبر بینک اور اس کے سروس پرووائیڈرز کا دفاع کرے گا، ان کو ہرجانہ ادا کرے گا اور بری الذمہ قرار دے گا۔ بشمول معقول قانونی فیس اور اخراجات، جو آپ کی جانب سے ان شرائط وضوابط کی خلاف ورزی کے نتیجے میں سامنے آئیں یا آپ کے اختیار/دسترس میں HBL 3D Secure کے استعمال کے نتیجے میں درپیش ہوں۔ بینک یہ حق محفوظ رکھتا ہے کہ وہ اپنے مصارف پر کسی بھی معاملے کے خصوصی دفاع کے معاملات سنبھالے جو بصورت دیگر کارڈ ممبر کی جانب سے ہرجانے کی ادائیگی کا باعث ہوں۔ ایسی صورت میں کارڈ ممبر بینک سے کسی دستیاب دفاع کے دعوی میں تعاون کریں گے۔ کارڈ ممبر بینک کی پیشگی تحریری اجازت کے بغیر کوئی بھی عمل یا دعویٰ اپنے طور پر طے نہیں کرسکتا۔

### 5.13 قابلِ اطلاق قانون

یہ HBL 3D Secure شرائط وضوابط پاکستان کے قابلِ اطلاق قوانین پر منحصر ہیں۔ اور تمام تنازعات میں قانونی عدالتوں سے رجوع کیا جائے گا۔ (جس کا بھی اطلاق ہوتا ہو)

### 5.14 عمر اور ذمہ داری

کارڈ ممبر تسلیم کرتا ہے کہ وہ ایسی معقول عمر کا ہے کہ HBL 3D Secure سروس کو مکمل ذمہ داری سے استعمال کرسکے اور ایسی کسی بھی قانونی ذمہ داری کا بار اٹھا سکتا ہے جو HBL 3D Secure سروس کے استعمال کے دوران یا اس کے نتیجے میں پیش آئیں۔ ماسوائے اس کے کہ قابلِ اطلاق قوانین یا شرائط وضوابط میں اس کے برعکس کوئی صورتحال درپیش ہو، کارڈ ممبر سمجھتا ہے کہ HBL 3D Secure کے استعمال اور کارڈ ممبر کے پاس ورڈ یا دیگر تصدیقی معلومات کے تحت کیے جانے والے تمام مجاز استعمال کی مالی ذمہ داری کارڈ ممبر کی ہے۔